**باب۔ ما یقول عند الخلاء:** جب ہر حال پر تسمیہ مطلوب ہوا تو حال تخلی میں بھی تسمیہ مطلوب ہونا چاہیے تو قدرتاً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ما تسمیۃ الخلاء بخاریؒ اسی کا جواب دینا چاہتے ہیں کہ عند الخلاء بھی تسمیہ مشروع ہے مگر بمناسبت مقام اُس کے کلمات یہ ہیں اللّٰھم انی اعوذبك من الخبث والخبائث ترجمہ میں عند الخلاء کے معنی عند دخول الخلاء یا بقرب محل الخلاء کے ہیں فی حال خروج الثقل کے نہیں چنانچہ مؤلف نے بروایت سعید ابن زید اذا اراد ان یدخل الخلاء کی تصریح اسی مقصد کی خاطر نقل فرمائی ہے۔

**باب وضع الماء عند الخلاء:** ای بقرب محل الخلاء او وضع الماء عندہ عند ارادۃ التخلی بہرحال مقصد یہ ہے کہ محل تخلی میں یا اس کے قریب پانی رکھنے کا مضائقہ نہیں اس سے پانی نہ گندہ ہوتا ہے اور نہ مکروہ واللہ اعلم۔

**باب لا یستقبل القبلۃ بغائط او بول الا عند البناء جدار او نحوہ:** ترجمہ کا مقصد صحرا اور بنیان کا فرق نکال کر عند التخلی استقبال و استدبار کے جواز و عدم جواز کا فیصلہ کرنا ہے کہ صحرا اور کھلے مقامات میں عند التخلی استقبال قبلہ و استدبار قبلہ ہر دو ممنوع اور بنیان و حیلولۃ جدار وغیرہ کی صورت میں نہ استقبال ممنوع ہے نہ استدبار۔ ابوایوب انصاری کی روایت میں جو اطلاق وعموم پایا جاتا ہے وہ عند البخاری مقید بالصحرا ہے ابنیہ کا حکم اس سے خارج ہے۔ لہٰذا حدیث ابوایوب میں حکم استثنائی کی تلاش بخاری کے مذاق سے غلط ہے مگر ناظرین بخاری ہی کو الزام دے رہے ہیں کہ ترجمہ مقید ہے اور حدیث مطلق کہیں بھی مطلق سے مقید کا ثبوت ہوا ہے جو یہاں اس منطق کو صحیح مانا جائے لیکن یہ تمام خرابیاں مؤلفؒ کے مذاق کلام اور طرز استدلال سے ناواقفیت کی بناء پر پیدا ہوتی ہیں کاش تراجم کتاب کا غائر نظر سے مطالعہ کرنے کے بعد اس قسم کے اعتراضات کرتے تو شاید درخور اعتناء سمجھے جاتے۔ خیر بلحاظ مذاق مصنف اعتراض کی گنجائش تو نہیں رہی مگر یہ امر بجائے خود تحقیق طلب رہا کہ تخصیص فی الترجمہ کی بنیاد کیا چیز ہے اس کے متعلق مختلف خیالات

مذکور ہوئے ہیں۔ لفظ غائط کی لغوی تشریح یعنی کھلے میدان میں گہری جگہ یعنی زمین کا وہ حصہ کہ جو ادھر اُدھر سے اونچا ہو اور بیچ میں گہرا اور رکھتا ہو اس کو اہل زبان غائط کہتے ہیں حدیث میں بقرینہ لغت اسی معنی کو ترجیح ہے اور کیونکہ یہ اس لفظ کی حقیقت لغوی ہے لہذا خروج عن الاصل کی ضرورت نہیں۔

(۲) حدیث میں جہات اربعہ کا ذکر اس امر کا قرینہ ہے کہ اس کا تعلق صحاری اور کھلے مقامات سے ہے ابنیہ سے نہیں کیونکہ ابنیہ میں بیٹھنے والے کو جہات اربعہ کی آزادی حاصل نہیں ہوتی جیسا کہ مشاہدہ ہے، برخلاف صحاری اور میدانوں کے کہ اس میں چاروں سمتیں کھلی ہوتی ہیں شرقاً غرباً بیٹھنا چاہے یا جنوباً شمالاً ہر طرح بیٹھنے کا امکان موجود ہوتا ہے۔ پس اس حکم کے مخاطبین صرف قاضی حاجت فی الصحاری ہوئے نہ کہ قاضی حاجت فی البنیان یا دونوں فریق۔

(۳) اس حکم کے مخاطب اول باشندگان حجاز ہیں جو جنگلوں ہی میں قضاء حاجت کے عادی تھے حتیٰ کہ عورتیں بھی اس ضرورت سے جنگل جایا کرتی تھیں۔ مکان کے اندر یا اُس کے قریب بیت الخلاء بنانے کو سخت معیوب سمجھتے تھے ایسی حالت میں لاتستقبلوا القبلۃ وتستدبروھا کا مطلب یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ کُنُف میں قضاء حاجت کے وقت استقبال اور استدبار قبلہ سے احتراز کیا جائے اس وقت کنف کا معاملہ تو اُن کے تصور میں بھی نہ ہوگا۔

(۴) ابن عمر والی روایت نے اس امر کا فیصلہ کر دیا کہ بنیان کا حکم صحرا کے حکم سے مختلف ہے ہمارے حضرت استاذ شاہ صاحبؒ نے اسی کو اختیار فرمایا ہے بات بے تکلف ہے اور محدثانہ مذاق کے لحاظ سے قریب تر بھی ہے حضرات شوافع نے در بارہ تفرقہ صحرا و بنیان اسی کو اصل قرار دیا ہے مگر بخاری اس روایت کو اس مقصد کے لیے استعمال نہیں کرتے اس باب میں تو اس روایت کا تذکرہ بھی نہیں فرمایا۔ اور جہاں تذکرہ فرمایا ہے وہاں ترجمہ دوسرا رکھ دیا۔ جیسا کہ آئندہ معلوم ہوگا۔ واللہ اعلم۔

**باب من تبرز علی لبنتین** : قدمچہ پر بیٹھ کر قضاء حاجت کا جواز بتاتے ہیں کیونکہ یہ طرز معہود عرب کے خلاف تھا وہ تو قضاء حاجت کے لیے نشیب تلاش کرکے بیٹھا کرتے تھے اس میں تستر

کی رعایت بھی زیادہ پائی جاتی ہے قدمچہ اور فراز میں تستر بھی اس درجہ نہ ہوگا اور خلاف معمول ہونا تو ظاہر ہی ہے لہذا تفتیش کی ضرورت محسوس ہوئی بخاری نے ابن عمر کی روایت سے مکان کے اندر قدمچوں پر قضاء کا پتہ لگا دیا جزاہ اللہ خیرا۔

**باب خروج النساء الی البراز**: یعنی قضاء حاجت کی ضرورت سے عورتوں کا جنگل جانا جبکہ گھروں میں اس کا کوئی انتظام نہ ہو جائز ہے۔ عہد نبوی میں عورتیں اس ضرورت سے جنگل جایا کرتی تھیں حتیٰ کہ ازواج مطہرات بھی۔ حضرت عمر نے چاہا کہ ازواج کا نکلنا بند ہو جائے روکنے کا ایک حیلہ بھی نکالا مگر وحی نے اُن کو معذور رکھتے ہوئے خروج الی البراز کی اجازت قائم رکھی ۱۲

**باب التبرز فی البیوت**: یعنی مکانوں میں قضاء حاجت کے لیے کنف بنانا جائز اور درست ہے اگرچہ گندگی کے باعث کنف میں شیاطین کا اجتماع رہیگا مگر اس میں بعض فوائد بھی ہیں اور "الضرورات تبیح المحظورات" کی بنا پر یہ انتظام اپنی جگہ پر موزوں اور مناسب ہوگا۔ کنیف میں قاذورات کے ہونے سے ملائکہ کے دخول فی البیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور نہ کنیف میں شیاطین کی موجودگی بقیہ حصصِ بیت میں جبکہ وہ نجاسات سے پاک و صاف ہوں کوئی نقصان پیدا کر سکتی ہے۔ مکان میں کنیف ایک مستقل مکان کی حیثیت رکھتا ہے۔

**باب الاستنجاء بالماء**: استنجاء بالماء کے متعلق سلف میں کسی کسی سے کراہت بھی منقول ہوئی ہے کسی نے اس کو تقذر کا طریق قرار دیا ہے کسی نے بعلت مطعومیت استنجاء بالماء کو ناجائز فرمایا کسی نے سرے سے اس کے ثبوت ہی کا انکار کر دیا۔ بخاری نے حضرت انس کے بیان سے اس کا ثبوت پیش فرما دیا کہ استنجاء بالماء پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت ہے لہذا اس کو غیر ثابت سمجھنا یا مکروہ کہنا لاعلمی پر مبنی ہے یا اس واضح ثبوت کے بعد قطعاً غلط اور باطل ہے واللہ اعلم۔ اصیلی نے اس استدلال کو مخدوش قرار دیتے ہوئے بخاری پر اعتراض جڑ دیا۔ فرماتے ہیں یعنی یستنجی بہ ابوالولید کا قول ہے جو شعبہ سے راوی ہیں اگر حضرت انس کا قول ہوتا تو استدلال صحیح مانا جاتا مگر شاید اصیلی نے محمد بن بشار کے طریق پر جو باب حمل العنزہ مع الماء فی الاستنجاء میں خود بخاری نے نکالا ہے نظر نہیں فرمائی اس میں "فاحمل انا وغلام اداوۃ من ماء وعنزۃ یستنجی بالماء" کی تصریح حضرت انس کے بیان سے ثابت ہی ۱۲

**باب من حمل معہ الماء لطھورہ:** بخاری متعلقات استنجاء میں استخدام کا جواز بتانا چاہتے ہیں اس موقعہ پر طھور سے محل استنجاء کا طھور مراد ہے طھور وضوء کا مسئلہ آئندہ آنے والا ہے ابو درداء کے اثر سے معلوم ہوا کہ اس قسم کی مختلف خدمات صحابہ سے متعلق تھیں۔

**باب حمل العنزۃ مع الماء فی الاستنجاء:** ترجمہ کا ظاہر یہ ہے کہ ماء اور عنزہ دونوں کا استنجاء سے تعلق ہے۔ ماء فی الاستنجاء کا تعلق تو کھلا ہوا ہے رہا عنزہ کا تعلق بالاستنجاء تو وہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ حمل عنزہ زمین کریدکر ڈھیلا نکالنے کی غرض سے ہو اس تقدیر پر ترجمہ کا مقصد استنجاء میں جمع بین الماء والحجارہ کا عمل بتانا ہے جس کو عام طور پر فقہاء نے مستحسن قرار دیا ہے۔ واللہ اعلم۔

**باب النہی عن الاستنجاء بالیمین:** استنجاء بالیمین کی کراہت متفق علیہ ہے اصحاب ظواہر حرمت کے قائل ہوئے ہیں لایتمسح بیمینہ سے ترجمہ ثابت ہے

**باب لا یمسک ذکرہ بیمینہ اذا بال:** اس باب میں باب سابق پر ترقی ہے کہ استنجاء بالیمین تو درکنار حالت بول میں عضو کو سیدھا رکھنے کی غرض سے بھی امساک الذکر بالیمین کی اجازت نہیں۔ روایت میں فلا یاخذن ذکرہ بیمینہ سے ترجمہ کا تعلق ہے اخذ اور مسک متقارب المعنی ہیں مسلم میں بروایۃ ہمام عن یحیی ابن ابی کثیر لا یمسک کا لفظ بھی منقول ہوا ہے اذا بال کی قید لگاکر اس پر تنبیہ فرمادی کہ بول اور غیر بول کی حالت میں احکام کا فرق ہے۔

**باب الاستنجاء بالحجارۃ:** قال الحافظ اراد بھذہ الترجمۃ الرد علی من زعم ان الاستنجاء مختص بالماء والدلالۃ علی ذالک من قولہ استنفض فان معناھا استنجی قال فی القاموس استنفضہ استخرجہ وبالحجر استنجی ۱۲

**باب الوضوء مرۃ مرۃ ومرتین مرتین وثلاثا ثلاثا:** یہ وہی مضمون ہے جس کو مؤلف ابتداء کتاب الوضوء میں بطور خلاصہ بلا سند ذکر فرماچکے ہیں یہاں سند کے ساتھ اس کو مفصل پیش فرماتے ہیں۔ ۱۲

**باب الاستنثار فی الوضوء:** نثرہ کہتے ہیں پرہ بینی کو والاستنثار تحریک النثرۃ لاخراج

مافيها من الماء یہ فرع ہے استنشاق کی یعنی اول ناک میں پانی چڑھایا جاتا ہے اُس کے بعد ناک جھاڑ کر اس پانی کو نکالا جاتا ہے مقصد استنشاق کا مسئلہ ہے یعنی غسل وجہ کے ساتھ استنشاق بھی ضروری ہے تاکہ ظاہر وجہ کے ساتھ متعلقات وجہ کے بواطن کا بھی تصفیہ ہو جائے بلکہ تصفیہ باطن کا اہتمام تصفیہ ظاہر سے مقدم ہونا چاہیے۔ ہم نے ترتیب ابواب کے متعلق ایک مستقل کتاب لکھی ہے جس کا نام القول الفصیح ہے اس میں اس سلسلہ کے بہت سے لطائف جمع کر دیے ہیں کتاب شائع ہو چکی ہے شائقین اس سے فائدہ اُٹھائیں۔ اس کتاب کا موضوع تراجم ابواب کی ضروری تشریح اور حدیث اور ترجمہ کی موافقت کا اظہار ہے اس کے علاوہ جو کچھ ہوگا وہ استطرادی اور ضمنی ہوگا خوب سمجھ لیں۔

**باب الاستجمار وترا:** یعنی ڈھیلوں سے استنجا کرتے وقت وتریت کا لحاظ رہنا چاہیے بخاری نے اس باب کو یہاں رکھ کر تنبیہ فرما دی کہ اس حدیث میں استجمار کے معنے استنجار بالحجارہ کے ہیں رمی جمرات یا کفن کے دھونی دینے کے مسئلہ سے اس کا تعلق نہیں واللہ اعلم

**باب غسل الرجلين:** یعنی وظیفۂ رِجل غسل ہے مسح نہیں۔ دیکھیے موجبین مسح کے نزدیک صحت مسح کے لیے استیعاب رِجل کی شرط نہیں، اس لحاظ سے ایڑیوں پر پانی نہ لگنا کوئی قابل اعتراض امر نہ تھا مگر ایسے لوگوں کو جن کی ایڑیاں اتفاقی طور پر خشک رہ گئیں تھیں ویل للاعقاب من النار کی وعید سنائی گئی اور اسباغ وضو کا حکم ہوا۔ فجعلنا نتوضأ و نمسح على ارجلنا کا تبادر یہی ہے کہ پیروں پر مسح کیا تھا جس کو ناکافی قرار دیتے ہوئے تہدید فرمائی اور تکمیل وضو یعنی غسل رِجل کا حکم ہوا۔ دوسری روایات کی بنا پر یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ "مسح" کے معنے نغسلها غسلا خفيفا مبقعا کے ہیں۔ غرض بہر تقدیر یہ ثابت ہو گیا کہ رِجل اعضاءِ مغسولہ سے ہے عضو ممسوح نہیں۔ واللہ اعلم۔

**باب المضمضة في الوضوء:** یعنی مضمضہ بھی وضو میں مطلوب ہے جس طرح کہ استنشاق مطلوب ہے مگر دونوں علیحدہ علیحدہ مطلوب ہیں یعنی ان الفصل احب من الوصل بينهما بغرفة۔ حُمران کے بیان میں جو مضمض واستنشق واستنثر بکلمۂ واؤ مذکور ہے اس کا مقصد صرف اس قدر ہے کہ وضو میں یہ سب عمل ہوئے یہ نہیں کہ مضمضہ اور استنشاق کو ایک غرفہ میں جمع کیا گیا۔ واللہ اعلم

**باب غسل الاعقاب**: "وكان ابن سيرين يغسل موضع الخاتم اذا توضاء" باب کا مقصد یہ ہے کہ غسل میں ادائے فرض کے لیے عضوِ مغسول کا استیعاب ضروری اور لازمی ہے حتیٰ کہ اگر عضوِ مغسول کا کوئی معمولی حصہ بھی غسل سے باقی رہ گیا ہو تو اس کا بھی غسل ہی کرنا ہوگا، تر ہاتھ پھیرنے سے کام نہ چلیگا۔ اسی بنا پر محمد ابن سیرین انگوٹھی اتار کر اس کے محل کا غسل فرمایا کرتے تھے مبادا انگوٹھی کی موجودگی میں محل خاتم خشک رہ جائے یا تری پہنچے مگر مسح کے درجہ کی ہو غسل کے درجہ کی نہ ہو جس سے وظیفہ غسل ناتمام رہے ترجمہ میں اعقاب کا ذکر اتباع واقعہ کے طور پر ہے نہ قید حکم کے طور پر ۱۲

**باب غسل الرجلين فى النعلين ولا يمسح على النعلين**: یعنی بغیر موزہ کے پیر جوتے میں ہو تب بھی اس کا غسل ہی کیا جائیگا یہ نہ کرینگے کہ نعل کو خف کی حیثیت دے کر اس پر مسح کرلیں اور نمٹ جائیں۔ غرض رجل نعل میں ہو یا نعل سے باہر ہو ہر دو حالت میں اس کا وظیفہ غسل ہی رہیگا، ہاں پیر پر موزہ چڑھا ہوا ہو تو پھر اُس کا مسح بھی ہو سکتا ہے۔ روایت میں "يتوضأ فيها" کا لفظ اس طرف مشیر ہے کہ نعلین میں پیر کا غسل ہوتا تھا مسح نہ تھا "توضئ" کا تبادر غسل ہی مسح نہیں۔ "فيهما" بھی اسی کا قرینہ ہے مسح ہوتا "فيها" کے بجائے "عليها" فرماتے۔ علامہ سندھی فرماتے ہیں المتبادر منه انه يتوضأ الوضوء المعتاد فى حال لبسها ولو كان الوضوء فى حال لبسها لا على الوجه المعتاد لذكر۔ والله اعلم۔ ؎ فى النعلين ظرف مستقر اى حال كونهما فى النعلين

**باب التيمن فى الوضوء والغسل**: التيمن ههنا البداية باليمين دون تعاطى الشئ باليمين او التبرك او قصد اليمين۔ یہاں تو وضوء کا تیمن بیان کرنا ہے غسل کا تیمن کتاب الغسل سے متعلق ہے مگر احادیث سے اثبات مقصد میں تنگی دیکھتے ہوئے مؤلف نے اس ضرورت کو محسوس کیا کہ ترجمہ کے دامن میں قدرے وسعت کردی جائے جس سے اثبات مقصد کا راستہ صاف کھل جائے اور مطلب تک پہنچنے میں دشواری حائل نہ ہو لہذا وضوء کے ساتھ ترجمہ میں لفظ غسل کا اضافہ کیا گیا کیونکہ تیامن کا مسئلہ دونوں جگہ یکساں حالت میں ہے اور درباره غسل یمین سے آغاز کرنے کا امر ابدأن بميامنها میں موجود ہے۔ لہذا بتقاضائے یکسانیت جبکہ غسل میں تیامن کا استحباب ثابت

ہوا تو وضو میں بھی ثابت اور مسلم ہوا وہو المدعیٰ رہی یہ بات کہ حدیث میں تو غسل میت کا ذکر ہے اور یہاں بحث ہے احیاء کے غسل و وضوء کی۔ ہوسکتا ہے کہ اس باب میں موت وحیوٰۃ کے احکام مختلف ہوں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ غسل میت فرع ہے غسل حی کی والفرع لا یزید علیٰ اصلہ لہٰذا تیامن کا استحباب اول غسل حی میں ماننا پڑیگا پھر وہاں سے غسل میت میں اس کا اجراء ہوگا میں کہتا ہوں ابتداء بالیمین میں یمین کی شرافت کا لحاظ رکھا گیا ہے اور ظاہر ہے کہ میت کے مقابلہ میں حی احق بالتشریف ہے پس اگر غسل میت میں تیامن مستحب ہے تو غسل حی میں بدرجہ اولیٰ مستحب ہوگا۔ اُم عطیہ کی روایت میں ابدأن بمیامنھا و مواضع الوضوء منھا دو جملے مذکور ہیں جس میں دو بدائتیں مطلوب ہیں۔ بدایۃ بمیامن المیت بدایۃ بمواضع وضوء، دونوں بدایتوں پر عمل کی صورت یہ ہوگی کہ غسل کی ابتداء مواضع وضوء کے غسل سے اس طرح کی جائے کہ اول میت کا داہنا ہاتھ دھویا جائے پھر علی الترتیب وضو کراتے ہوئے جب غسل رجل کی نوبت آئے تو پہلے داہنا پیر دھویا جائے پھر بایاں پیر بقیہ جسد کے غسل میں بھی یہی تقدیم و تاخیر ملحوظ رہے پس معلوم ہوا کہ غسل کا آغاز وضوء سے ہوگا اور وضوء میں تیامن کا طریق برتا جائیگا اور جب وضوء غسل میں بھی تیامن کی اس درجہ رعایت رکھی گئی تو وضوء صلوٰۃ میں جو کہ دربارہ وضوء اصل اصول ہے تیامن کی رعایت بدرجہ اولیٰ مطلوب ہوگی۔ دوسری روایت میں طھورہ کا لفظ طہور وضوء اور طہور غسل دونوں سے عام ہے۔ بظاہر یہ روایت تیمن فی الوضوء کی اثبات کے لیے کافی نظر آتی ہے شاید لفظ تیمن کے اشتراک کے باعث مؤلف رح نے اس مختصر راستہ کو چھوڑ کر طویل مسافت کو اختیار فرمایا ہو اور غالباً قطع احتمالات ہی کی غرض سے اول ابدأن بمیامنھا کا تکرار ام عطیہ کی روایت سے نقل فرمایا ہے واللہ اعلم بحقیقۃ الحال۔

**باب التماس الوضوء اذا حانت الصلوٰۃ**: یعنی قبل از وقت پانی کی تلاش ضروری نہیں اس بناء پر اگر کوئی شخص پہلے سے مطمئن بیٹھا ہے اور وقت ہونے پر پانی کی تلاش میں کامیاب نہ ہو سکے اور تیمم سے نماز پڑھنی پڑے تو اس کا کوئی قصور نہیں کیونکہ قبل از وقت جب وضوء ہی ضروری نہیں تو اس کے لیے پانی کی تلاش کس طرح ضروری ہوسکتی ہے۔ صحابہ نے بارگاہ نبوی میں مضطربانہ پانی نہ ہونے

کی شکایت کی تو آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ تم نے پہلے سے اس کا انتظام کیوں نہیں کیا تھا کہ وقت پر دشواری نہ ہوتی بلکہ بطریق اعجاز ان کے لیے پانی مہیا فرما دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ وقت ہونے پر پانی حاصل کرنے کی ہر ممکن سعی لازم ہوگی بعض اوقات ایسی جگہ سے پانی مل جاتا ہے جہاں پہلے سے پانی ملنے کا کوئی گمان نہیں ہوتا لیکن قبل دخول الوقت وہ تلاش کا مکلف نہیں سہولت کار کے لیے پہلے سے انتظام رکھنا یقیناً محمود ہے مگر لازم نہیں۔

**باب الماء الذی یغسل بہ شعر الانسان** : جس پانی میں انسان کے بال دُھلے ہوں اس کا کیا حکم ہے، کیا وہ ناپاک ہو جاتا ہے یا اُس کی طہارت قائم رہتی ہے اس کا فیصلہ شعر انسانی کے بعد الانفصال طہارت اور نجاست کے فیصلہ سے ہوگا۔ حضرت امام شافعیؒ اور بعض دیگر حضرات انسانی بالوں کو جسم سے جدا ہونے کے بعد ناپاک قرار دیتے ہیں تو اُن کے نزدیک ایسے بالوں کا مغسول پانی ناپاک ہی ہونا چاہیے اور امام ابو حنیفہؒ اس کو ناپاک نہیں فرماتے لہٰذا اُن کے یہاں ماغسل بہ شعر الانسان کی نجاست کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا اور جب ماغسل بالشعر طاہر رہا تو ما وقع فیہ الشعر بدرجہ اولیٰ طاہر رہیگا۔ اس مسئلہ میں بخاری امام ابو حنیفہ کی موافقت فرما رہے ہیں اور تائید میں عطار کا قول پیش کر رہے ہیں۔ یہ ایک ترجمہ ہوا دوسرا ترجمہ سور الکلاب وممرہا فی المسجد کے عنوان سے مذکور ہے، ظاہر ہے کہ یہ مسئلہ سور سے متعلق ہے پھر ممر فی المسجد کا ذکر استطرادی ہو یا اس کو ترجمہ ثالثہ قرار دیا جائے اس کا مسئلہ سور اور مسئلہ شعر دونوں سے تعلق ہو سکتا ہے۔ چنانچہ عنقریب معلوم ہو جائیگا۔ چوتھا ترجمہ اذا شرب الکلب فی اناء احدکم فلیغسلہ سبعاً ہے جس کو لفظ باب کے ساتھ معنون کیا ہے۔ علامہ سندھی کی رائے یہی ہے کہ یہ چاروں مختلف تراجم ہیں۔ سور الکلاب سے بخاریؒ کا مقصد کیا ہے، حافظ فرماتے ہیں کہ بخاری طہارت سور الکلب کے قائل ہیں لیکن ولوغ کے بعد برتن کا غسل سات مرتبہ ضروری سمجھتے ہیں گویا مسئلہ سور کلب میں بخاری امام مالک کے پورے پورے ہمنوا اور مؤید ہیں علامہ عینی بخاری کو جمہور کے ساتھ رکھنا چاہتے ہیں یعنی بخاری کا مقصد یہ ہے کہ سور کلب ناپاک ہی جس پانی میں کتا منہ ڈال دے وہ ناپاک ہو جائیگا اس کا اراقہ اور برتن کا غسل واجب و لازم ہوگا۔

قائلین طہارت نے سطحی اور سرسری طور پر چند روایات سے استدلال کیا ہے ہم اہل نظر کے سامنے انہیں ایک ایک کرکے پیش کیے دیتے ہیں اہل فہم خود فیصلہ فرمالیں کہ ان روایات سے طہارت سور پر استدلال کہاں تک صحیح ہوسکتا ہے۔ ہمارے حضرات اساتذہ رحمہم اللہ اجمعین بھی اس رائے سے متفق ہیں اور ان کا یہ فیصلہ بخاری کی جلالتِ شان کے پیشِ نظر ہے۔ البتہ حضرت شاہ ولی اللہؒ کی نظر میں بخاری کے اس ترجمہ کا رُخ طہارت کی جانب پایا جاتا ہے واللہ اعلم۔ ہمارے خیال میں ذرا تفصیل کی ضرورت ہے تاکہ کسی صحیح نتیجہ تک پہنچنے میں ناظرین کو سہولت ہو جائے اس بنا پر گذارش ہے کہ شراح کے خیال کے مطابق سور الکلاب میں ایک نظریہ تو نجاست کا تھا جس ہم قدرے تفصیل کے ساتھ پیش کرچکے ہیں۔ دوسرا نظریہ طہارت کا ہے اُس کی تفصیل باقی ہے اس سلسلہ میں بخاری نے چند امور ذکر فرمائے ہیں۔ زہریؒ اور سفیانؒ سور کلب کی موجودگی میں تیمم کی اجازت نہیں دیتے۔ مسجد نبوی میں بلا روک ٹوک کتے آتے جاتے تھے، موسم گرما میں چلتے وقت کتے کی زبان سے لعاب گرتا رہتا ہے چلتے میں کبھی کبھی جھرجھری لیتا ہے جس سے بال بھی گرجاتے ہیں۔ کتے کی جان بچانے کی خاطر ایک شخص نے اپنے موزہ سے پانی پلایا جس پر اُس کی مغفرت ہوگئی۔ کتے کا شکار حلال قرار دیا گیا حالانکہ جانور کو زخمی کرنے میں کیلوں کے ذریعہ اُس کا لعاب رطوبات لحمیہ میں پھیل جاتا ہے، پھر نہ اُس کے دھونے کا حکم ہے نہ اس کی عادت ہی ہے کہ تصریح کی حاجت ہو مذکورۂ بالا امور سے معلوم ہوا کہ کتا نجس العین تو نہیں ہے بہت سے بہت نجس اللحم کہہ لو سو نجاست لحم نجاست سور کو مستلزم نہیں بلی نجس اللحم ہے مگر اس کا سور نجس نہیں۔ سور نجس ہوتا تو لعاب ہی کے باعث تو ہوتا اور اگر لعاب نجس ہوتا تو کم از کم مساجد میں ضرور اس کا اہتمام ہوتا کہ کتے نہ داخل ہوسکیں پس ممر کلاب سے صاف معلوم ہوگیا کہ کتے کے بال اور اس کا لعاب نجس نہیں اور جب کتے جیسے خبیث جانور کے بال نجس نہیں تو شعر انسان میں نجاست کا کیا احتمال ہوسکتا ہے۔ ہاں ایک دغدغہ باقی رہ جاتا ہے کہ سور کلب ناپاک نہیں تو غسل اناء کا حکم اور وہ بھی اس قدر سخت کہ سات مرتبہ غسل ہو اور مٹی سے منجھائی بھی ہو کس بنا پر ہوا۔ اس پر ایک ذیلی بات رکھ کر تنبیہ فرمادی کہ یہ حکم مختص بالاناء ہے

اور تعبدی ہے لم سے بحث نہیں۔ واللہ اعلم۔ احقر نے بقدر ضرورت ہر دو خیال کی توضیح کر دی اب پھر اصل مسئلہ کی طرف عود کرتا ہوں۔ انسان کے بال بدن سے منفصل ہو کر بھی پاک ہی رہتے ہیں بخاری نے اس سلسلہ میں جو استدلال پیش فرمایا ہے ناظرین کو اس پر بھی اعتراض ہو کہ یہ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اشعار سے متعلق ہے، ہو سکتا ہے کہ آپ کی خصوصیت ہو غرض دعویٰ عام ہے اور دلیل خاص لہذا تقریب ناتمام رہی۔ مگر بخاریؒ ان باتوں کی کب پرواہ کرتے ہیں وہ تو دور دور کے اشارات سے بھی اپنا مطلب نکال لینے کے عادی ہیں۔ ان روایات میں دُو چیزیں ہیں ایک طہارت شعر دوسرا تبرک بالشعر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج سے فراغت پر حلق راس کرایا اور بال تقسیم فرما دیے۔ تبرک بالاشعار فرع ہے طہارت اشعار کی۔ مخصوص قسم کا تبرک بالاشعار یقیناً پیغمبر کی مخصوص شے ہے مگر مطلق استبراک بالاشعار کو اشعار پیغمبر کے ساتھ مخصوص ماننے پر کونسی دلیل قائم ہوئی ہے کہ اس سے انکار کیا جائے۔ اور جب تبرک باشعار الصالحین کا جواز نکلا تو بقاعدہ الشئ اذا ثبت ثبت بلوازمہ طہارت اشعار کا معاملہ صاف ہو گیا۔ حاصل یہ ہے کہ اصل احکام میں عموم ہے خصوصیات کے لیے خصوصی دلائل درکار ہیں واذ لیس فلیس فتفکر۔

**باب من لم یر الوضوء الا من المخرجین**: اس ترجمہ کے دُو جزو ہیں ایک ایجابی اور دوسرا سلبی جزو ایجابی کل ما خرج من السبیلین فھو ناقض للوضوء معتاداً کان او غیر معتاد قلیلاً کان او کثیراً۔ جزو سلبی لا ینقض الوضوء غیر ما خرج من السبیلین دودہ من الدبر او قملہ من الذکر عند البخاری ناقض وضو ہیں۔ امام مالک ان کو ناقض نہیں مانتے۔ قے، رعاف، دم جرح من غیر السبیلین اور قہقہہ عند البخاری ناقض نہیں امام ابو حنیفہ ان کو ناقض مانتے ہیں۔ ایسے ہی مس ذکر اور مس مرأۃ کو بخاری ناقض نہیں کہتے عند الشافعی ان کا شمار نواقضات میں ہے۔ معلوم ہوا کہ نواقض وضو کے سلسلہ میں بخاری نہ پورے طور پر شوافع کا ہم آہنگ ہے نہ کلیتہً مالکیہ سے متفق نہ بالکل احناف کے مخالف اگر غیر ما خرج من السبیلین میں شوافع سے اتفاق رکھتا ہے تو مس ذکر اور مس مرأۃ میں حنفیہ کے ساتھ متفق ہے۔ حافظ کا یہ فرمانا کہ بخاری نواقض وضو میں شوافع کی موافقت کر رہا

ہے اور اس خیال پر ترجمہ کا یہ مفہوم قرار دینا کہ یہ حصر باعتبار اعذار خارجہ من الجسد کے ہے یعنی ما خرج
من الجسد میں بجز ما خرج من السبیلین کے اور کوئی بدن سے باہر آنے والی شئے ناقض وضو نہیں اس
کا یہ مطلب نہیں کہ بخاری مطلقاً نواقض کو ما خرج من السبیلین میں منحصر مانتا ہے محض سخن پروری
اور اپنے مذہب کا تشبہ ہے ورنہ بخاری نہ مس مرأۃ کو ناقض وضو مانتا ہے نہ مس ذکر کو۔ ہمارے اس خیال
کی تائید کہ ترجمہ دو جزو سے مرکب ہے وہ آثار و اقوال ہیں جن کو مؤلف نے ترجمہ کے ذیل میں پیش فرمایا
ہے ان میں بعض آثار کا تعلق ترجمہ کے جزو ایجابی سے ہے اور بعض کا جزو سلبی سے۔ مسائل ضحک فی
الصلوٰۃ خلع خف اخذ شعر و ظفر، ذات الرقاع کا واقعہ اور اُس کے امثال یہ سب اسی جزو سلبی کے
لحاظ سے مذکور ہوئے ہیں اور قول باری اوجاء احد منکم من الغائط اور حدیث ابی ہریرہ لا وضوء
الا من حدث کا جزو ایجابی سے کہا تعلق ہے علامہ سندھی نے آیت سے استدلال کی تقریر اس طرح
فرمائی ہے کہ موجبات تیمم دو قسم کے امور ہیں ایک وہ جن کا حدث اصغر سے تعلق ہے اور دوسرے وہ کہ
جن کا حدث اکبر سے تعلق ہے۔ آیت میں حدث اکبر کے لیے لا مستم النساء کا لفظ بطور کنایہ مستعمل ہے
جو موجبات حدث اکبر کی صحیح تصویر ہے اس لحاظ سے اوجاء احد منکم من الغائط جو حدث اصغر
سے کنایہ ہے اس میں بھی ایسی ہی جامعیت کا ہونا لازم ہوا جو اس کی تمام متعلقہ صور پر حاوی ہو پس اگر
خارج من السبیلین کے علاوہ نواقض وضو کچھ اور بھی ہوں تو وہ من الغائط کے تحت نہ آسکینگے اور
آیۃ اُن اسباب نقض کے پیش آنے پر تیمم کے جواز اور عدم جواز سے ساکت ہی نہیں بلکہ بطور مفہوم
عدم جواز کی جانب مشیر ہوگی۔ پس ثابت ہوا کہ نواقض وضو وہی امور ہیں جن کا سبیلین سے تعلق
ہے۔ ان کے ماسوا کوئی چیز ناقض نہیں وھو المدعیٰ لا وضوء الا من حدث میں بروایت ابو ہریرۃ
حدث کی تفسیر ضرطہ کے ساتھ نقل فرما کر مقصد کا اشارہ کر دیا کہ ضرطہ جیسی چیزیں جن کا احد السبیلین سے
تعلق ہے ناقض وضو ہیں ورنہ تخصیص میں ایہام خلاف مراد ہوگا کہ نواقضات تو قئے رعاف حجامت وغیرہ
اور بھی ہیں مگر ان کے احکام ضرطہ کے احکام سے مختلف ہیں وہذا باطل۔ علامہ سندھی مالم یحدث کے تحت
ارشاد فرماتے ہیں حاصل استدلالہ باحادیث الباب ان ما ورد من الحدث فی الاحادیث الصحاح کلہ

من قبیل الخارج تحقیقاً او مظنۃ ففی حدیث عثمان وابی سعید الحدث ہو الخارج مظنۃ من حیث ان الجماع لایخلو عن خروج مذی وفی الاحادیث الباقیۃ ہو الخارج تحقیقاً واما غیر الخارج من السبیلین فما صح فیہ حدیث فلا یصح القول بکونہ ناقضاً وہو المطلوب واللہ تعالیٰ اعلم ومعنی قول ابی ہریرۃ الصوت ای ما ہو من جنسہ فی الخروج من احد السبیلین واللہ تعالیٰ اعلم ۱۲

**باب الرجل یوضئ صاحبہ** : بصب الماء علی الاعضاء المتوضئ ای یُعینہ فی وضوئہ یعنی استمداد فی الوضوء کا مضائقہ نہیں مثلاً پانی منگوانا یا خادم سے اعضاء پر پانی ڈلوانا یہ سب کچھ جائز ہے۔ گو پسندیدہ نہیں ہاں وضوء کا عمل یہ خود متوضی کریگا عذر ہو تو یہ کام بھی خدام سے لے سکتا ہے۔ ہر دو روایات میں صب ماء صحابی کا فعل ہے اور توضی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل۔ علامہ ابن منیر نے اس موقعہ پر تکلف سے کام لیا ہے۔

**باب قراءۃ القرآن بعد الحدث وغیرہ** : لفظ وغیرہ کو مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں اور مجرور بھی۔ مرفوع کی صورت میں اس کا عطف لفظ قراءۃ پر ہوگا اور باب کو منون مقطوع عن الاضافۃ پڑھا جائیگا۔ اس تقدیر پر غیر کا مفہوم کتابۃ القرآن کا مسئلہ بھی ہو سکتا ہے اور دیگر اذکار بھی اس کے ماتحت آسکتے ہیں۔ ترجمہ کا حاصل یہ ہوگا کہ محدث قرآن عزیز کی قرارت بھی کر سکتا ہے اور کتابت بھی کر سکتا ہے اسی طرح قرآن کے علاوہ دیگر اذکار بھی یعنی طہارت نہ شرط ذکر ہے نہ شرط قراءۃ اور نہ شرطِ مس کہ کتابت میں عادۃً مس کبھی ہوتا ہے۔ اور اگر مجرور پڑھا جائے اور لفظ باب مضاف الی القراءۃ ہو تو قراءۃ، قرآن، حدث تینوں پر عطف ہو سکتا ہے۔ پہلی صورت میں کتابۃ القرآن اور مس قرآن کا مسئلہ مراد ہوگا اور دوسری میں ذکر وغیرہ کے مسائل اور تیسری صورت میں غیر حدث کے مفہوم میں جنابت وطہارت دونوں شامل ہو سکتے ہیں۔ یعنی اگر حدث سے خاص حدث اصغر مراد ہو اور یہی ظاہر ہے تو غیر سے حدث اکبر مراد ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں ترجمہ کا مقصد یہ ہوگا کہ حدث کسی قسم کا ہو اصغر ہو یا اکبر وہ مانع عن قراءۃ القرآن نہیں اور اگر لفظ حدث میں عموم معتبر ہو تو غیر میں اس کا مقابل حال طہارت ہوگا، اس صورت میں ترجمہ کا حاصل یہ ہوگا کہ قرارت قرآن کے جواز

ہیں طہارت اور عدم طہارت کا فرق نہیں جواز تو ہر صورت میں ہے البتہ قراءۃ باطہارت میں خیر و برکت
کی زیادتی اور اجر کی ترقی مسلم ہے مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ محدث کو قرآن پڑھنے سے روک دیا جائے۔
واللہ اعلم۔ حافظ فرماتے ہیں۔ باب قراءۃ القرآن بعد الحدث ای الاصغر وغیرہ ای من مظان الحدث
اس کے بعد کرمانی پر رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں بخلاف غیر الحدث من نواقض الوضو وقد تقدم بیان
المراد بالحدث وھو یؤید ما قررتہ انتہی۔ ہم اس کے سمجھنے سے قاصر ہیں بعد الحدث سے حدث اصغر مراد لے
کر جس میں تمام ما خرج من السبیلین داخل ہیں غیر حدث سے دیگر نواقض وضو کا ارادہ کیا معنی رکھتا ہے
شاید وہی مس ذکر اور مس مرأۃ کا خیال اس اختلال کا باعث بنا ہوا ہے۔ حدث اصغر اور لفظ حدث
مفہوم کے اعتبار سے دو جداگانہ حقیقتیں ہیں حافظ بھی اس کو خوب سمجھتے ہیں مظان حدث سے نوم مراد
لیتے تو ترجمہ کی تشریح اس طرح ہوسکتی تھی کہ قراۃ القرآن بعد الحدث تحقیقاً او غیرہ یعنی مظنۃً یعنی بعد النوم پھر
حدیث سے بھی اس کے اثبات میں سہولت رہتی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نوم سے بیدار ہو کر خواتیم
آل عمران کی دس آیتیں تلاوت فرمائیں۔ مگر حافظ کی اگلی عبارت میں اس کے لیے گنجائش کم نکلتی ہے۔
اصل یہ ہے کہ حافظ تراجم کی شرح میں مذہب پرستی کے شوق میں بیشتر اپنا مذاق ملحوظ رکھنا چاہتے
ہیں مذاق بخاری کی رعایت قطعاً نہیں کرتے اس لیے جگہ جگہ تکلف کرنا پڑتا ہے معلوم ایسا ہوتا ہے
کہ قراءۃ للجنب کے مسئلہ سے گریز کرنا چاہتے ہیں حالانکہ اس باب میں بخاری کا مختار معلوم ہے کہ ان
کے نزدیک جنبی کو بھی قراءت قرآن کا حق حاصل ہے اور اس میں بخاری منفرد بھی نہیں سلف میں اور
بھی بعض حضرات اس کی اجازت دے رہے ہیں۔ آمدم بر سر مطلب پیش کردہ آثار کے متعلق بے
تکلف بات تو صرف اتنی ہے کہ ان کی حیثیت مترجم بہ کی ہے مترجم لہ کی نہیں۔ چند مناسب مسائل
کا تذکرہ کر دیا اصل ترجمہ سے ان کی مناسبت تلاش کرنا زائد سی بات ہے لیکن یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ
ان کا ترجمہ سے کوئی ربط نہیں۔ ابراہیم فرماتے ہیں لاباس بالقراءۃ فی الحمام حمام محل انجاس واحداث
ہے۔ حاضرین بیشتر جنبی یا محدث ہوتے ہیں پس اگر محل انجاس و احداث میں قراءۃ لاباس بہ ہوسکتی
ہے تو حالت حدث کی قراءۃ میں اس سے زائد اور کیا ہوتا ہے کہ لسان جو کہ محل قراءت ہے اس

سے حدث کا تعلق ہو رہا ہے اور جب کتب رسائل علی غیر وضو کی اجازت ہے کہ جن میں عموماً آیات تعبیہ یا ان سے استشہاد ہوتا ہے تو قراءۃ فی حال الحدث میں کیا قباحت ہے جو اُس کو منع کیا جائے حالانکہ کتابت میں عادۃً عمل ید کے ساتھ عمل لسان کی بھی شرکت رہتی ہے اور مکتوب کا مس بھی ہوتا رہتا ہے جو نص قرآنی ممنوع ہے۔ مسئلہ سلام میں تعری اور عدم تعری کا تو فرق کیا مگر یہ نہیں فرمایا کہ محدث ہوں تو یہ حکم ہوگا۔ غیر محدث ہوں تو یہ حکم ہوگا۔ بہرحال ترجمہ میں جن احتمالات کا ذکر ہو چکا ہے اُن کے پیش نظر ان بیانات کو ترجمہ سے غیر متعلق کہنا تو کسی طرح بھی درست نہیں بلکہ مقصد ترجمہ کے لیے مؤید ہی ماننا پڑیگا اگرچہ فرداً فرداً ہر اثر ہر احتمال کے مناسب نہ ہو مگر مجموعی حیثیت سے ان کا تناسب اور تطابق للترجمہ ظاہر ہے۔ اس کے بعد ابن عباس کی روایت کا معاملہ رہجاتا ہے کہ اُسے ترجمہ کے ساتھ کیا مناسبت ہے۔ اجی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نوم تو ناقض نہیں اور ابن عباس نابالغ ہیں ان کا کوئی فعل حجت نہیں تو پھر اثبات ترجمہ کی کیا صورت ہو۔ شراح کی توجیہات انہیں مبارک رہیں حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ عادۃً نوم طویل کے بعد ریاح کا خروج ہوا کرتا ہے بس اسی پر بخاری نے ترجمہ کی بنیاد رکھ دی یعنی بعد الاستیقاظ عمومی عادت کے مطابق آپ کو محدث قرار دیتے ہوئے آیات کی قرارت سے قرارت فی حال الحدث کے جواز پر استدلال ہو سکتا ہے اس استدلال میں جس قدر قانونی سقم ہیں اُن سے یہاں بحث کرنے کا موقع نہیں۔ ہمارے خیال میں ایک بات آرہی ہے صحیح یا غلط اُس کا فیصلہ ناظرین خود کرلیں وہ یہ ہے کہ ابن عباس فرماتے ہیں فقمت فصنعت مثل ما صنع آہ یعنی میں نے بھی اٹھ کر اول آنکھیں ملیں پھر آیات کی تلاوت کی اور وضو کر کے آپ کے بائیں طرف جا کھڑا ہوا آہ یہ اگرچہ نابالغ کا فعل ہے مگر اس کے ساتھ پیغمبر کی تقریر شامل ہوگئی جس نے اس کو حجت بنا دیا اگر قراءۃ فی حال الحدث ممنوع ہوتی تو جس طرح اثنار صلوٰۃ میں ابن عباس کی اس معمولی سی غلطی کو کہ وہ آپ کے بائیں کھڑے ہو گئے تھے برداشت نہیں کیا گیا اور نماز ہی میں اُن کا کان ملتے ہوئے اپنے عقب سے کھینچ کر داہنی طرف لا کھڑا کیا حالانکہ نماز بھی نفل تھی اور شخص واحد کا عن یمین المقتدی کھڑا ہونا کچھ ایسا ضروری بھی نہ تھا جس سے نماز باطل یا مکروہ تحریمہ ہوتی ہو غایت

سے غایت خلاف سنت امر تھا اگر اس کی اصلاح ضروری سمجھی گئی تو قراءۃ فی حال الحدث کی اصلاح جبکہ قراءت کے لیے طہارت شرط لازم ہو اس سے کہیں زیادہ اہم اور ضروری نظر آتی ہے پس معلوم ہوا کہ حدث میں قرأت قرآن جائز ہے اور جنابت بھی ایک قسم کا حدث ہی ہے تو اس میں عدم جواز کہاں سے آگیا اور جب قراءت قرآن فی حال الحدث جائز ہوا تو دیگر اذکار کا کیا پوچھنا وہ تو اس سے ادنی درجہ میں ہیں فثبت المدعی واللہ اعلم۔

**باب من لم یتوضأ الا من الغشی المثقل** ۔ الغشی من امراض القلب وہو دون الاغماء وہو من امراض الدماغ ترجمہ کا مطلب یہ ہے کہ غشی ناقض وضو ہے بشرطیکہ مثقل ہو غیر مثقل ناقض نہیں قال الحافظ واشار المصنف بذالک الی الرد علی من اوجب الوضوء من الغشی مطلقاً و التقدیر باب من لم یتوضأ من الغشی الا اذا کان مثقلا۔ اسماء پر غشی طاری ہوئی مگر مثقل نہ تھی نماز پڑھتی رہیں اور اسی حالت میں پانی کا ڈول اٹھا کر سر پر ڈالنا شروع کر دیا تاکہ غشی کا اثر بڑھنے نہ پائے۔

**باب مسح الراس کلہ** : پورے سر کا مسح فرض ہے وبہ قال مالک وقال سعید ابن المسیب المرأۃ بمنزلۃ الرجل تمسح علی راسہا ولم یقل علی بعض راسہا مع ان المقام مقام بیان الفرائض افاد الشاہ ولی اللہ یعنی پورے سر کا مسح فرض ہے خواہ مرد ہو یا عورت۔ امام احمد سے ایک روایت یہ بھی منقول ہوئی ہے کہ عورت کے لیے مقدم راس کا مسح کافی ہے حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں و تعلق قول ابن المسیب بالباب انما ہو بمجرد ذکر المسح فیہ ولا تعلق لہ بخصوص الترجمۃ ومثل ذالک فی تعالیق البخاری کثیر انتہی۔ میں کہتا ہوں کہ سعید کے قول کو ترجمہ سے اس طرح مطابق کیا جا سکتا ہے کہ علی راسہا فرمایا علی خمارہا یا علی بعض راسہا نہیں فرمایا حالانکہ عورت کے بال عورت ہیں اور تحت الخمار مسح کرنے سے کچھ نہ کچھ ان کا کشف ہو ہی جاتا ہے خصوصاً جبکہ پورے سر کا استیعاب ہو اندریں حالات احتیاط کا تقاضہ یہ تھا کہ بحق مرأۃ یا تو خمار کا مسح مسح راس کا بدل مان لیا جاتا یا مقدم راس کے مسح پر قناعت ہوتی مگر ابن المسیب نہ اس کی اجازت دیتے ہیں نہ اس کی بلکہ عورت کے حق میں بھی استیعاب راس کو ضروری سمجھتے ہیں پس معلوم ہوا کہ مسح راس میں استیعاب فرض ہے۔

اس میں کسی نہج تخفیف کی گنجائش نہیں اگر ہوتی تو عورت کے حق میں ہوتی واللہ اعلم بخاری نے فرضیت استیعاب پر وامسحوا برءوسکم سے استدلال فرمایا ہے علامہ سندھی فرماتے ہیں مبنی علی ان الرأس اسم الکل کالوجہ وقولہم الباء تدل علی ان المراد بہ البعض منقوض بقولہ تعالیٰ فی التیمم فامسحوا بوجوھکم فلا عبرۃ بہ استدلال کا مدار دو امر ہیں مسح راس میں استیعاب کا ثبوت اور عمل استیعاب کا دوام، اقبال و ادبار فی المسح سے امر اول کا ثبوت واضح ہے اور قرینہ سوال سے اس عمل کا دوام ظاہر ہو رہا ہے لہذا عبد اللہ ابن زید کی روایت سے مسح راس میں استیعاب کی ضرورت محقق ہو گئی اس کے خلاف کوئی چیز ثابت ہوتی تو اہل مدینہ اُس سے لاعلم نہ رہتے مگر امام مالک کے استدلال سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل مدینہ کے پاس ایسا کوئی علم نہیں جس سے فرضیت استیعاب کے خلاف کوئی رائے پیدا ہو سکے۔ وہو المدعیٰ۔ علامہ سندھی نے اس استدلال پر کافی تنقید فرمادی ہے مگر دلائل پر بحث کرنا ہمارے موضوع کتاب سے خارج ہے لہذا ہم اس کو نظر انداز کرتے ہیں۔

**باب غسل الرجلین الی الکعبین** ۔ اس باب کا مقصد وظیفہ رجل کی تحدید بیان کرنا ہے ورنہ اصل وظیفہ غسل سے تو فراغت ہو چکی ہے ۱۲

**باب استعمال فضل وضوء الناس** ۔ المراد بالفضل الماء الذی یبقی فی الظرف بعد الاستعمال قال الحافظ فی الفتح وعندی ان الفضل یعم المتقاطر من الاعضاء والباقی بعد التوضیٔ فی الاناء وفی احادیث الباب اشارۃ الیہما یعنی وضوء کا بچا ہوا پانی ہو یا عند الوضوء اعضاء سے ٹپکنے والا پانی ہو دونوں پاک ہیں اور قابل استعمال ہیں ان کا پینا بھی درست ہے اور دوبارہ وضوء میں استعمال کرنا بھی درست ہے۔ مصنف نے ترجمہ مطلق رکھا ہے نہ استعمال کو مقید کیا نہ وضوء کو لہذا یہ ترجمہ جس طرح استعمال کی تمام صور پر حاوی ہو گا کہ شرب ہو یا عجن و طبخ غسل ثیاب ہو یا غسل بدن نجاست حقیقی میں استعمال ہو یا نجاست حکمی میں غرض ہر صورت سے اس کا استعمال درست ہے اسی طرح وضوء میں بھی کوئی قید نہیں وضوء حدث ہو یا وضوء علی الوضوء ہو پھر تام ہو یا ناقص ہو یعنی صرف ہاتھ اور چہرہ کا غسل ہو کہ روایات میں اس کو بھی وضوء کہا گیا ہے اور جس طرح کہ استعمال اور وضوء میں اطلاق اور

عموم ملحوظ ہے، اسی طرح فضل کے بارے میں بھی کوئی ایسی قید نہیں جس کی بنا پر بقیہ ما ء الوضوء کے ساتھ ترجمہ کو مخصوص سمجھا جائے الحاصل ترجمہ ہر قسم کی قیود سے مطلق ہے اور اسی اطلاق کی رعایت سے مصنف نے مختلف قسم کی روایات پیش فرمائی ہیں کہ جن میں کہیں تو فضل بالمعنی الاول ظاہر ہے اور کہیں فضل بالمعنی الثانی کہیں وضوء تام کا فضل ہے اور کہیں وضوء ناقص کا فضل۔

صور استعمال میں بھی توسع معلوم ہوتا ہے کہ افراغ علی الوجہ والصدر بھی ہوا اور شرب بھی جواز شرب سے طبخ اور عجن کا جواز اور افراغ علی الوجہ والصدر سے بعلت تصفیہ وتطہیر غسل ثوب وبدن کا مسئلہ اور بعلت تنویر وتبریک اُس سے وضوء کا جواز بھی سمجھ میں آگیا مزید تائید کے لیے جریر کا عمل پیش کر دیا کہ وہ مسواک کر کے بغیر دھوے اس کو پانی میں ڈبو دیتے اور اپنے گھر والوں سے فرماتے کہ اس سے وضوء کریں۔ مسواک آلۂ تطہیر ہے "السواک مطہرۃ للفم" اس کے استعمال سے تقرب الٰہی حاصل ہوتا ہے مرضات للرب اور وضوء کا جزء ہے عام طور پر وضو کے ساتھ مسواک کا استعمال ہوتا ہے حکم بھی یہی ہے کہ عند کل وضوء مسواک کا استعمال ہو۔ اندریں حالات اس پانی پر جس میں جریر نے بعد الاستعمال غمس سواک کیا یہ بھی صادق ہے کہ وہ بقیہ وضوء ہے اور یہ بھی صادق ہے کہ وہ مستعمل علی العضو ہے بلکہ بقیہ وضوء کا معاملہ تو مستعمل فی العضو کے مقابلہ پر ادنیٰ اور اہون ہے جب اس کا استعمال وضوء میں نقصان دہ نہیں تو بقیہ کا استعمال بدرجۂ اولیٰ بے ضرر ہونا چاہیے کہ وہاں تو اختلاط مستعمل بغیر المستعمل کا احتمال ہی احتمال ہے محقق کچھ بھی نہیں۔ اور یہاں اختلاط محقق ہے پھر بھی وضوء کی اجازت دی جارہی ہے۔ بہر حال بخاری ماء مستعمل کو بھی طاہر اور ہر طرح قابل استعمال سمجھتے ہیں غالباً اُن کی نظر میں طہارت اور طہوریت لازم وملزوم ہیں اور ائمہ بھی اس کے قائل ہوئے ہیں امام ابو حنیفہ اس طرفین کے تلازم کو تسلیم نہیں کرتے۔ ہم نے تابقدور مذاق مؤلف کی رعایت رکھتے ہوئے ترجمہ کی ایضاح کر دی شراح کے رد وقبول سے بحث نہیں والعلم عند اللہ۔

**باب** صرف مستملی کے نسخہ میں یہاں لفظ باب پایا گیا ورنہ حدیث کا تعلق ترجمہ سابقہ سے ظاہر ہے

اگر لفظ باب قائم رکھا جائے تو یوں کہا جائیگا کہ مصنف نے حسب عادت بعض ضروری امور کی توضیح اور تکمیل کی خاطر بطور تنبیہ لفظ باب رکھ دیا۔ ابو موسیٰ والی روایت ہیں جس سے جواز شرب پر استدلال کیا گیا ہے ایک خامی تھی کہ وہاں وضور کا تذکرہ نہیں بلکہ صرف ہاتھ اور چہرہ کا غسل ہوا اور پانی میں کلّی ڈالی گئی اور وہ پانی ابو موسیٰ اور بلال کو پینے کے لیے دے دیا گیا۔ ہوسکتا ہے کہ محض ادخال برکت کی غرض سے یہ عمل کیا گیا ہو وضور کا قصد نہ ہو اور کسی روایت میں بھی اس واقعہ کے متعلق پورے وضو کا تذکرہ نہیں ملتا۔ لہذا مسئلہ زیر بحث میں کہ فضل وضو طاہر اور مباح الاستعمال ہے ولو شربا استدلالی ضعف پیدا ہو گیا۔ بخاری نے سائب ابن یزید کی روایت ثابت کر دیا کہ سائب نے جو پانی پیا تھا اس میں فضل وضو کی صراحت ہے اور قرائن سے یہ بھی واضح ہو رہا ہے کہ وہ فضل یعنی الماء المستعمل تھا کیونکہ یہ بیمار تھے اور رفع بیماری میں بقیہ وضور کے مقابلہ پر مستعمل پانی کا قوی التاثیر ہونا اظہر من الشمس ہے۔ اب مسئلہ بے غبار ثابت ہو گیا۔ واللہ اعلم

**باب من مضمض واستنشق من غرفة واحدة** ۔ یعنی جو حضرات غرفہ واحدہ میں مضمضہ اور استنشاق کو جمع کرتے ہیں وہ اس روایت سے استدلال کرتے ہیں۔ بخاری نے مَنْ مَضْمَضَ کہہ کر اپنی ذمہ داری ہٹالی ہے ورنہ ان کا رجحان تو فصل ہی کی جانب ہے۔ واللہ اعلم۔

**باب مسح الراس مرة** : مرۃ کی تصریح فرما کر یہ ظاہر کر دیا کہ اقبال و ادبار ایک ہی مسح کی دو حرکتیں ہیں مسح متعدد نہیں۔ موسیٰ عن وہیب کی روایت میں مسح براسہ مرۃ کی تصریح موجود ہے۔

**باب وضوء الرجل مع امرأته وفضل وضوء المرأة وتوضأ عمر بالحميم ومن بيت نصرانية** : بظاہر دو ترجمے ہیں مگر مقصود بالافادۃ دوسرا ترجمہ ہے اسی میں کچھ خلاف ہوا ہے۔ امام احمد عورت کے فضل کو جبکہ اس نے مرد کی غیبوبت میں اس پانی سے وضو وغیرہ کیا ہو بحق رجل ممنوع الاستعمال قرار دیتے ہیں جمہور اس صورت میں بھی جواز کے قائل ہیں بخاری جمہور کے ساتھ ہیں رہا پہلا ترجمہ تو اس کو بطور توطیہ و تمہید رکھ دیا ہے گویا اس سے دوسرے ترجمہ کی طرف راستہ نکالنا

چاہتا ہے کہ مرد و عورت کے مل جل کر وضوء کی اجازت دینے سے جس پر عہد نبوی کا تعامل رہا ہے اور آپ بھی اس میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے وہی استعمال فضل کی صورت بن جاتی ہے جس سے آپ گریز کرنا چاہتے ہیں ورنہ انفراد اور اجتماع کا فرق کس بنیاد پر قائم کیا گیا وجہ یہ ہے کہ ایک ظرف سے مرد عورت کے وضوء کرنے میں یہ ضروری نہیں کہ دونوں کے ہاتھ پانی میں ساتھ پڑیں اور ساتھ ہی نکلیں وضوء کا آغاز بھی ایک ساتھ ہو اور انفراغ بھی ایک ہی ساتھ ہو عادتاً کچھ تقدیم تاخیر ضرور ہو جاتی ہے پس اگر بہ نیت وضوء عورت کا ہاتھ پانی میں پہلے پڑ گیا یا عورت یکجائی وضوء میں مرد سے قبل فارغ ہوئی تو وہ پانی فضل مرأۃ ہو گیا، اب مرد کا اُسے استعمال کرنا فضل مرأۃ کا استعمال کرنا ہو گا، تنہا وضوء کرنے میں اس کے سوا اور کیا احتمال نکل سکتا ہے کہ بے احتیاطی سے غسالہ پانی میں گر گیا ہو سو وہ تو معیت رجل ظرف میں ہاتھ ڈال کر وضوء کرنے کی صورت میں بھی موجود ہے پھر اجتماعی صورت کا جواز اور انفراد کا عدم جواز کیا معنے رکھتا ہے واللہ اعلم۔ رہا اثرین کا ترجمہ سے تعلق سو کیا ضروری ہے کہ ہر مذکور فی الترجمہ کو مترجم لہ کی حیثیت دی جائے مترجم بہ بھی ہو سکتا ہے یعنی ایک مسئلہ بتا دیا کہ وضوء گرم پانی سے بھی جائز ہے اس پر باستثناء مجاہد جمہور کا اتفاق ہے۔ شاید حمیم کے متعلق یہ وسوسہ ہو کہ اس کے ساتھ ناریت کا تعلق ہو گیا ہو کہ جزو جہنم ہے لہذا اس وضوء میں تلبس بالعذاب کی صورت پیدا ہو جاتی ہے جس سے تابمقدور احتراز لازم ہے سو بخاری نے بتا دیا کہ صحتِ وضوء کا مدار صرف پانی کی طہارت پر ہے سرد ہو یا گرم۔ اسی طرح دوسرے اثر کو لے لیجیے کہ پانی پاک ہونا چاہیے خواہ وہ مسلمہ کے گھر کا ہو یا کتابیہ غیر مسلمہ کے گھر کا ہو سب برابر ہے۔ نیز اس دوسرے اثر میں تو اس طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے کہ مسئلہ زیر بحث میں عورت کے کتابیہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا جس طرح اور جن حالات میں مسلم عورت کا فضل بحق رجل مباح الاستعمال ہے اسی طرح انہی حالات میں کتابیہ عورت کا فضل بھی مباح الاستعمال رہیگا۔ کتابیہ سے مسلم کا عقد صحیح ہے حضرت عمرؓ نے بیت نصرانیہ سے پانی لیتے وقت اس کی تحقیق نہیں فرمائی کہ یہ پانی اس کا فضل تو نہیں ہے، حالانکہ بربنا رشبہ استفسار کی ضرورت تھی ہو سکتا ہے کہ وہ نصرانیہ کسی مسلم کے نکاح میں ہو اور اُس

نے قضاء حق مسلم کی خاطر حیض سے فارغ ہو کر اُس پانی سے غسل کیا ہو اور یہ اس کا بقیہ ہو۔ اور اثر اول کو بھی ترجمہ سے اس طرح مطابقت دی جا سکتی ہے کہ عموماً گھریلو خدمات عورتوں ہی سے متعلق ہوتی ہیں پس بظاہر یہ پانی عورت کا گرم کیا ہوا ہوگا۔ پھر جس طرح کہ حضرت عمرؓ کو گرم پانی کی ضرورت پڑی اسی طرح ان کی بیوی کو بھی ضرورت ہو سکتی ہے اور عین ممکن ہے کہ بیوی اس کا پہلے استعمال کر چکی ہو۔ اس لحاظ سے یہ پانی فضل مرأۃ ہوا اگر کسی بھی صورت میں بحق رجل یہ پانی ممنوع الاستعمال ہوتا تو استکشاف حال ضروری تھا جو نہیں کیا گیا پس معلوم ہوا کہ استعمال فضل کا مضائقہ نہیں وھو المدعیٰ ۱۲

## باب صب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وضوئہ علی المغمی علیہ۔

غالباً اس ترجمہ سے پہلے باب کی تائید منظور ہے کہ فضل وضو طاہر ہے ورنہ مستعمل پانی اُن پر نہ ڈالتے یا صرف تبرک بیان کرنا مقصود ہے۔ واللہ اعلم

## باب الغسل والوضوء فی المخضب والقدح والخشب والحجارۃ۔

یعنی کسی ظرف سے وضو اور غسل کا جواز نہ نوعیت ظرف پر موقوف ہے نہ خصوصیت مادہ پر۔ ظرف کسی چیز کا ہو پاک ہونا چاہیئے تعمیم نوع کے لیے بطور مثال مخضب اور قدح کو اور تعمیم مواد کے لیے بطور نمونہ خشب اور حجارہ کو ذکر کر دیا۔ غرض برتن چھوٹا ہو یا بڑا اس کا نام لگن ہو یا ناند ہو یا لوٹا پیالہ وغیرہ پھر وہ مٹی کا ہو پتھر کا ہو لکڑی کا ہو تانبے پیتل کا ہو غرض کوئی برتن ہو اور کسی بھی دھات کا ہو ہر ایک سے وضو اور غسل درست ہوگا غایت سے غایت یہ کہہ سکتے ہیں کہ باب عبادات میں جس قدر کوئی شئے اقرب الی التواضع ہوگی اسی قدر افضل ہوگی لہذا مٹی پتھر لکڑی کے ظروف کو لوہا پیتل تانبہ کے ظروف پر یقیناً ترجیح ہوگی مگر باب جواز باب فضل سے وسیع تر ہے غالباً اس شبہ کو دفع کرنا چاہتا ہے کہ بعض احادیث کے ظاہر سے بعض دھاتوں کے استعمال کے متعلق کراہت مترشح ہوتی ہے تو ان کے استعمال سے وضوء پر کیا اثر پڑیگا۔ مثلاً لوہے کی انگوٹھی پہنے دیکھ کر آپ نے ان الفاظ میں کراہت کا اظہار فرمایا کہ "مالی اری علیك حلیۃ اھل النار" یا مثلاً خاتم نحاس کے متعلق یہ ارشاد ہوا "انی اجد منك ریح الاصنام" یا برنجی ظروف میں شبہ کی یہ وجہ ہو سکتی

ہے کہ بعض بلاد میں مثلاً ہندوستان میں غیر قلعی دار برنجی ظروف کو شعار ہنود کی حیثیت حاصل ہو۔ الی غیر ذالک۔ باب الوضوء من التور میں کوئی نئی بات تو معلوم ہوتی نہیں جس کی بنا پر جداگانہ ترجمہ منعقد کرنے کی ضرورت پیش آئے یہ ممکن ہے کہ وہ تور کسی دھات کا ہو لکڑی پتھر کا نہ ہو۔ چنانچہ ابو داؤد کی روایت میں " فی تور من شبہ " سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ دوسری روایت میں قدح رحراح مذکور ہے ممکن ہے وہ بھی تور ہو یا لکڑی کا پیالہ ہو باب سابق کے عنوان میں تور کو نہیں لیا تھا اور نہ بسلسلہ مواد شبہ وغیرہ کا کوئی ذکر تھا اس بنا پر یہ دوسرا ترجمہ رکھ دیا مگر وہ شبہ تو اب بھی قائم رہا کہ جداگانہ ذکر کی حاجت ہی نہ تھی اسی ترجمہ میں اس کو بھی شامل کر دیتے واللہ اعلم مصنف کے پیش نظر کیا چیز ہے ۱۲

**باب الوضوء بالمد** - وہ ظروف کا باب تھا یہ مقدار ماء کا باب ہے۔ اس کی رعایت صرف امام محمد نے فرمائی ہے ۱۲

**باب المسح علی الخفین** - خف پر مسح کا جواز اہل سنت کا متفق علیہ مسئلہ ہے۔ امام مالک کی طرف انکار مسح خف کی روایت غلط طور پر منسوب ہو گئی ہے۔ صرف روافض منکر ہیں۔

**باب اذا ادخل رجلیہ وھما طاھرتان** - فلا حاجۃ الی خلعھما للوضوء بل یکفی المسح علیھما سواء لبسھما علی طھر الوضوء وھو مختار الشافعی او کان لبسھما بعد غسل القدمین ثم اکمل بقیۃ الوضوء بعد ذالک حاصل یہ ہے کہ خفین پر صحت مسح کی شرط یہ ہے کہ وہ پاک پیروں پر پہنے گئے ہوں اگر کسی نے بغیر وضوء کیے یا پیر دھوئے ویسے ہی سردی کے وقت موزے چڑھائے تو اس کو مسح کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ صرف داؤد ظاہری صاف پیروں پر جن پر بظاہر نجاست نہ لگی ہو موزہ پہننے کے بعد مسح کی اجازت دیتے ہیں وھو محجوج بالاحادیث ۱۲ قال السندھی تحت قولہ ادخلتھما طاھرتین ھذا یدل علی ان الشرط طھارۃ القدمین وقت اللبس ویلزم منہ اشتراط تمام الوضوء عند من یقول بالترتیب ولا یلزم عند غیرہ کما لا یخفی ۱۲

**باب من لم یتوضأ من لحم الشاۃ والسویق** - یعنی ما مست النار موجب وضوء نہیں خواہ ذی دسم ہو جیسے گوشت وغیرہ یا غیر ذی دسم جیسے ستو وغیرہ خلفاء ثلاثہ نے گوشت کھانے

کے بعد وضو نہیں کیا اختلافی صورت میں خلفاء ثلاثہ کا عمل قول فیصل کی حیثیت رکھتا ہے روایات باب میں سویق کا ذکر نہیں مگر مسئلہ لحم سے مسئلہ سویق پر بطریق دلالۃ النص روشنی پڑ رہی ہے کہ جب مدسوم میں وضو نہیں تو غیر مدسوم میں بدرجہ اولیٰ نہیں ترجمہ اگرچہ مقید بلحم الشاۃ ہے مگر حافظ فرماتے ہیں نص علی لحم الشاۃ لیندرج ما ہو مثلہا و مادونہا بالاولیٰ واما ما فوقہا فلعلہ یشیر الی استثناء لحوم الابل میں کہتا ہوں لحم ابل کا معاملہ بالکل جداگانہ حیثیت رکھتا ہے اُس میں تو موجبین وضو کے نزدیک مس نار کی بھی شرط نہیں اصل یہ ہے کہ لحم شاۃ کی ذکری تخصیص باتباع قضیۂ حدیث ہے ورنہ حکم عام ہے۔

**باب من مضمض من السویق ولم یتوضأ** ۔ اس موقعہ پر بخاری نے کمال ہی کر دیا اکل سویق کے بعد صرف مضمضہ کر کے مغرب کی نماز پڑھی گئی۔ یہ ظاہر ہے کہ سویق ما مست النار کا فرد ہے اگر مس نار موجب وضو ہوتا ہے تو لازماً وضو کرتے مضمضہ پر اقتصار فرمانے سے معلوم ہوا کہ ما مست النار کا وضو بھی مضمضہ ہے لہذا لحم وغیرہ کے اکل کے بعد بھی قدر ضروری یہی مضمضہ ہو سکتا ہے نہ کہ وضو، میمونہ رضؓ کی روایت میں تو مضمضہ بھی مذکور نہیں جس سے بشرط انصاف یہ ماننا پڑیگا کہ مضمضہ بھی کوئی ضروری امر نہیں وہ تو صفائی فم کی خاطر رکھا گیا ہے۔ چکنی چیزوں کا زبان پر دیر تک اثر رہتا ہے جس سے قرأۃ میں ایک گونہ دشواری پیدا ہو جاتی ہے اس لیے مضمضہ سے اُس کا ازالہ کرتے ہیں اگر بدون کلی کیے ہوئے لعاب دہن کے انتشار سے بقدر ضرورت منہ کی صفائی ہو چکی ہو تو مضمضہ کی بھی ضرورت نہیں رہتی مسئلہ لحم اور سویق کا جوڑ باب سابق میں گزر چکا وہاں عدم لزوم وضو من اللحم سے عدم لزوم وضو من السویق پر استدلال کیا ہے اور یہاں مضمضہ من السویق سے مضمضہ من اکل اللحم پر استدلال ہو رہا ہے جس کے یہ معنے ہوئے کہ حدیث میمونہ میں گو مضمضہ مذکور نہیں مگر مراد میں داخل ہے۔

**باب ھل یمضمض من اللبن** ۔ لبن ما مست النار سے عام ہے یہاں بعلت دسم آپ نے مضمضہ فرمایا معلوم ہوا کہ مضمضہ رفع دسومت کے لیے ہے اس کو ابواب سابقہ کے ساتھ ملا کر دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ مضمضہ کی غرض تصفیہ فم ہے خواہ تصفیہ کی ضرورت دسومت کی بنا پر ہو۔

یا غذائی اجزاء کے منہ میں باقی رہ جانے کی بناء پر ہو اس میں مس نار کا کوئی خاص اثر نہیں مضمضہ من اللبن عند الجمہور مستحب ہے ضروری نہیں۔ غالباً مصنف بھی استفہامی شکل میں ترجمہ منعقد فرما کر اسی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہے اس سے بشرط انصاف مضمضہ من اللحم اور مضمضہ من السویق کا معاملہ بھی صاف ہو جاتا ہے کہ وہ کوئی ضروری امر نہیں ہے ایک استحبابی چیز ہے جس میں بتقاضائے احوال کبھی اس کا تاکد بڑھ کر وجوب کی صورت اختیار کرلیتا ہے۔ واللہ اعلم

## باب الوضوء من النوم ومن لم یر من النعسۃ والنعستین والخفقۃ

**وضوءاً** یعنی لیس فی النعاس وضوء انما الوضوء من النوم ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ نُعاس بحکم نوم نہیں۔ نوم سے وضو جاتا رہتا ہے لیکن نعاس سے وضو نہیں جاتا، نعاس نوم کا ابتدائی درجہ ہوتا ہے جس میں آنکھیں بند ہو جاتی ہیں مگر کسی قدر شعور باقی رہتا ہے خفقۃ سر کا جھونٹا جو اونگھ طاری ہونے سے شروع ہو جاتا ہے امام مالک کے نزدیک نوم قلیل ناقض وضو نہیں نوم غرق ناقض ہے ممکن ہے بخاری اُن کی موافقت فرماتے ہوں اذا نعس فلینم سے معلوم ہوا کہ نعاس غیر نوم ہے اور یہی معلوم ہوا کہ جب علم ما یقرأ باقی نہ رہے یعنی نیند غالب ہو جائے تو وضو نہیں رہتا۔ اثناء صلوٰۃ میں اونگھ آنے پر فلیرقد کا حکم ہوا اور وجہ یہ تبلائی گئی کہ حالت نعاس کی نماز میں نقصان کا اندیشہ ہے کہ کہیں عالم بے شعوری میں کوئی بیجا کلمہ زبان سے نکل کر قبول نہ ہو جائے اس تعلیل کا ماحصل زائد سے زائد یہ نکلتا ہے کہ اونگھ کی حالت میں نماز پڑھنا مصلحت اندیشی کے خلاف ہے۔ پس اگر نعاس کا حکم بھی وہی ہوتا جو نوم کا ہے تو پھر موقعہ اس بات کا تھا کہ انہیں یہ بتایا جاتا کہ نعاس سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ نماز باطل ہو جاتی ہے معلوم ہوا کہ نعاس حدث نہیں حدث نوم ہے جو اپنی جگہ پر ثابت اور مسلم ہے۔ اس سے لطیف تر حضرت شیخ الہندؒ کا ارشاد ہے اذا نعس احدکم فلیرقد کا یہ مطلب نہیں نہیں کہ نماز کو ناتمام چھوڑ کر سو رہو یہ تو ابطال عمل ہوا ہاں اُس نماز کو بعجلت پورا کر کے آئندہ جب تک سو کر طبیعت کو حاضر نہ کر لو نماز مت پڑھو اور ظاہر ہے کہ اتمام صلوٰۃ فرع ہے بقاء طہارت کی پس ثابت ہوا کہ نعاس ناقض وضو نہیں لیکن نوم ناقض وضو ہے اسی لیے تو فلیرقد حتی یذہب عنہ النوم کا

ارشاد ہوا۔ خفقہ اور نعسہ دونوں قبل از نوم کے احوال ہیں۔ بخاری نے نعسہ کے حکم سے خفقہ کا حکم نکال لیا۔ کہ یہ بھی ناقص نہیں کیونکہ ایک آدھ مرتبہ اونگھ سے سر کا جھونٹا کھانا غلبہ نوم کی علامت نہیں، ہاں بار بار ایسا ہو تو پھر مغلوب النوم کہا جائیگا۔ ابن عباس کے قول میں الا من خفق خفقۃ کی صراحت ہے شاید اسی رعایت سے مصنف نے نعسہ میں تکرار کو برداشت کیا اور خفقہ میں افراد پر اقتصار کیا کیونکہ نعسہ کے لیے خفقہ لازم نہیں وہ کبھی ہوگا کبھی نہیں ہوگا اور جب ہوگا تو یہ سمجھا جائیگا کہ نعاس اپنی آخری درجہ تک پہنچ رہا ہے اس کے بعد سے خالص نوم کی حد شروع ہوجاتی ہے اور نوم ناقص ہے واللہ اعلم مصنف نے ترجمہ کے دونوں دعووں کے متعلق کہ نوم ناقص ہے نعاس ناقص نہیں دلائل پیش فرمائے جن کے اشارات اثناء بیان میں آپ کے سامنے آچکے مگر زیادہ تر زور مسئلہ نعاس پر صرف کیا ہے بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مقصود بالترجمہ یہی جزو ہے رہا معاملہ نوم تو وہ تقریباً متفق علیہ ہے اس میں جو خلاف منقول ہوا ہے وہ دلائل کے لحاظ سے محض سرسری اور سطحی ہے لائق التفات نہیں واللہ اعلم

**باب الوضوء من غیر حدث**۔ یعنی وضوء من غیر حدث مستحب ہے ضروری نہیں دوسری حدیث میں ترجمہ کے منفی جزو کی مناسبت موجود ہے اور پہلی حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمل میں ترجمہ کا مثبت پہلو نمایاں ہے واللہ اعلم قلت ولا تظنن ان الوضوء من غیر حدث عبث فانہ من الوسائل واذا کان الرجل علی وضوء فلہ ان یصلی بہ فالدخول فی الوضوء کانہ اسراف وعبث فلذا دفعہ المؤلف رح بالتبویب واللہ اعلم

**باب من الکبائر ان لا یستتر من بولہ**۔ نواقض وضوء کے سلسلہ میں بول کا ذکر آچکا ہے اب یہاں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ بول جس طرح ناقض وضوء ہے نجس بھی ہے اس سے بدن اور کپڑوں کی حفاظت لازم ہے اس کی بے احتیاطی میں عذاب قبر کا شدید خطرہ ہے کیونکہ عدم تنزہ من البول کبیرہ گناہ ہے۔ لہذا پیشاب کرتے وقت ایسا انتظام ضروری ہوگا جس سے چھینٹے اڑ کر کپڑے یا بدن پر نہ پڑ سکیں اور اگر خدانخواستہ احتیاطی تدابیر کے باوجود بھی تنجس بدن یا ثیاب کی نوبت آجائے تو اس کا غسل ضروری ہوگا، آلودگی کو برقرار رکھنا کسی طرح بھی درست نہ ہوگا۔ حدیث

میں لفظ بلی سے اس کے کبیرہ ہونے پر استدلال ہو رہا ہے رہا وما یعذبان فی کبیر تو وہ اس کے منافی نہیں اس کا منشار تو یہ ہے کہ عدم استتار من البول حسًا تو کوئی بڑی چیز نہیں لیکن شریعت کی نظر میں یہ ایک بڑا جرم ہے یعنی لیس بکبیر بحسب الوجود الحسی وانہ لکبیر بحسب الوجود الشرعی یعنی بحسب لحوق الاثم وہو للعتبر فی الباب واللہ اعلم بالصواب

## باب ما جاء فی غسل البول وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لصاحب القبر کان لا یستتر من بولہ ولم یذکر سوی بول الناس

۔ بخاری کا مقصد یہ ہے کہ احکام مذکورہ کا تعلق انسانی بول کے ساتھ ہے وہی ناپاک ہے اُسی کی بے احتیاطی عذاب قبر کا موجب ہے اسی کا غسل متعین ہے۔ رہے ابوال حیوانات سوان میں غیر ماکول جانوروں کا پیشاب تو انسانی پیشاب کے حکم میں ہے اور ماکول اللحم کا بول طاہر ہے جیسا کہ آئندہ چل کر معلوم ہو جائیگا امام ابوحنیفہ ابوال میں اس قسم کی تفریق نہیں مانتے سب کو ناپاک اور واجب التحرز فرماتے ہیں بخاری اُن کی تردید کر رہے ہیں۔ بخاری کا دعویٰ ہے کہ اصل روایت لا یستتر من بولہ ہے جس میں بول انسان کے ماسوا کا کوئی ذکر تک نہیں بعض رواۃ نے اس کو من البول المعروف باللام بیان کیا ہے جس سے عموم ابوال کا دھوکا لگنے لگا حالانکہ یہ محض ایک تعبیری تفنن ہے کہ اضافت کی جگہ معروف باللام کہہ دیا جائے اس سے معنی میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی اور اگر اصل روایت من البول ہی ہو تب بھی بقرینہ من بولہ اس مطلق سے وہ مقید ہی مراد ہوگا یا الف لام عہد کا لیا جائیگا الحاصل مدعیان عموم کے پاس اس روایت کے علاوہ جس میں بچند وجوہ عموم کا ارادہ صحیح نہیں ہے اور کوئی روایت نہیں جس سے اُن کے دعویٰ عموم کو تسلیم کیا جا سکے لہذا دعویٰ عموم غلط اور غیر ناشی عن دلیل ٹھہرا کیونکہ اس کتاب میں ہمارا موضوع تراجم ابواب کی تشریح اور حدیث اور ترجمہ کی مطابقت بیان کرنے کے سوا اور کچھ نہیں اس لیے ہم اس کو یوں ہی چھوڑ کر اپنے مقصد کی طرف متوجہ ہوتے ہیں ورنہ ہمارے پاس اس کا معقول جواب موجود ہے۔ بخاری نے غسل بول کے سلسلہ میں حضرت انس کا یہ بیان نقل فرمایا ہے کہ کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا تبرز لحاجتہ اتیتہ بماء فیغسل بہ

حاجت میں بول وبراز دونوں داخل ہیں اور تغسیل بھی محل کے اعتبار سے مطلق ہے لہذا حسب ضرورت ہر دو محال کا غسل مراد ہوگا وفیہ المدعیٰ ۱۲

باب حدثنا محمد ابن المثنیٰ ۔ کذا ثبت لابی ذر وقد قررنا انہ فی موضع الفصل من الباب والاستدلال بہ علی غسل البول واضح قالہ الحافظ قلت وافاد شیخنا العلامۃ شیخ الہند قدس سرہ فی تراجم ان ہذا الباب لیس کالفصل من الباب السابق کما قد قیل اذ لابد لکونہ فصلا ان یکون بینہما نوع تغایر وہہنا لا تغایر اصلاً وینبغی ان یکون الترجمہ کون البول موجباً لعذاب القبر وما یماثلہا واللہ اعلم لایقال ان فی ابواب القبر یقول باب عذاب القبر من الغیبۃ والبول فیتکرر الترجمۃ لانا نقول المقصود ہناک بیان حکم القبر وہہنا المقصود ذکر البول فاین التکرار ونظائرہ کثیرۃ عند المؤلف لایخفی علی الناظرین مثلاً قال فی ابواب الایمان اداء الخمس من الایمان ثم قال فی ابواب الخمس اداء الخمس من الدین انتہیٰ بعبارتہ الشریفۃ۔

باب ترك النبی صلی اللہ علیہ وسلم والناس الاعرابی حتیٰ فرغ من بولہ فی المسجد ۔ ترجمہ کا مقصد (واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم) یہ معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح بول آلود کپڑا یا بدن تطہیر میں غسل کا محتاج ہے غسل کے بغیر اُس کی طہارت نہیں ہوسکتی۔ اسی طرح زمین بھی پیشاب سے ناپاک ہوکر بدون غسل پاک نہیں ہوسکتی۔ البتہ اس کے غسل کا طریق یہ ہوگا کہ اس پر پانی بہادیا جائے مجرد جفاف تطہیر ارض کے لیے ناکافی ہے جیسا کہ حنفیہ کا خیال ہے پھر اس باب میں مسجد اور غیر مسجد کا کوئی فرق نہیں کہ مسجد میں اس کی عظمت اور محل عبادت کے لحاظ سے صب ماء کے ساتھ حفر مکان بھی ضروری ہو اور غیر مسجد میں نرا صب ماء کافی ہوجائے اس لیے متصلاً دوسرا باب صب الماء علی البول فی المسجد کا رکھ دیا۔ اعرابی نے ناواقفیت سے مسجد کے ایک کنارے میں پیشاب کردیا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈول پانی اس پر بہادیا نہ زمین کھودی نہ جفاف کا انتظار فرمایا۔ حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ فرماتے ہیں۔ غرض الباب انہ اذا اقبل امران متعارضان فی کلیہما مفسدۃ اختیر اہونہما آہ۔ ظاہر ہے کہ ایک طرف مسجد کی آلودگی تھی جو بہرحال ہوچکی اور دوسری

طرف ڈانٹنے ڈپٹنے میں بند لگ کر خود اس کی جان کا خطرہ تھا جس کی رعایت وقت کا اہم مسئلہ تھا لہذا صحابہ کو تعرض کرنے سے روک دیا گیا۔ احقر کے خیال میں ابواب سابقہ پر نظر رکھتے ہوئے یہ انسب معلوم ہوتا ہے کہ اس ترجمہ کو تراجم سابقہ کا تکمیل قرار دیا جائے یعنی اعرابی کو مسجد میں پیشاب کرتا دیکھ کر نہ روکنے بلکہ روکنے والوں کو منع فرمانے سے کوئی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ بول کا معاملہ ایک معمولی معاملہ ہے حتی کہ مسجد میں بھی پیشاب کرنے والے پر تشدد نا روا ہے اس سے معاملہ بول کی اہمیت ختم ہوئی جاتی ہے لہذا مصنف نے یہ ترجمہ منعقد فرما کہ اس شبہ کا قلع قمع فرما دیا کہ وہاں تو جس انداز پر صحابہ روکنے چلے تھے اس میں اس کی جان کا خطرہ تھا۔ اسی کے ساتھ یہ خطرہ بھی تھا کہ اعرابی ان لوگوں کو آتا دیکھ کر کہیں بدحواسی میں ادھر اُدھر دوڑنے لگا تو تمام مسجد ملوث ہو جائیگی۔ ان خطرات کے پیش نظر اہون البلیتین کو کہ وہ تلویث مسجد تھا اشد البلیتین کے مقابلہ میں اختیار کیا گیا ورنہ بول کی نجاست اور اس سے تحرز کی ضرورت اور بے احتیاطی میں عذاب قبر کا خطرہ یہ سب کچھ ثابت ہو چکا ہے حضرت شاہ صاحب کے ارشاد کا منشا بھی یہی معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم

**باب صب الماء علی البول فی المسجد** میں حافظ کا خیال ہے کہ اس سے حنفیہ کے خلاف پر اشارہ ہو گیا۔ کیونکہ اُن کے نزدیک ارض صلبہ میں حفر اور القاء تراب بھی ضروری ہے۔

**باب یھریق الماء علی البول** علامہ سندھی فرماتے ہیں ہذا الباب ساقط عند کثیر وسقوطہ ہو الوجہ مگر مؤلف کے یہاں ایسے تراجم کی کمی نہیں یہ ترجمہ مطلق ہے اور ترجمہ سابقہ مقید وہاں ارض مسجد کے متعلق فرمایا تھا کہ صب ماء علی البول طہارت کے لیے کافی ہے یہاں مطلقاً اہراق ماء علی البول کو مطہر قرار دیتا ہے ظاہر ہے کہ جو عمل دربارہ تطہیر ارض مسجد کارآمد ہو سکتا ہے وہ ارض غیر غیر مسجد میں بدرجہ اولی کارآمد ہو گا۔

**باب بول الصبیان**۔ بول صبی میں بخاری کا مسلک وہی ہے جو جمہور کا ہے کہ بول ناپاک ہے البتہ طریق تطہیر میں فی الجملہ تخفیف رکھی گئی ہے معمولی طور پر پانی بہا دینا تطہیر کے لیے کافی ہو جاتا ہے۔ مبالغہ فی الغسل کی حاجت نہیں برخلاف بول صبیہ کے اس میں مبالغہ فی الغسل مطلوب ہے

اتباع ماء اور نضح ماء کی تعبیرات اسی طرف مشیر ہیں۔ واللہ اعلم

**باب البول قائماً وقاعداً** ۔ یعنی عند الضرورت بول قائماً بھی جائز ہے۔ بس ترجمہ کا مقصد اتنا ہی ہے ورنہ بول قاعداً کے جواز میں کسے شبہ ہو سکتا ہے جو اس کو زیر بحث لایا جائے اسی بنا پر مصنف نے بول قائماً کی حدیث پر اکتفا فرمائی شراح یہاں بھی الجھ رہے ہیں۔ اللہ رحم فرمائے۔

**باب البول عند صاحبہ والتستر بالحائط** ۔ یعنی قضاء حاجت کے وقت دور جانے کا معمول حاجت براز میں تھا کہ اس میں دو طرفہ کشف کے باعث تستر مزید کی ضرورت پڑتی ہے اس لیے بُعد کو اختیار فرمایا جاتا رہا بول کا معاملہ تو اس میں معمولی آڑ بھی تحصیل ستر کے لیے کافی ہوتی ہے اس لیے ابعاد کی ضرورت نہیں وہ عند صاحبہ بھی ہو سکتا ہے بلکہ بعض اوقات خود ستر کی غرض سے اپنے برابر یا پیچھے کسی آدمی کو کھڑا کرنا پڑتا ہے واللہ اعلم ۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ اگر پردہ کا انتظام قریب میں ممکن ہو تو دور جانے کی حاجت نہیں ۔ نیز یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ضرورت پڑنے پر قریب میں بھی قضاء حاجت کی اجازت ہے اگرچہ بلحاظ تستر ابعاد فی الحاجت ہی مناسب ہوگا۔ واللہ اعلم

**باب البول عند سباطۃ قوم** ۔ کوڑی پر پیشاب کرنے کے لیے صاحب سباطہ سے خصوصی اجازت کی ضرورت نہیں عمومی اجازت کافی ہے۔ حدیث میں استیذان کا تذکرہ نہیں اسی سے ترجمہ ثابت ہو رہا ہے ۔ ترجمہ کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ سباطہ اگرچہ سر تا سر گندہ ہے لیکن پیشاب کرنے والا اگر احتیاط سے پیشاب کرے جس سے بدن یا کپڑے چھینٹ سے محفوظ رہیں تو کر سکتا ہے گویا اس کا یہ عمل یرتاد لبولہ منزلاً کے منافی نہ ہوگا۔ آپ نے اسی احتیاط کی بناء پر خلاف عادت قائماً پیشاب کیا۔ ترجمہ میں اس امر کی بھی گنجائش ہے کہ عند السباطہ طریق بول کو بتانا چاہتے ہوں، یعنی کیف البول عند السباطۃ قاعداً ام قائماً حدیث سے معلوم ہوا کہ ایسی گندی جگہوں میں قائماً بول کیا جائے۔ مگر ترکیب اضافی معنی اول کی مرجح نظر آتی ہے۔

**باب غسل الدم** ۔ نجاست دم متفق علیہ ہے۔ درصورت آلودگی بدن ولباس ان کی تطہیر کے لیے غسل لابدی ہے خواہ دم حیض ہو یا اس کے علاوہ بدن کے کسی حصہ کا دم ہو۔ البتہ سائل ہونا چاہیے

کیونکہ دم غیر سائل نجس نہیں۔ اس باب میں بالاتفاق نضح بمعنی غسل ہے۔ دوسری روایت میں واذا ادبرت فاغسلی عنك الدم موجود ہے اور گو یہ روایات دم حیض سے متعلق ہیں مگر تفرقہ بین الدماء کا کوئی قائل نہیں لہذا جو حکم دم حیض کا ہوا وہی باقی دماء کا بھی ہوگا۔

## باب غسل المنی وفرکہ وغسل ما یصیب من المرأۃ

منی ناپاک ہے مگر اس سے تطہیر کے دو طریق ہیں غسل اور فرک رطب کا غسل متعین ہے، خشک ہو کر جسم بن جائے تو فرک بھی کافی ہوگا، بشرطیکہ اُس میں کوئی ایسی چیز شامل نہ ہوگئی ہو جس کا غسل ضروری ہو مثلاً رطوبت فرج مراۃ یا بول وغیرہ۔ چونکہ عورت کے اندام نہانی کی رطوبت جو جماع سے منتشر ہو جاتی ہے وہ عند المؤلف نجس ہے (جس کے لیے آئندہ ایک مستقل ترجمہ رکھ رہے ہیں) اور اس میں غسل طہارت کے لیے لابدی ہے لہذا رطوبت مذکورہ کی آمیزش کے بعد کپڑے یا بدن پر لگنے سے اُس کا دھونا لازم ہوگا۔ بظاہر ترجمہ تین اجزاء سے مرکب ہے غسل منی فرک منی غسل ما یصیب من المرأۃ لیکن جب بذیل ترجمہ احادیث پر نظر ڈالتے ہیں تو اس میں آخر کے دونوں ترجمے ندارد ہیں شراح نے اپنے اپنے مذاق سے کچھ کہا ہے لیکن وہ ناکافی معلوم ہوتا ہے۔ ہمارے نزدیک غسل منی کا معاملہ تو صاف ہے اور اثبات نجاست کے لیے بالکل کافی وافی ہے فرک ثابت ضرور ہے مگر اس کا معاملہ اس اعتبار سے مشتبہ ہو جاتا ہے کہ یہ فرک للتطہیر ہوا یا تخفیف نجاست اور تقلیل اثر کی غرض سے ہوا وجہ یہ ہے کہ امام طحاوی اور بعض دیگر محققین اس پر ڈٹے ہوئے ہیں کہ مفروک کپڑے سے نماز نہیں پڑھی گئی یہ فرک صرف منامی کپڑوں کا ہوتا تھا کوئی اس کو تسلیم کرے یا نہ کرے بات پتہ کی ہے اور شبہ ڈالنے کے لیے کافی ہے اس لیے بخاری بھی فرک کے معاملہ کو صاف نہیں کرتے اور غالباً اسی خیال کو مد نظر رکھتے ہوئے بخاری نے یہ تیسرا جزء اضافہ فرمایا کہ فرک کا معاملہ بڑی حد تک اس آخری معاملہ کے انفصال پر موقوف نظر آرہا ہے گویا بخاری ناظرین کو اس امر پر توجہ دلا رہے ہیں کہ فرک کے معاملہ میں فیصلہ کرنے سے قبل اس پر بھی نظر ڈال لینا ضروری ہے کہ رطوبات فرج مرأۃ کی نجاست یا طہارت کے باب میں ان کے فکری رجحانات کیا ہیں اور بروئے دلیل وہ امرین میں سے کس کو صحیح مانتے ہیں۔ جزو ثالث کے ذکر میں بخاری کا منشاء محض اتنی ہی بات سے پورا ہو جاتا

ہے۔ اس لیے گزارش ہے کہ بذیل احادیث اس کی تلاش کا یہاں کوئی موقع نہیں اور کیونکہ اس نظریہ کے ماتحت بمعاملہ فرک بھی کمزوری پیدا ہوگئی اس لیے مؤلف نے اس کو بھی مشتبہ حالت میں چھوڑ دیا۔ اگرچہ جواز فرک کے اشارات ان روایات میں بھی موجود ہیں جو ناظرین پر مخفی نہیں بعض کا خیال ہے کہ وفرکہ کا واؤ بمعنے او ہے جو احدالامرین کے لیے آتا ہے یعنی ہل یفرک المنی او یغسل اس تقدیر پر کوئی اشکال نہیں پڑتا ولکنہ ضعیف جدًا قولہ سألت عائشۃ عن المنی یصیب الثوب ای کیف اصنع بہ فقالت عائشۃ کنت اغسلہ یعنی دھو کر اس کا ازالہ کیا جائے کیونکہ منی آلود کپڑے سے نماز نہیں ہوتی۔ اس مقام پر حافظ نے عجیب تماشہ کیا ہے۔ فرماتے ہیں عن المنی ای عن حکم المنی ہل یشرع غسلہ ام لا محصل الجواب بانہا کانت تغسلہ ولیس فی ذٰلک ما یقتضی ایجابہ اسی کا نام مذہب پرستی ہے۔ والی اللہ المشتکی۔

**باب اذا غسل الجنابۃ او غیرھا فلم یذھب اثرہ** یعنی باقاعدہ غسل کے بعد جو خفیف سا دھبہ کپڑے پر رہ جاتا ہے وہ معاف ہے خواہ منی کا دھبہ ہو یا خون یا اور کسی ناپاک شے کا اُس کے ازالہ کے لیے خارجی اشیاء صابون وغیرہ کے استعمال کی حاجت نہیں، اس ترجمہ سے صاف پتہ چل رہا ہے کہ بخاری منی کو ناپاک مانتا ہے ترجمہ کا مدار اس پر ہے کہ اثر غسل سے شئے مغسول کا اثر اور اسی طرح بقع الماء میں لفظ ماء سے منی مراد ہو جو بدرجہ احتمال صحیح ہے اور اگر اثر غسل سے دھلائی کا دھبہ اسی طرح بقع ماء سے پانی کا دھبہ مراد ہو کہ یہ بھی ایک صحیح احتمال ہے اور باب سابق میں اسی کو اختیار کر چکا ہے تو مسئلہ بجائے خود درست سہی مگر اس روایت سے استدلال درست نہ ہوگا۔ ترجمہ میں جنابت کے ساتھ وغیرہا بھی مذکور ہے سو حال جنابت سے حال غیر کا مقایسہ ہو سکتا ہے۔ نیز ابوداؤد میں بروایت ابوہریرہ دم حیض کے متعلق صراحت موجود ہے یکفیك الماء ولا یضرك اثرہ اس کی طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے۔ واللہ اعلم

**باب ابوال الابل والدواب والغنم ومرابضھا**۔ باب ما جاء فی غسل البول میں اشارۃً یہ بات گزر چکی کہ عند المؤلف تمام ابوال نجس نہیں ہیں یہاں اُس کی توضیح کرنا چاہتا ہے

کہ ماکول اللحم جانوروں کا پیشاب خواہ اونٹ بکری ہو یا دیگر دواب ماکولہ مثلاً گائے بیل بھینس گھوڑا وغیرہ ہوں ناپاک نہیں اور پیشاب تو پیشاب ان جانوروں کا براز بھی ناپاک نہیں۔ ابوموسیٰ اشعری نے جن کا دربارہ بول تشدد معروف ہے کوفہ کی ڈاک چوکی میں جہاں گھوڑوں کی لید اور پیشاب پڑا ہوا تھا نماز پڑھی حالانکہ صاف ستھرا میدان چوکی سے لگواں موجود تھا اور یہ فرمایا کہ نماز یہاں ہو یا وہاں ہو سب برابر ہے۔ عرنیین کے لیے ابوال ابل کا شرب تجویز ہوا حالانکہ وہ مسلمان تھے اور مسلمان کے لیے دواءً بھی استعمال حرام کی اجازت نہیں لا تستشفوا بالحرام فان اللہ لم یجعل شفاءکم فیما حرم علیکم نص موجود ہے اس سے معلوم ہوا کہ بول ابل طاہر ہے پھر ابل کی خصوصیت کیا ہے کہ خلقت من الشیاطین ہونے کے باوجود طاہر البول ہو اور بکری جو کہ من دواب الجنۃ ہے اس کا بول نجس ہو آخر مرابض غنم میں نماز پڑھنے کا حکم کس بناء پر ہوا حالانکہ نماز اور نجاست میں کھلا تضاد ہے۔ پھر فقہاً یہ تو معقول اور موجہ ہو سکتا ہے کہ ماکول اللحم اور غیر ماکول اللحم کا فرق ہو لیکن ماکول اللحم میں یہ تفرقہ کہ ابل اور غنم کے ابوال کا ایک حکم ہو اور بقر اور خیل کا دوسرا حکم اسے کون معقول کہہ سکتا ہے پس ثابت ہوا کہ ماکول اللحم کا بول و براز دونوں طاہر ہیں کیونکہ بول ثفل آب ہے تو براز ثفل غذا۔ فرق کیا ہے غرض بخاری کا مسلک اس باب میں وہی ہے جو امام مالک اور امام زفر کا یا بیک روایت امام محمد کا ہے امام ابوحنیفہ اور امام شافعی جملہ ابوال اور ازبال کو نجس فرماتے ہیں بعض کا خیال ہے کہ بخاری داؤد ظاہری کی موافقت فرما رہے ہیں۔ اُن کے نزدیک تو بلا استثنا تمام ماکول اور غیر ماکول جانوروں کا پیشاب پاک ہے اور انسان وخنزیر وکلب کے علاوہ باقی تمام جانوروں کا براز بھی پاک ہے شاید لفظ دواب سے یہ دھوکا لگا ہو ورنہ مصنف کا یہ خیال ہرگز نہیں اصل میں بخاری منصوص اور غیر منصوص کے درمیان تعبیری احتیاط برت رہا ہے ابل اور غنم کے متعلق حدیث موجود ہے لہٰذا کھل کر ان کا نام لے دیا دیگر ماکول اللحم حیوانات کے متعلق نص کا سہارا نہیں لہٰذا دو منصوص الحال ماکول جانوروں کے درمیان رکھ کر اس طرف اشارہ کر دیا کہ ان کے معاملہ پر غور کرتے وقت اطراف پر نظر رہے واللہ اعلم۔

**باب مایقع من النجاسات فی السمن والماء۔** نجاسات کے ذکر کے بعد اب وقت آیا کہ یہ بتایا جائے کہ جس پانی میں نجاست پڑی ہو اس کا کیا حکم ہوگا اُس کی طہارت قائم رہیگی یا وہ ناپاک ہوجائیگا یا حالات کے لحاظ سے اس میں کوئی تفصیل ہوگی اور اُس کا اصول کیا ہوگا۔

ترجمۃ الباب اور آثار واحادیث پر غائر نظر ڈالنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بخاری تفصیل کا قائل ہے اور اصولی طور پر طہارت اور نجاست کے مابین تغیر کو حد فاصل قرار دیتا ہے بالفاظ دگریوں کہہ لیجیے کہ دربارہ طہارت ونجاست ماء بخاری کی نظر میں امام مالک کا مسلک قابل ترجیح ہے جس میں نجاست کی نوعیت اور مقدار نیز پانی کی قلت وکثرت سے بحث نہیں کی گئی بلکہ تغیر اور عدم تغیر پر مدار رکھا گیا ہے یعنی پانی تھوڑا ہو یا بہت نجاست کم ہو یا زیادہ مائع ہو یا جامد اگر نجاست کے اختلاط نے پانی میں اپنا رنگ یا بو یا ذائقہ پیدا کردیا تو پھر وہ پانی نہیں رہا اس کو پانی کہنا یا سمجھنا ایک سطحی نظر ہے اس سے زیادہ اُس کی حقیقت نہیں۔ شے اپنے آثار سے پہچانی جاتی ہے آثار بدل گئے شے بدل گئی دلیل میں وسعت پیدا کرنے کی غرض سے ماء کے ساتھ سمن کو بھی شامل کردیا یعنی طہارت اور نجاست میں مائعات کا حکم یکساں ہے بخاری نے احادیث سے یہ ثابت کردیا کہ تغیر اوصاف تبدل احکام میں موثر ہے اس کے لیے دو مثالیں پیش فرمائیں ایک طاہر کے بعد التغیر نجس ہونے کی اور دوسری نجس کے بعد التغیر طاہر ہونے کی۔ پہلی مثال پاک گھی میں چوہا گر کر مرگیا فرمایا جامد ہو تو نجاست کا ماحول پھینک کر باقی کو قابل استعمال سمجھا جائے کیوں۔ اس لیے کہ مردہ چوہے کے اتصال سے ماحول نے اثر قبول کرلیا لہذا واجب الطرح ہوا باقی گھی جو اس اثر سے محفوظ ہے اُس کی طہارت قائم ہے اور قابل استعمال ہے ذائب میں اس طرح ماحول کا الفارکہ باقی کا اختلاط اور انصال نہ ہو تقریبًا ناممکن سا تھا وہاں کل کے متعلق لاتقربوہ کا حکم ہوا یعنی بباعث ذوبان وسیلان کل میں نجاست کا اثر پہنچ گیا۔ دوسری مثال خون کی نجاست مسلم ہے لیکن اس میں مسکی کیفیت پیدا ہونے کے بعد وہی خون اطیب الطیب کہلایا۔ کیوں محض اس بنا پر کہ خصوصیات دموی کیفیات مسکی میں تبدیل ہوگئیں وہی دم جو قابل نفرت تھا شہید کے حق میں بباعث طیب رائحہ قابل رشک اور بباعث اعزاز بن گیا ہر دو متذکرہ

مثالوں سے یہ بات واضح ہوگئی کہ شے جب تک اپنی اصلی حالت پر قائم ہے اُس کے احکام بھی قائم ہیں لیکن وہی شے جب متغیر الاوصاف ہوکر بدل گئی احکام بھی بدل گئے پاک چیز ناپاک ہوگئی اور نجس شے پاک ہوگئی۔ اور دیکھیے موت سے جاندار ناپاک ہو جاتا ہے ریش میتہ میتہ کا جزو ہے مگر ناپاک نہیں اسی وجہ سے پانی میں گر جائے تو پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ آخر کیوں۔ یہی کہو گے نا کہ پَر میں موت کا حلول نہیں ہوتا وہ جیسا زندگی میں تھا مرنے پر بھی ویسا ہی رہا کوئی تبدیلی نہیں ہوئی یا یوں کہہ لو کہ ریش میتہ میں جڑ کی طرف خفیف سی رطوبت ہوتی ہے پھر بھی حمادؒ لاباس فرما رہے ہیں عظام موتی کے کنگھے اور پیالیاں وغیرہ بلانکیر مستعمل ہیں۔ پیالیوں میں تیل وغیرہ رکھا جاتا ہے۔ عاج کی تجارت کو ابن سیرینؒ اور ابراہیم جائز فرماتے ہیں۔ حالانکہ یہ دانت مردہ کا بھی ہوتا ہے اور زندہ کا بھی جو بقاعدہ ما ابین عن الحی فہو میتۃ ناپاک ہونا چاہیے تھا۔ ان تمام باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ عند السلف مُنجّس تغیر ہے پر اور ہڈیاں تغیر پذیر نہیں لہذا بلانکیر ان کا استعمال جائز ہے اسی اصول کے پیش نظر زہری کا فتویٰ ہے لاباس بالماء مالم یغیرہ طعم او ریح او لون۔ لہذا بدلائل ثابت ہوگیا کہ ماء مختلط بالنجاسۃ جب تک صفات ماء پر قائم ہے طاہر ہے اور جب صفات نجاست میں متغیر ہوگیا تو نجس اور ناپاک ہوگیا۔ وہو المدعیٰ۔

باب الماء الدائم۔ وفی بعض النسخ لاتبولوا فی الماء الدائم بخاری کا مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ پانی میں پیشاب کرنے کی نہی کو دائم غیر جاری کے ساتھ کیوں مقید کیا مطلق کیوں نہ رکھا جو دائم اور غیر دائم نیز جاری اور غیر جاری یعنی راکد کو بھی شامل رہتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ مقصد وہی ہے کہ دائم غیر جاری میں پیشاب کرنے سے صفات ماء میں تغیر آسکتا ہے جس کے بعد اس کو ناپاک کہنا صحیح ہوگا۔ لیکن دائم جاری میں بوجہ عدم استقرار نجاست تغیر اوصاف کا خطرہ نہیں اس بنا پر تعبیر میں اس کو علیحدہ کردیا حاصل یہ ہوا کہ ماء دائم غیر جاری میں پیشاب کی نہی اس خطرہ کے ماتحت ہوئی کہ استقرار بول کے باعث کثرت ابوال سے ایک نہ ایک دن وہ پانی متغیر ہوکر غسل یا وضوء کے قابل نہیں رہیگا۔ یہ وجہ نہیں کہ پیشاب کرنے سے فوری طور پر اس میں نجاست پیدا ہو جاتی ہے۔ تغیر ہو یا نہ ہو جیسا کہ شوافع اور احناف کا خیال ہے۔

## باب اذا القی علی ظہر المصلی قذر او جیفۃ لم تفسد علیہ صلوٰتہ۔ وکان ابن

عمر اذا رأی فی ثوبہ دما وھو یصلی وضعہ ومضی فی صلوٰتہ وقال ابن المسیب والشعبی اذا صلی وفی ثوبہ دم او جنابۃ او لغیر القبلۃ او تیمم وصلی ثم ادرک الماء فی وقتہ لا یعید۔ اثناء صلوٰۃ میں مصلی کے بدن یا کپڑے پر نجاست واقع ہونے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ ابن عمرؓ نماز کی حالت میں خون یا منی کپڑے پر دیکھتے تو نماز ہی میں کپڑا الگ کر دیتے اور نماز میں مشغول رہتے۔ ابن المسیب اور شعبی کا فتویٰ ہے کہ لاعلمی میں خون آلود یا منی آلود کپڑے کی نماز بعد العلم واجب الاعادہ نہیں معلوم ہوا کہ یہ تمام حضرات ابتداء صلوٰۃ اور بقاء صلوٰۃ میں فرق کر رہے ہیں۔ علم نجاست کی صورت میں دخول فی الصلوٰۃ قطعاً ممنوع لیکن دخول فی الصلوٰۃ کے بعد اثناء صلوٰۃ میں علم ہوا ہو یا بعد اتمام الصلوٰۃ فی الوقت یا بعد الوقت نجاست کا علم ہو ہر دو صورت میں نماز صحیح اور مودیٰ ہے اعادہ کی حاجت نہیں ترجمہ کا مقصد بھی یہی ہے حضرت شاہ صاحبؒ اپنے تراجم میں ارشاد فرماتے ہیں غرض المؤلف من عقد الباب ان عروض الاشیاء التی تمنع انعقاد الصلوٰۃ ابتداءً فی اثنائھا لا تفسد الصلوٰۃ۔ اور شراح نے بھی اس سے زائد کچھ نہیں فرمایا۔ شبہ یہ ہوتا ہے کہ یہ تو کتاب الصلوٰۃ کا مسئلہ ہے کہ فلاں چیز سے نماز فاسد ہوگی اور فلاں سے نہیں اس کا کتاب الوضوء سے کیا جوڑ ہوا۔ جہاں تک میری نظر ہے اس طرف کسی کو متوجہ نہیں پایا۔ احقر کے خیال میں ایک بات آرہی ہے جس کو بیان کرنے سے ایک طرف اپنی ہیچدانی اور دوسری طرف مجادلین کا ڈر زبان قلم کو روکتا ہے۔ مگر بامید اصلاح اس کو پیش کیے دیتا ہوں حدیث لا یبولن

احدکم فی الماء الدائم آہ میں بخاری کا یہ نظریہ معلوم ہوا تھا کہ اُن کے نزدیک سبب نہی افضاء الی التغیر ہے جو دیر تک ابوال کثیرہ کے محتبس فی الماء رہنے کی صورت میں ایک لابدی امر ہے ورنہ حالت راہنہ میں حامل بول پانی طاہر ہے نجس نہیں۔ اس پر یہ سوال ہو سکتا ہے کہ سبب نجاست یعنی بول پانی میں موجود ہوا اور اثر نجاست پانی میں نہ آئے اس کے معنی کیا ہوئے۔ پانی یا کپڑا اصل سے طاہر ہیں، جب ان سے نجاست کا تعلق ہوا حامل نجاست بن گئے اور حامل نجاست ہی کو نجس کہا جاتا ہے اس کے جواب کے لیے بخاری نے کتاب الصلوٰۃ کا مسئلہ رکھ دیا۔ وضوء مقدمہ صلوٰۃ ہے گویا در بارہ طہارت صلوٰۃ

اصل ہے اور جب صلوٰۃ ہی میں اسباب نجاست کی موجودگی کے باوجود حکم نجاست کچھ دیر کے لیے متاخر ہوجاتا ہے تو وضو میں ایسا ہونا کیا مستبعد ہوسکتا ہے نماز کے لیے کپڑے کی طہارت بنص قرآنی لازم اور ضروری ہے لیکن ساجز سجدہ کی حالت میں کمر پہ رکھ دیا جاتا ہے اور آپ نماز پڑھتے رہتے ہیں حالانکہ وہ نجاست میں لت پت تھا ابن عمر نماز پڑھتے پڑھتے کپڑے پر خون دیکھتے ہیں تو کپڑا الگ کردیتے ہیں مگر نماز لوٹاتے نہیں۔ سعید ابن المسیب، شعبی آلودہ کپڑے میں نماز پڑھنے کے بعد آلودگی کا علم ہونے پر اس نماز کا اعادہ نہیں کراتے، حالانکہ یہی حضرات درصورت علم دخول فی الصلوٰۃ بالثوب النجس کو ناجائز اور حرام فرماتے ہیں اور نماز کو مجزی نہیں مانتے۔ نجس موجود مگر اثر منتفی اور علم ہوجائے تو اُسی کو دربارہ تنجیس ثوب موثر مان کر نزع ثوب اور تطہیر کا حکم دیتے ہیں۔ اسی طرح بول پانی میں موجود ہے مگر فقدان اثر کے باعث حکماً معدوم ہے۔ ظہور اثر سے اس کا وجود پانی میں نمایاں ہوا تو نجاست کے احکام بھی اس پر متفرع ہوئے ہذا ولعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا۔

## باب البزاق والمخاط ونحوہ فی الثوب والبدن ونحوہ من الماء وغیرہ والمراد منقولہ ونحوہ فی

الترجمۃ النخاعۃ والعرق اجمعوا علیٰ طہارۃ الریق والمخاط الا ما نقل عن سلمان وابراہیم فقد قال ابن حزم صح عن سلمان الفارسی وابراہیم النخعی ان اللعاب نجس اذا فارق الفم، استدلال میں پیغمبر کے نخامہ اور بزاق کا ذکر ہے مگر بخاری خصوصیت نہیں مانتے خصوصیت کا معاملہ مستقل دلیل کا محتاج ہے۔ یہاں بھی دو چیزیں ہیں ایک مطلق استعمال جس سے مسئلہ طہارت کا تعلق ہے سو اس میں ریق پیغمبر کی خصوصیت نہیں نماز کی حالت میں تھوکنے کی ضرورت ہو تو اپنے بائیں پیر کے نیچے تھوکنے کی اجازت ہوئی اس کا بھی موقع نہ ہو تو تھوک کو اپنے کپڑے میں لے کر مل ڈالنے کا حکم ہوا۔ دوسرا تبرک بالریق والمخاط تو ظاہر ہے کہ ریق ومخاط قذر ہیں جن سے عام طور پر گھن کی جاتی ہے یہ خصوصیت تو ریق پیغمبر ہی کی ہوسکتی ہے کہ اُس کی تعظیم ہو اور بطور تبرک اس کو چہروں اور بدنوں پر ملا جائے الحاصل پانی میں بزاق اور مخاط کے ملنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا جس طرح کہ کپڑا یا بدن ان سے آلودہ ہوکر ناپاک نہیں ہوتا ۱۲

**باب لا یجوز الوضوء بالنبیذ ولا بالمسکر** نبیذ تمر کے علاوہ جملہ قسم کی نبیذوں سے وضو ناجائز ہے۔ صرف نبیذ تمر میں امام ابو حنیفہ چند شرائط کے ساتھ وضوء کی اجازت دیتے ہیں منجملہ ان کے ایک شرط یہ بھی ہے کہ مسکر نہ ہو اس اجازت میں غسل داخل نہیں غسل کے معاملہ میں امام ابو حنیفہ جمہور کے ساتھ ہیں۔ بخاری وضوء بالنبیذ میں جمہور کی موافقت فرما رہے ہیں نبیذ تمر سے بھی کسی حالت میں وضوء کی اجازت نہیں دیتے مگر استدلال کا سہارا نہیں، لیلۃ الجن والی حدیث کے ضعیف کہنے سے عدم جواز توضی بنبیذ التمر کا دعوی موجہ نہیں ہوسکتا اسی کے لیے بخاری نے ادھر اُدھر کے ایک دو آثار نقل کر دیے اور وہ بھی خوش قسمتی سے نہ بخاری کو مفید نہ امام کو مضر جس کی تفصیل کا یہاں موقعہ نہیں لہذا مصنف نے سوچ کر ایک دور کا راستہ نکالا کہ نبیذ مسکر ہے اور مسکر حرام اور حرام سے وضوء ناجائز لہذا نبیذ تمر سے بھی وضوء ناجائز اسی کی پیش بندی کے طور پر ترجمہ میں نبیذ کے ساتھ ولا بالمسکر کا اضافہ فرمایا مگر سابق میں معروض ہو چکا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ نے وضوء بالنبیذ کی اجازت کے ساتھ اُس کے غیر مسکر ہونے کی شرط رکھ دی ہے۔ حسنؒ وضوء بالنبیذ کو مکروہ فرماتے ہیں۔ عند الحافظ یہ کراہت تنزیہی ہے۔ ابو العالیہ نے اپنے زمانہ کی انبذہ خبیثہ کو ممنوع الاستعمال قرار دیا ہے۔ ابن مسعود کی نبیذ سے وضو کرنے کو تو وہ بھی منع نہیں فرماتے پھر وہ تو غسل کو منع کرتے ہیں نہ کہ وضوء کو عطاؔ نے تو احب کہہ کر وضوء بالنبیذ کا جواز تسلیم کر لیا۔ خدا جانے بخاری کس خیال میں ہیں ہم نے اس مقام پر القول الفصیح میں ایک لطیف اصول کی طرف لطیف پیرایہ میں اشارہ کیا ہے فمن شاء الاطلاع فلیرجع الیہ ۱۲

**باب غسل المرأۃ اباھا الدم عن وجہہ** بظاہر ترجمہ کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ عند الضرورۃ اصل وضوء میں بھی استعانت بالغیر کا مضائقہ نہیں خواہ کل وضوء میں نہ ہو مثلاً منہ یا پیر دوسرے سے دھلوا لیے جائیں یا پورا وضوء دوسروں کے ہاتھوں ہو اپنا عمل کچھ بھی نہ ہو ابو العالیہ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ میرا پیر مریض ہے اس پر مسح کر دو۔ مصنف عبد الرزاق میں پورا اثر اس طرح منقول ہوا ہے عن عاصم ابن سلیمان قال دخلنا علی ابی العالیہ وھو وجع فوضئوہ فلما بقیت احدی رجلیہ قال امسحوا

علیٰ ہذا فانہا مریضۃ اس سے معلوم ہوا کہ ابو العالیہ مریض تھے پورا وضو دوسروں نے کرایا اور ایک پیر پر بجائے غسل کے مسح کرنے کا حکم دیا۔ حضرت فاطمہ اپنے دست مبارک سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کا خون دھو رہی تھیں حضرت علی پانی ڈال رہے تھے پھر جس طرح عند الضرورت دوسرا شخص چہرہ دھو سکتا ہے وضو بھی کرا سکتا ہے بلکہ وہ اولیٰ بالجواز معلوم ہوتا ہے ۱۲

ہم نے ترجمہ کا ظاہری مطلب لکھ دیا مگر غور کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ مقصد اس سے آگے ہے مؤلف نے ترجمہ میں رجل اور امرأۃ کا ذکر فرمایا ہے اگر یہ اتفاقی نہیں ہے تو یہ کہنا پڑیگا کہ مس مرأۃ کے مسئلہ کی طرف اشارہ منظور ہے یعنی مس مرأۃ ناقض وضو نہیں ظاہر ہے کہ دم جرح سے تو عند المؤلف وضو ٹوٹتا نہیں تو ایسی حالت میں حضرت فاطمہ کو غسل وجہ کا موقعہ دینا حالانکہ حضرت علی بھی موجود ہیں اگر نقض وضو کا موجب ہوتا تو قابل احتراز و احتیاط تھا۔ یہ ایک لطیف اشارہ ہے اس پر کوئی جد نہیں واللہ اعلم۔

**باب السواك** ۔ سواک کی سنیت سب کو مسلم ہے مگر ایک چھوٹی سی بات میں اختلاف ہو گیا کہ سواک من سنن الوضوء ہے یا من سنن الصلوٰۃ۔ مؤلف نے کتاب الوضوء میں رکھ کر اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ سواک دراصل من سنن الوضوء ہے من سنن الصلوٰۃ نہیں۔ حدیث اور ترجمہ کی تطبیق ظاہر ہے۔

**باب دفع السواك الى الاكبر**۔ یعنی مسواک اگرچہ بادی النظر میں ایک معمولی شے ہے اس لحاظ سے چھوٹوں کو دینا مناسب معلوم ہوتا ہے مگر عند الشرع اس کا بڑا درجہ ہے لہذا ابنا سبت درجہ بڑے کو دی جائے۔ ۱۲

**باب فضل من بات على الوضوء**۔ نوم اخ الموت ہے لہذا باوضو سونا چاہیے تاکہ خاتمہ طہارت پر ہو اور موت علی الفطرۃ واقع ہو۱۲

تم الجزء الاول من الصحیح بعون اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کتاب الغُسل

وقول اللہ تعالیٰ وَاِنْ کُنْتُمْ جنبًا فاطھروا الی قولہ لعلکم تشکرون وقولہ جل ذکرہ یاایھا الذین اٰمنوا لاتقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاری الی قولہ عفوا غفورا یعنی جنبی ہو تو پورے طور پر تمام بدن کا غسل کرو ظاہر کا بھی غسل ہو اور باطن کے اس حصّہ کا بھی غسل ہو جہاں بلا ضرر پانی پہنچا یا جا سکتا ہو۔ یہاں وضو کی طرح اقتصار علی بعض اعضاء الجسم کافی نہ ہوگا فاطّھّروا کے مبالغہ اور اغتسلوا کے تشریحی بیان سے یہ جملہ امور ثابت ہیں عند الحافظ اغتسلوا اطھروا کی تفسیر ہے اور اسی تنبیہ کی خاطر آیات کی ترتیب بدلنا پڑی واللہ اعلم

**باب الوضوء قبل الغسل** یعنی غسل کا مسنون طریق یہ ہے کہ وضوء سے آغاز ہو اس طرح پر غسل کرنے کے بعد بغیر کسی خاص مجبوری کے دوبارہ وضو اچھا نہیں بلکہ عند البعض بعد الغسل کا وضو بدعت ہے اس وضو میں پیر دھولے نہ دھونے کا معاملہ حالات مغتسل کے تابع رہیگا اگر مستنقع ماء میں غسل ہو تو غسل رجل موخر کرے ورنہ وضوء کے ساتھ پیر بھی دھوڈالے۔

**باب غسل الرجل مع امرأتہ** ۔ ایک ظرف سے میاں بیوی کا بیک وقت غسل کرنا جائز ہے خواہ اس طرح غسل کرنے میں ایک کا دوسرے سے مس ہوتا رہے جیسا کہ عادۃً اختلاف ایدی میں ہوا کرتا ہے مگر یہ مضر نہیں کیونکہ مس مرأۃ ناقض طہارت نہیں۔ بخاری نے ترجمہ میں معیت کی قید لگا کر واقعہ حدیثیہ کی صورت وقوع پر تنبیہ فرمادی جو دوسرے طرق سے ثابت ہے اگرچہ حدیث مذکور میں بجز وحدت اناء کے معیت فی الغسل کا کوئی تذکرہ نہیں اور بقول علامہ سندھی وحدت اناء وحدت زمان کو مستلزم بھی نہیں غرض ترجمہ میں واقعہ کی تصویر پیش کی گئی ہے۔ عام تراجم کی طرح اس کی حیثیت دعوی کی نہیں رکھی گئی تاکہ حدیث باب میں اس کی دلیل تلاش کی جائے اور موافق مطلب الفاظ کے نہ ملنے پر مولف کو مورد طعن قرار دیا جائے خوب سمجھ لیں واللہ اعلم۔

**باب الغسل بالصاع ونحوہ** - یعنی دربارہ ماءِ غسل صاع وغیرہ کی تحدید نہیں کمی بیشی بھی جائز اور ثابت ہے۔ روایات میں جو کان یتوضأ بالمد ویغتسل بالصاع آیا ہے وہ قدر ما یکفی کا اظہار ہے تحدید نہیں دیکھیے ابھی باب سابق میں ایک فرق پانی سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عائشہ کا غسل ثابت ہو چکا ہے۔ فرق ہوتا ہے تین صاع کا اگر ظرف بھرا تھا اور کل صرف ہو گیا تو فی غسل ڈیڑھ ڈیڑھ صاع کا حساب بیٹھا ورنہ مقدار صاع میں کمی بیشی کا احتمال تو پیدا ہو ہی گیا۔ ابو سلمہ کی روایت میں فدعت باناء نحو من صاع اور دوسرے طریق میں "قدر صاع" کی صراحت موجود ہے تیسری روایت میں یکفیک صاع اور کان یکفی من ہو اوفی منک شعرا سے صاع کا قدر ما یکفی ہونا جو کہ ترجمہ کا مقصد ہے صاف ظاہر ہو رہا ہے چوتھی روایت میں یغتسلان من اناء واحد اگرچہ مقدار اناء کو نہیں بتلاتا مگر روایات کے باہم ملانے سے اتنا پتہ تو ضرور چلتا ہے کہ تنہا غسل کی صورت میں ایک صاع اور دو کے غسل میں ایک فرق مستعمل تھا پس لا اقل یہاں مجموعہ غسلین کے لیے دو صاع پانی تو ضرور ہوگا ورنہ زائد بھی ہو سکتا ہے پس ایک صورت میں فی غسل ایک صاع اور دوسری تقریر پر فی غسل صاع سے کچھ زائد پڑیگا اور صاعین کی تقریر پر بھی یہ کیا ضرور ہے کہ پانی کا صرف بالکل برابر ہوا اور جب کمی بیشی کا امکان موجود ہے تو صاع مع شئے زائد اور صاع مع نقصان شئے سے ترجمہ "الغسل بالصاع ونحوہ" ثابت ہو جائیگا کیونکہ نحو صاع میں زیادۃ اور نقصان دونوں داخل ہیں فتامل ولا تغفل۔

**باب من افاض علیٰ راسہ ثلثا** - سر پر تین لپ ڈالنا کافی ہے کیونکہ مقصد تو تمام سر کا غسل ہے اور وہ تکرار غسلات میں بدرجہ اتم حاصل ہو جاتا ہے اور تثلیث تکرار کی آخری حد ہے لہٰذا اسی پر اقتصار کیا جائے حاصل یہ ہے کہ تثلیث مقصود لذاتہ نہیں بلکہ مطلوب لاجل الاستیعاب ہے ممکن ہے کہ اشتراط صب کی طرف اشارہ ہو واللہ اعلم۔

**باب الغسل مرۃ** - یعنی ادائے فرض کے لیے مرۃ مرۃ اعضاء کا غسل بس ہے۔ تکرار غسلات اور تثلیث مرات کی حاجت نہیں اس موقعہ پر حضرت میمونہؓ آپ کے غسل کا واقعہ نقل فرماتی

ہیں یعنی آپ نے کس طرح غسل فرمایا تھا تو فرماتی ہیں دو مرتبہ ہاتھ دھوئے تھے اُس کے بعد بائیں ہاتھ پر پانی ڈال کر استنجا کیا تھا اور ہاتھ زمین سے مل کر دھوئے تھے۔ اس کے بعد علی الترتیب اعضاء وضو کا غسل ہوا البتہ پیروں کا غسل موخر کر دیا گیا تھا پھر تمام جسد پر پانی ڈال لیا گیا تھا ظاہر ہے کہ اگر اعضاء کے غسل میں تکرار ہوا ہوتا تو اس موقعہ پر جبکہ غسل ایدی کے تکرار کو بیان فرما رہی ہیں بقیہ اعضاء میں بھی تکرار غسلات اور تعداد کو ضرور بیان فرماتیں پس اس موقعہ پر بیان کے سکوت سے صاف پتہ چلتا ہے کہ کم از کم اس غسل میں تو تکرار غسلات نہیں ہوا جس سے غسل مرۃ کی کفایت ثابت ہوگئی وہو المدعیٰ۔ قال ابن بطال یستفاد ذالک من قولہ ثم افاض علی جسدہ لانہ لم یقیدہ بعدد فیحمل علی اقل ما یسمی وہو المرۃ الواحدۃ لان الاصل عدم الزیادۃ علیہا انتہی علامہ سندھی فرماتے ہیں ولا یکفی فی الاستدلال القول بان الاصل عدم الزیادۃ علی المرۃ ضرورۃ انہ حکایۃ فعل وقع فی الخارج لایدری علی ای کیفیۃ کان فمجرد ان الاصل عدم الزیادۃ لا یحکم بوحدۃ المرۃ کما لا یخفی قلت ہذا ردٌ حسنٌ۔

**باب من بدأ بالحلاب او الطیب۔** اس ترجمہ کی وجہ سے مؤلف علام پر بڑی لے دے ہو رہی ہے۔ اسماعیلی نے اپنی مستخرج میں بخاری کو الزام دیا ہے کہ انہوں نے حلاب کو خوشبودار چیز سمجھ لیا حالانکہ حلاب تو دوہنی کو کہتے ہیں جس میں دودھ دوہا جاتا ہے۔ خطابی نے بھی مؤلف کو اسی قسم کا الزام دیا ہے ابن قرقول، ابن جوزی اور دوسرے بہت سے حضرات اس الزام میں خطابی موافقت فرما رہے ہیں امام ازہری نے فرمایا کہ یہ رواۃ کی تصحیف ہے اصل میں یہ لفظ جُلّاب بضم الجیم وتشدید اللام تھا معرب گلاب یعنی ماء الورد اور وہ طیب ہے۔ ابن الاثیر نے اس کی تردید فرمائی ہے کہ یہ روایتاً و درایتاً ہر اعتبار سے غلط ہے روایتاً تو ظاہر ہے کہ روایت بالحاء المہملہ وتخفیف اللام ہے، اور درایتاً اس بناء پر کہ خوشبو کا استعمال بعد الغسل انسب ہے نہ کہ قبل الغسل بعض نے حلاب سے مُحَلَّب بزور مراد لیا ہے یہ ایک قسم کا مرکب پوڈر ہوتا ہے جس سے سر اور جسم کو صاف کرتے ہیں جس طرح کہ ہمارے بلاد میں کھلی یا پنجاب میں دہی سے سر دھونے کا رواج ہے عرب میں محلب بزور کا رواج تھا مگر لفظ حلاب اس معنی میں اہل زبان کے نزدیک روشناس نہیں ہوا ورنہ توجیہ معقول تھی ہمارے

خیال میں ترجمہ کا مطلب واضح ہے کہ غسل میں بدایت بالحلاب اور بدایت بالطیب دونوں صحیح
ہیں خواہ تو یوں کرلیں کہ اول پانی سے نہا ڈالیں بعد میں خوشبودار تیل اور عطریات کا استعمال کریں
جیساکہ عام دستور ہے یا یوں کرلیں کہ اول جسم اور بالوں پر خوشبودار تیل کی مالش کریں بعد میں
غسل کریں۔ پورب وغیرہ میں اسی طریق کا رواج ہے اس طرح غسل کرنے کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ جسم
پر روغنیات کی تراوٹ اور شادابی عرصہ تک قائم رہتی ہے۔ خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حج کے
موقعہ پر اس قسم کا عمل ثابت ہوا ہے جس کو مؤلف ایک مستقل باب میں بیان فرمائینگے۔ اس صورت
میں حلاب بھی اپنے متعارف معنی پر باقی رہتا ہے اور مؤلف کے اوپر سے تمام الزامات بھی
رفع ہوجاتے ہیں۔ ہمیں حیرت ہے کہ شارحین نے اس صحیح اور بے تکلف تفسیر کو کیوں نہ اختیار
فرمایا۔ غایت سے غایت یہ کہا جاسکتا ہے کہ حدیث کی یہ تعبیر کہ دعا بشیٔ نحو الحلاب فاخذ بکفہ فاخذ
بشق راسہ الایمن ثم الایسر اس کی موہم ہے کہ حلاب از جنس طیب کوئی شئے ہے لیکن وضوح
حقیقت کے بعد اس قسم کے ایہامات قابل اعتنا نہیں ہوتے۔ حاصل ترجمہ بزبان عربی یوں سمجھیے
کہ من بدأ بالحلاب أی بالغسل قبل استعمال الطیب فقد اصاب ومن بدأ بالطیب فی راسہ او
جسدہ ثم اغتسل بالماء فقد اصاب۔ اس ترجمہ کی ایک دوسری مناسب توجیہ یوں بھی ہوسکتی ہے
کہ حلاب سے وہ پانی مراد ہو جس میں کچھ لبنیت کے آثار و کیفیات شامل ہوں ایسے پانی میں بوجہ
شمول اجزاء لبنیہ تنقیہ جسم، تصفیہ شعور، ترطیب بدن کی شان بڑھ جاتی ہے جس طرح صابون یا
اشنان وغیرہ کے پانی میں جوش دینے سے ازالہ وسخ اور تنقیہ وغیرہ کی قوت بڑھ جاتی ہے اور
طیب سے ما یطیب الجسم وینقیہ عن الاوساخ مراد ہو طیب معروف یعنی خوشبودار تیل یا عطریات
وغیرہ مراد نہ ہوں اس صورت میں ترجمہ کا مطلب یہ ہوگا کہ غسل کے آغاز میں ایسی چیزوں کا استعمال
مناسب ہوگا جن سے میل کچیل کے دور کرنے اور بدن کے صاف اور ستھرا بنانے میں مدد ملے پھر لفظ
او خواہ بمعنی واؤ ہو چنانچہ بعض نسخوں میں او کی جگہ واؤ منقول ہوا ہے یا او اپنے معنی میں رہے اور طیب
سے ماوراء حلاب مراد ہو اور حکم حلاب سے حکم طیب پر استدلال ہو کہ یہ بھی استدلال کا ایک صحیح

طریق ہے روایات تیمم کے ذیل میں فان الماء لہ طہور کی جگہ فان الماء لہ طیب بھی منقول ہوا ہے واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

**باب المضمضۃ والاستنشاق فی الجنابۃ**۔ قال العلامۃ السندھی ای انہما من غسل الجنابۃ اعم من کونہما واجبین ام لا اذ لا دلالۃ لحدیث الباب علی الوجوب ولا علی عدمہ وقیل اراد عدم وجوبہما لان فی بعض روایات الحدیث ثم توضأ وضوئہ للصلوٰۃ فدل علی انہما للوضوء وقام الاجماع علی ان الوضوء فی غسل الجنابۃ غیر واجب والمضمضۃ والاستنشاق من توابع الوضوء فاذا سقط الوضوء سقطت توابعہ۔ میں کہتا ہوں کہ ذکر وضوء کے بعد مستقلا مضمضہ اور استنشاق فی الجنابت کا ترجمہ بظاہر اس طرف مشیر نظر آتا ہے کہ غسل جنابت میں مضمضہ و استنشاق کی حیثیت وضوء کے مضمضہ اور استنشاق سے جداگانہ اور ممتاز ہے یہاں تو فاطہروا کے امر کے ماتحت مضمضہ اور استنشاق مطلوب ہوا پس جس طرح کہ ظاہر جسد کا غسل بما تحتی امر واجب اور ضروری ہوا اسی طرح محل مضمضہ اور استنشاق کا غسل بھی ضروری ہوگا وضوء میں مضمضہ اور استنشاق کی حیثیت تکمیل کی تھی لہذا سنت ہوئے مگر یہاں بالاستقلال ان مواضع کا غسل مطلوب ہے اور فاطہروا کے ماتحت مطلوب ہے واللہ اعلم

**باب مسح الید بالتراب لتکون انقیٰ**۔ لتکون انقی کہہ کر مسح ید بالتراب کی شرعی حیثیت واضح کردی اب کوئی نادان اس قید کو حدیث میں تلاش کرنے لگے اور نہ ملنے پر بخاری کو مورد الزام قرار دے تو اُس کا قصور ہوگا بخاری تو اپنا معاملہ صاف کر چکا۔ اصل یہ ہے کہ بخاری کے تمام تراجم ایک نوع کے نہیں ہیں ان میں مختلف شئون کا ظہور ہے اسی لیے تو کہا گیا ہے کہ علم البخاری فی تراجمہ جس نے اس حقیقت کو سمجھ لیا اس کے لیے تراجم کا سمجھنا آسان ہوگیا۔ الحمد للہ کہ ہمارے اساتذہ کرام رحمہم اللہ اجمعین اس حقیقت کو خوب سمجھے وذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم ۱۲

**باب ھل یدخل الجنب یدہ فی الاناء قبل ان یغسلھا اذا لم یکن علی**

بدلالۃ قولہ غیر الجنابۃ۔ جنبی کا بدن باستثناء اس حصہ کے جس پر منی یا اور کوئی دوسری نجاست لگی ہو پاک ہے۔ جنابت محض حکمی نجاست ہے جس کی بناء پر بعض شرعی پابندیاں جنبی پر عائد ہو جاتی ہیں مسجد میں قدم نہیں رکھ سکتا۔ قرآنِ پاک کو ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ تلاوت نہیں کر سکتا وغیرہ وغیرہ۔ اس بناء پر جنبی کے پانی میں ہاتھ ڈالنے سے جبکہ اس کے ہاتھ صاف ستھرے ہوں کسی قسم کی ظاہری گندگی سے آلودگی نہ ہو پانی کی طہارت پر کوئی بُرا اثر نہیں پڑتا اگرچہ تقاضائے ادب یہی ہے کہ پانی میں ہاتھ ڈالنے سے قبل ان کو تین مرتبہ دھو لینا چاہیئے، مگر یہ اس درجہ ضروری نہیں ہے کہ چاہے حالات کچھ بھی ہوں اور کتنی ہی شدید مجبوری ہو مگر بغیر دھوئے ہاتھ ڈالنا جرم قرار پائے ابن عمر اور براء ابن عازب نے بغیر دھوئے ہاتھ مطہرہ میں ڈال دیے اس کی پرواہ نہیں کی کہ پانی خراب ہو جائیگا اور اسی پانی سے وضو کیا بلکہ ابن عمر اور ابن عباس کے نزدیک تو اس کا بھی مضائقہ نہ تھا کہ جنابت کے غسل میں غسالہ کے چھینٹے پانی میں پڑ جائیں۔ مطلب یہی ہے کہ جب جسم پر کسی قسم کا قذر نہیں تو غسالہ میں بھی قذر شامل نہیں اور جب مستعمل پانی قذر نہیں تو اُس کے غیر مستعمل پانی میں اختلاط سے کوئی خطرہ نہیں اس باب میں چار روایتیں مذکور ہیں جس میں بعض کی تطبیق میں کچھ دشواری نظر آتی ہے پہلی حدیث میں تختلف ایدینا فیہ کی ترجمہ سے اس طرح مناسبت ہو سکتی ہے کہ اثناء غسل میں بار بار پانی میں ہاتھ ڈال کر پانی لینے سے مستعمل اور غیر مستعمل کا اختلاط لابدی ہو جاتا ہے تقاطر ہو تو ظاہر ہے اور عدم تقاطر کی صورت میں بھی بر تقدیر نجاست بدن اس سے متعلق پانی کی نجاست لازم اور بالواسطہ مار غسل کی نجاست بھی لازم ٹھہری تو ابتداءً ہاتھ دھو کر پانی میں ڈالنا یا بغیر دھوئے پانی میں ہاتھ گھول دینا سب برابر ہو گیا کیونکہ جب تک غسل اترا نہیں بدن ناپاکی سے نکلا نہیں وہذا ظاہر فثبت ان بدن الجنب طاہر قبل الاغتسال فیدہ طاہرۃ فلا باس فی ادخالہا الماء قبل ان یغسلہا اذا لم یکن علیہا قذر غیر الجنابۃ وہو المطلوب دوسری روایت میں اس عادت کا اظہار ہے کہ غسل جنابت سے قبل ہاتھ دھوئے جاتے تھے خواہ برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لینا پڑتا یا برتن جھکا کر ہاتھوں کا غسل ہوتا اس کے بعد اثناء غسل کا عمل وہی ہے جو پہلی روایت میں بضمن "تختلف ایدینا فیہ" مذکور ہوا تیسری روایت

میں اس امر کی صراحت ہے کہ یہ غسل من انا ر واحد جنابت کا غسل ہوتا تھا جو پہلی روایت میں مسکوت عنہ کے درجہ میں تھا اور دوسری میں گو من جنابۃ کی صراحت ہے مگر اس میں یہ نہیں بتایا گیا کہ غسل کا طریق کیا ہوتا تھا با دخال الید فی الاناء ہوتا یا بہ اخراج الماء عن الظرف بالا مالہ ہوتا چوتھی روایت میں وحدۃ اناء اور قید جنابۃ دونوں مذکور ہیں مگر ادخال ید فی الاناء سے سکوت ہے بخاری کا منشا ریہ ہے کہ ان روایات کے اطلاقات میں وہی تفصیل ملحوظ ہے جس کو ہم مفصل روایت کے حوالہ سے پیش کر چکے ہیں[1]

## باب تفریق الوضوء والغسل

غسل اور وضوء سے موالاۃ کی شرط کو اڑانا چاہتے ہیں۔ ابن عمر نے بازار میں وضوء کیا اور مسجد میں پہنچ کر اُس وقت پیر دھوئے جبکہ دیگر اعضاء خشک ہو چکے تھے مالکیہ غسل اور وضو میں موالاۃ کو ضروری سمجھتے ہیں موالاۃ کا مطلب ہے غسل الاخری قبل جفاف الاولیٰ فی اعدل الاحوال۔ مرفوع میں تفریق فی الغسل پر تفریق فی الوضوء سے استدلال ہو سکتا ہے کیونکہ دربارہ موالاۃ غسل اور وضوء یکساں ہیں اور یہاں تفریق فی الوضوء ثابت ہے کہ پیروں کا غسل فراغت کے بعد جگہ بدل کر ہوا رہا تخلل جفاف کا معاملہ سو اس کے لیے اتنی بات کافی ہے کہ درمیانی وقفہ اس قدر ہو جس میں عادۃً جفاف ہو جاتا ہو خواہ کسی عارض کی بنا پر جفاف نہ ہوا ہو جیسا کہ غسل کی حالت میں عمل غسل کے باعث . . . . . جفاف کی نوبت نہیں آسکی اور یہ بالکل یقینی ہے کہ مسح راس اور غسل قدمین میں اتنا وقفہ ضرور ہو جاتا ہے جس میں اعتدال بدن اور موسم کی صورت میں تخلل جفاف ہو جائے واللہ اعلم

## باب من افرغ بیمینہ علی شمالہ فی الغسل

فیہ رعایۃ شرف الیمین ولیس ہذا من باب استعمال الیمین فی الخسیس واللہ اعلم

## باب اذا جامع ثم عاد ومن دار علی نسائہ فی غسل واحد۔

والترجمۃ فیقولہا ینضخ طیبا کانہ اخذ منہ کون الغسل واحدا اذ لا یبقی اثر الطیب علی ہذا الوجہ مع تعدد الاغتسالات واما حدیث انس فکانہ اخذ منہ وحدۃ الغسل من وحدۃ الساعۃ اذ الدور علیہن بغسل جدید لکل واحدۃ یحتاج الی زمان کثیر واللہ تعالیٰ اعلم قالہ السندھی۔ ترجمہ کے دو جزء ہیں معاودۃ الی الجماع یعنی ایک

[1] لہ لزوم منزعیھا ور کی روایۃ عیناہ ہو سجرا ابواب ۱۲

[illegible]

ہی عورت سے ایک وقت میں دو جماع ہوں یا دوسرا جماع دوسری عورت سے ہو بہر حال صورت کچھ بھی ہو معاودۃ فی الجماع جائز ہے یہ ایک جزو ہوا دوسرا جزو ہے چند جماعوں کو ایک غسل میں جمع کرنا یہ بھی جائز ہے۔ ان دونوں جزؤں میں جزو ثانی کے ثبوت سے جزو اول کا ثبوت خود بخود ہو جاتا ہے ہاں جزو اول میں اس کی صورت اولیٰ کا ثبوت حیز خفا میں ہے سو اس کو یوں سمجھ لیں کہ جب بلا تخلل غسل معاودۃ الی الغیر جائز ہوئی تو معاودۃ الی الاولی بدرجہ اولیٰ جائز ہوگی ولا اقل کہ دونوں جواز میں برابر ہوں مسلم نسائی ابن خزیمہ ابن حبان نے حضرت انس کی روایات میں غسل مرۃ کی تصریح بھی نقل فرمائی ہے ممکن ہے ترجمہ میں مولف کی نظر ان روایات پر ہو۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

**باب غسل المذی والوضوء منہ۔** ترجمہ میں تین باتوں کا اشارہ ہے۔ مذی ناپاک ہے۔ تطہیر من المذی کے لیے غسل کا طریق متعین ہے۔ خروج مذی ناقض وضو ہے موجب غسل نہیں ہر سہ امور کا ثبوت "توضأ و غسل ذکرک" میں موجود ہے۔ حضرت علی خروج مذی سے غسل کیا کرتے تھے مقداد کی معرفت مسئلہ معلوم کیا تو آپ نے دو باتوں کا امر فرمایا۔ وضو کا اور غسل ذکر کا۔ سابق میں گزر چکا ہے کہ غسل علامت ہے شے مغسول کے نجاست کی لہذا تینوں مقصد ثابت ہو گئے ۱۲۔

**باب من تطیب ثم اغتسل وبقی اثر الطیب۔** ارادبہ ان المبالغۃ فی الدلک غیر لازم فی الغسل بحیث یذہب اثر طیب او دہن قد استعملہ من قبل کذا افید قلت ولا یضر بقاء اثر طیب و دہن استعملہ قبل الجماع بعد الغسل ولا یقال ان الرجل مجنب بعد لبقاء دہن تنجس بالجماع علی جسدہ و لان الدہن یمنع وصول الماء الی البشرۃ وہذا محل شبہۃ فترجم المؤلف لدفع ذالک واللہ اعلم ولاشک ان نضخ الطیب وبیصہ یدلان علی بقاء عین الطیب ولو یسیرا۔

**باب تخلیل الشعر حتی اذا ظن انہ قد اروی بشرتہ افاض علیہ۔** یعنی غسل جنابت میں اصول شعر اور جلدۃ الراس کا تر کرنا ضروری ہے محض تین لپ پانی کا سر پر ڈال لینا کافی نہیں پہلے تھوڑے پانی سے بطور تخلیل جڑوں کو تر کیا جائے۔ جب اُن کے تر ہو جانے کا

اطمینان ہوجائے تو تین لپ پانی سر پر ڈال لیں گویا غسل جنابت میں تخلیل راس کی اہمیت پر زور دینا چاہتا ہے نیز حدیث میں ترتیب مقلوب ہوگئی ہے ترجمہ میں صحیح ترتیب رکھ کر اُس پر بھی تنبیہ فرما دی واللہ اعلم۔

## باب من توضأ فی الجنابۃ ثم غسل سائر جسدہ ولم یعد غسل مواضع الوضوء منہ مرۃ اخریٰ

غسل جنابت میں وضوء کی حیثیت کیا ہے آیا مستقلا مطلوب ہے یا تبعًا للغسل۔ عند البعض وضوء خود مقصود لذاتہ ہے اس بنا پر یہ ضروری ہوجاتا ہے کہ بوقت غسل اعضاء وضوء پر مکرر پانی بہایا جائے ورنہ غسل ناتمام رہیگا اور اگر مقصود لذاتہ نہ ہو بلکہ تشریفا لاعضاء الوضوء غسل کا آغاز اعضاء وضوء سے رکھا گیا ہو تو جب ایک مرتبہ وہ اعضاء وضوء میں دُھل چکے اور اُن سے غسل کا آغاز ہوگیا تو بدن پر پانی بہاتے وقت دوبارہ ان پر پانی بہانا کوئی ضروری امر نہ مؤلف نے حدیث سے یہ سمجھا کہ ابتداء غسل میں وضو مقصود لذاتہ نہیں ورنہ غسل رجل کو موخر نہ کیا جاتا اور اگر تاخیر کی ضرورت ہی ہوتی تو غسل ثانی کی تاخیر سے بھی وہ ضرورت پوری ہوسکتی تھی پس معلوم ہوا کہ ابتداء غسل میں وضوء من حیث انہ وضوء مطلوب نہیں بلکہ اس حیثیت سے کہ اعضاء وضوء اشرف اعضاء جسم میں کرامۃً لاعضاء الوضوا ان اعضاء سے غسل کا شروع پسندیدہ ہوا وہو المطلوب۔ حدیث میں اعضاء وضوء اور جسد کا تقابل ڈالا گیا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ اس مقام پر جسد کا اطلاق اعضاء وضوء کے ماسوا پر ہوا ہے لہذا خلاصہ ترتیب یہ ہوا کہ اول استنجا کیا اُس کے بعد وضوء کر کے سر دھویا غسل راس سے نمٹ کر باقی ماندہ جسم پر پانی بہا لیا بعد میں جگہ بدل کر پیر دھوئے گئے۔ قلت، وفی الترجمۃ اشارۃ الی ان مس الذکر لاینقض الوضوء خلافا للشافعی فاعلم ذالک ۱۲

## باب اذا ذکر فی المسجد انہ جنب یخرج کما ھو ولا یتیمم

قولہ اذا ذکر من الذکر بضم الذال ای تذکر بعد ماکان نسیہ ولیس ہذا من الذکر بالکسر یعنی جنبی بھولے سے مسجد میں چلا جائے تو یاد آنے پر نکلنے کی کیا صورت اختیار کرے آیا تیمم کر کے نکلے یا فورًا بلا توقف مسجد سے باہر ہو جائے یا با نتظار تیمم مسجد میں بیٹھا رہے۔ بخاری کے نزدیک مکث فی المسجد کی گنجائش نہیں بعد التذکر فورًا

خروج لازم ہوگا بقدر تیمم بھی مکث کی اجازت نہیں دیتے۔ امام ابوحنیفہ کے نزدیک اگر کوئی شے
قابل تیمم ہو تو تیمم کر کے ورنہ بلا تیمم فوراً مسجد سے باہر نکلنا لازم ہوگا۔ عہ اور مسجد سے احتراماً تیمم کی اجازت
نہیں دیتے سفیان ثوری اور امام اسحٰق کے نزدیک خروج کے لیے تیمم ضروری ہے امام احمد جنبی کو وضوء
کے بعد مرور اور لبث فی المسجد دونوں کی اجازت دیتے ہیں۔ امام شافعی جنبی کو عبور فی المسجد کی تو اجازت
دیتے ہیں مگر بلا وضو لبث فی المسجد کو منع فرماتے ہیں داؤد ظاہری اور مزنی کے نزدیک ہر حالت میں
لبث فی المسجد کی اجازت ہے امام ابوحنیفہ کے نزدیک مسجد کا ضروری داخلہ بھی طہارت کے بغیر
مرخص نہیں اسی طرح عبور کی بھی اجازت نہیں۔ مسافر مسجد میں سو رہا تھا احتلام ہوگیا فوراً تیمم
کر کے مسجد سے باہر ہو جائے۔ اللھم الا ان لا یجد مساغاً للخروج بنحو مطر شدید او ظلمۃ شدیدۃ
اوخوف عدو او سبع الی غیر ذلک من الاعذار فلہ مکث فی المسجد اذا تیمم وکذا اذا لم یجد
ماءً یتیمم بہ۔ ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں نماز کے قصد سے تشریف لائے
اور مصلے پر پہنچ کر تحریمہ باندھنا چاہتے تھے کہ معاً جنابت کا تذکر ہوا اور آپ فوراً مسجد سے باہر ہو گئے
ظاہر یہ ہے کہ اس موقعہ پر تیمم للخروج نہیں ہوا اور اگر خروج بعد التیمم ہوا ہوتا تو بیان میں ضرور
آتا کیونکہ وقائع کے ذکر سے صحابہ کا مقصد محض قصہ گوئی نہیں ہوا کرتا تھا بلکہ اس کے ضمن میں شرعی
احکام کا اظہار مقصود ہوتا تھا پس یہ سکوت محل بیان کا سکوت ہوا جو حکماً بیان ہی کی حیثیت رکھتا ہے کذا
افادہ العلامۃ السندھی ۱۲

## باب نفض الیدین من الغسل من الجنابۃ

یعنی جنبی کا غسالہ طاہر ہے اذ النفض
لا یخلو من اصابۃ الرشاش بالبدن وہذہ مسئلۃ طہارۃ الماء المستعمل فی الوضوء والغسل وہو عندنا طاہر
غیر طہور وعند مالک طاہر وطہور قال العلامۃ العینی فان قلت ما فائدۃ ہذہ الترجمۃ من حیث الفقہ
قلت الاشارۃ بہا الی ان لا یتخیل ان مثل ہذا الفعل اطراح لاثر العبادۃ ونفض لہ فبین ان ہذا جائز
ونبہ ایضاً علی رد قول من زعم ان ترکہ للثوب من قبیل ایثار ابقاء آثار العبادۃ علیہ ولیس کذالک وانما
ترکہ خوفاً من الدخول فی احوال المترفین المتکبرین انتہیٰ بعبارتہ۔

عہ وفی الدر عن ابی حنیفۃ یخرج وان لم یتیمم واختارہ شیخنا العلامۃ الکشمیری ۱۲

## باب من بدأ بشق راسه الایمن فی الغسل

یعنی غسل راس میں بھی تیامن کی رعایت اولی ہے۔ وہذا اذا فرق الماء علی شقی الراس فاحری ان یبدء بالایمن علی الایسر والا فلا تیامن فی الصب مرۃ ہذا ۱۲ نیز ترجمہ میں شق ایمن کے ساتھ راس کی قید بڑھا کر اطلاق حدیث کی شرح کرگئے یعنی حدیث میں شق ایمن اور شق ایسر سے پورے بدن کا ایمن اور ایسر مراد نہیں ہے کیونکہ عادۃ نصف ایمن اور نصف ایسر کے غسل میں ایک ہاتھ سے کام نہیں چلتا بلکہ سر کا ایمن اور ایسر مراد ہے جہاں ایک ہاتھ کا عمل کافی ہوتا ہے۔ واللہ اعلم

## باب من اغتسل عریانا فی الخلوۃ ومن تستر فالتستر افضل

خلوۃ میں اگرچہ تعری فی الغسل جائز ہے مگر تستر افضل اور اولی ہے خدا تستر کو پسند کرتا ہے تو خلوۃ میں خدا سے شرم کرکے تستر اختیار کرنا چاہیے شریعت موسوی میں برہنہ غسل معیوب نہ تھا مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام پیغمبرانہ حیا کے باعث مجمع سے دور خلوۃ میں غسل فرماتے اور پردہ رکھتے ایوب علیہ السلام میدان میں برہنہ غسل فرما رہے تھے کہ آسمان سے سونے کی ٹڈیاں برسنے لگیں۔ ہر دو پیغمبروں کے فعل سے خلوۃ میں برہنہ غسل کا جواز نکلا اور "فاللہ احق ان یستحیی منہ من الناس" سے تستر فی الخلوۃ کی افضلیت ثابت ہوئی ۱۲

## باب التستر فی الغسل عند الناس

مجمع میں برہنہ غسل اعلیٰ درجہ کی بیحیائی ہے کہ نہ خدا کی شرم کی نہ مجمع کی لہذا تستر واجب ہوگا فکما لایجوز لاحد ان یبدی عورتہ لاحد من غیر ضرورۃ فکذالک لایجوز لہ ان ینظر الی فرج احد من غیر ضرورۃ ترجمہ کا مقصد یہ ہے کہ مجمع میں پردہ کے ساتھ غسل کا مضائقہ نہیں ہر دو حدیث سے اس کا جواز ثابت ہوا ۱۲

## باب اذا احتلمت المرأۃ فحکمہا حکم الرجال تغتسل اذا رأیت الماء

ابراہیم نخعی عورت پر احتلام کی صورت میں غسل واجب نہیں فرماتے رویۃ بلل ہو یا نہ ہو اس ترجمہ میں اُن پر رد ہو رہا ہے۔ واللہ اعلم۔

---

عہ واعلم ان التستر فی الفضاء مطلوب ولو بثوب ولو بخط حولہ فان لم یفعل وامن من المرور فلا باس واللہ اعلم ۱۲

**باب عرق الجنب وان المسلم لا ینجس** ۔یعنی انّ عرق الجنب طاہر وذالک ان المسلم لاینجس وان اجنب فھو طاہر البتہ ومن لوازم طہارتہ طہارۃ عرقہ ودل بفھومہ ان الکافر نجس فعرقہ کنفسہ واللہ اعلم۔ بظاہر دو ترجمے ہیں عرق الجنب اور ان المسلم لاینجس حدیث سے ان المسلم لاینجس کا ترجمہ ثابت ہے مگر مقصود عرق الجنب کا ترجمہ ہے جس کا حدیث میں اشارہ تک نہیں۔ بخاری کہتے ہیں یہ دیکھو کہ پسینہ ہے کیا۔ پسینہ ہے بدن کا پسیو اور جب جنبی مسلمان کا بدن ناپاک نہیں تو پسینہ کس طرح ناپاک ہو سکتا ہے ہذا واللہ اعلم۔ شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں ویستفاد من حدیث الباب طہارۃ عرق الجنب ایضاً لانہ صلی اللہ علیہ وسلم لما قال المومن لاینجس ولم یجتنب من الملاقاۃ والمصافحۃ والغالب ان لایخلوالانسان من عرق فی بدنہ علم منہ حکمہ صلی اللہ علیہ وسلم بطہارۃ عرقہ ومثل ہذاالاستدلال کثیر فی البخاری کما مر غیر مرۃ ۱۲

**باب الجنب یخرج ویمشی فی السوق وغیرہ** یعنی بفورجنابت غسل لازم نہیں البتہ نماز کا وقت آنے پر غسل ضروری ہو جاتا ہے۔ اس درمیان میں جنبی ہر کام کر سکتا ہے خواہ چل پھر کر کرنے کا ہو یا ایک جگہ بیٹھ کر کرنے کا ہو مثلاً اکل شرب حلق راس تقلیم اظفار احتجام باہر کا آنا جانا بازار جانا وغیرہ وغیرہ غالباً عطاء کا قول اسی مناسبت سے ذکر فرمایا ہے۔ وغیرہ کے عطف کے متعلق علامہ ابن حجر فرماتے ہیں بالجرای فی غیر السوق ویحتمل الرفع عطفاً علی یخرج من جہۃ المعنی قال العلامہ السندھی ای لالخروج وغیرہ من الافعال کالاکل وغیرہ پہلی روایت میں "یطوف" کا لفظ ترجمہ کے مناسب ہے ازواج مطہرات کے حجرے اطراف مسجد میں واقع تھے ایک مقام سے دوسرے مقام تک جانا خواہ بازار کا ہو یا محلہ کا حکماً یکساں ہیں جنبی اگر چل پھر سکتا ہے تو اندرون محلہ کی مشی اور بازار کی مشی میں کیا فرق ہے کہ ایک جائز ہو اور دوسری ممنوع پھر افعال میں صرف مشی کی اجازت ہو دیگر حوائج لاحقہ اور ضروریات وقتیہ کی اجازت نہ ہو اس پر کیا دلیل ہے اور جب تک دلیل خصوص قائم نہ ہو کسی فعل مباح کو اباحت کے دائرہ سے باہر کرنے کا حق کیا ہے۔ دوسری روایت میں فقلت لہ آہ کو دیکھیے ابوہریرہ نے اپنے راستہ سے چلے جانے کا عذر یہ پیش کیا تھا کہ میں اس وقت جنبی تھا حضور والا کی صحبت میں بیٹھنے کے قابل

نہ تھا آپ نے فرمایا کہ ابوہریرہ مسلمان جنبی ہوکر ناپاک نہیں ہوتا تعجب ہے کہ تم اب تک اس غلطی میں مبتلا ہو۔ تم نے یہ سمجھ لیا کہ جنبی ناپاک ہو جاتا ہے۔ یاد رکھو مسلمان کبھی بھی ناپاک نہیں ہوتا۔ جنابت ایک حکمی نجاست ہے جس کے اثرات محدود ہیں ان کے علاوہ جملہ امور میں جنبی اور غیر جنبی کے احکام یکساں ہیں ہمنشینی ہم کلامی مصافحہ معانقہ وغیرہ جس طرح قبل از جنابت مباح ہے بعد از جنابت بھی مباح ہی رہیگا جنابت سے ان میں کوئی تبدیلی نہیں واقع ہوتی۔

**باب کینونۃ الجنب فی البیت اذا توضاء** ۔ ابن ماجہ کی روایت ہے کہ جس مکان میں جنبی ہوتا ہے وہاں رحمت کا فرشتہ نہیں آتا۔ اس سے بحالت جنابت مکان میں ٹھہرنے کے متعلق ضیق معلوم ہوتا ہے بخاری اس کو رفع کرنا چاہتا ہے کہ بعد الوضو کینونۃ کا مضائقہ نہیں وہ روایت اگر صحیح ہو تو اس کا تعلق اُس جنبی کے ساتھ ہو گا جو ناپاک رہنے کا عادی ہو یا خواہ مخواہ تلطخ کی حالت میں پڑا رہے۔ حضرت عمر کی روایت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ہر شخص جنابت کی حالت میں وضو کر کے سو اور لیٹ سکتا ہے اس میں کوئی تنگی نہیں ۔۱۲

**باب الجنب یتوضأ ثم ینام** ۔ یہاں عنوان میں نوم کا مسئلہ رکھ دیا باب سابق میں عنوان کینونۃ الجنب فی البیت کا تھا کینونۃ کے معنے ہونا رہنا وہ حالت یقظہ اور نوم دونوں کو عام تھا یعنی جنبی وضو کر کے مکان میں چاہے سو رہے چاہے بیدار رہ کر اپنا کوئی کام کرتا رہے سب کچھ جائز ہے ۱۲ ہذا عندہما وعن ابی یوسف انہ لا باس بنوم الجنب من غیران یتوضأ ۱۲

**باب اذا التقی الختانان** وجب علیہما الغسل انزل اولم ینزل وقد کان فی المسئلۃ خلاف مشہور فارتفع ذالک بالاجماع فی خلافۃ الفاروق رضی اللہ عنہ

**باب غسل ما یصیب من رطوبۃ فرج المرأۃ** ای انہ لازم عین الاکسال و عدم الامناء واستدل علی نجاسۃ رطوبۃ فرجہا بقولہ فی الحدیث یغسل ما مس المرأۃ منہ وہو غیر لازم۔ ہمارے نزدیک رطوبت فرج مرأۃ طاہر ہے۔ در اصل دو رطوبتیں ہیں۔ ایک اندام نہانی کا پسینہ اور ایک رطوبت غلیظہ لزجہ جو جماع کے وقت بہتی ہے اس کو ہم بھی پاک نہیں کہتے اس میں اکثر و بیشتر

مذی کا اختلاط ہوتا ہے ۔ واللہ اعلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کتاب الحیض

وقول اللہ ویسئلونك عن المحیض الیٰ قولہ یحب المتطھرین ۔ کتاب الحیض کا متن نقل کر دیا۔ ابواب آتیہ اسی کی تفصیل اور تشریح سمجھیں۔ ہم نے "القول الفصیح" میں اس کا اشارہ کسی قدر وضاحت کے ساتھ کر دیا ہے۔ آیت کی تفسیر موضوع بیان سے خارج ہے اُسے دوسری کتابوں میں دیکھیں۔

**باب کیف کان بدء الحیض** آہ ۔ دنیا میں حیض کس طرح پہنچا اور اس کا آغاز کس زمانہ میں ہوا اور کن حالات میں ہوا۔ بخاری نے بتا دیا کہ اول اول حضرت حوا کو حیض ہوا تھا بنات آدم میں حضرت حوا بھی داخل ہیں۔ حاکم نے بسند صحیح ذکر کیا ہے۔ "انّ اول من حاضت کانت حوا، حین اخرجت من الجنۃ" اس سے زمان اور حال دونوں کا پتہ چل گیا۔ ایک دوسری روایت میں اس کا آغاز بنی اسرائیل کے عہد میں مذکور ہوا اسرائیلی عورتیں مسجد میں حاضر ہو کر مردوں کو جھانکتی تاکتی تھیں اس لیے اُن پر یہ مصیبت ڈالی گئی، ممکن ہے بنات آدم سے یہی اسرائیلی عورتیں مراد ہوں مگر بخاری کا فیصلہ اس کے خلاف ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں "قال ابو عبداللہ و حدیث النبی صلعم اکثر یعنی اکثر ثبوتا او اکثر قوۃ او اکثر روایۃ او اکثر بمعنی الشمل" واللہ اعلم ہو سکتا ہے کہ شروع حضرت حوا سے ہوا ہو اور اس میں اشتدادی کیفیت اسرائیلی دور سے پیدا کر دی گئی ہو۔

**باب الامر بالنفساء اذا نفسن** ۔ ہکذا فی روایۃ ابی ذر و ابی الوقت و فی اکثر الروایات ہذہ الترجمۃ ساقطۃ و المراد بالنفسا، الحائض یعنی حالت حیض میں عورت بالکل آزاد نہیں چھوڑی گئی ہے اس حالت میں بھی اُس سے اوامر کا تعلق ہے "فاقضی ما یقضی الحاج غیر ان لا تطوفی بالبیت حتی تطھری" سے ترجمہ ثابت ہے واللہ اعلم یعنی حالت حیض میں بھی بعض قربات ادا ہو سکتی ہیں ۱۲

**باب غسل الحائض راس زوجها وترجیلها** - حائضہ سے اس قسم کی خدمات لینا اعتزال مطلوب کے منافی نہیں یہاں روایت میں ترجیل کا ذکر ہے دوسرے طریق میں غسل بھی آیا ہے دونوں امر عند البخاری ثابت ہیں نیز ترجیل کے عمل میں بطور کنایہ غسل کا عمل بھی شامل ہو سکتا ہے یعنی ترجیل سے اصلاح شعر مراد ہو غسلاً و تسریحًا بلکہ عروہ تو اس روایت کی بنا پر حائضہ سے ہر قسم کا استخدام جائز فرماتے ہیں

**باب قراءة الرجل فی حجر امرأته وھی حائض** - یہ بھی ایک طرح کا استخدام ہے کہ حائضہ کی گود میں سر رکھ کر یا اس کے بدن سے سہارا دے کر قرآن عزیز کی تلاوت کی جائے اس سے قرب نجاست میں قراءة قرآن کا جواز نکالا جا سکتا ہے اس لحاظ سے اگر یہ کہہ دیا جائے کہ یہ باب آنے والے باب کی تمہید ہے جس میں حائضہ کے لیے قراءة قرآن کا جواز تبلایا گیا ہے تو بعید نہ ہوگا - ابو وائل کے اثر کی ترجمہ سے مناسبت اس طرح ہو سکتی ہے کہ جس طرح علاقہ کے ساتھ حمل مصحف میں براہ راست حائضہ اس کی حامل نہیں بلکہ وہ حامل علاقہ ہے اور علاقہ حامل مصحف کیونکہ مصحف سے مس علاقہ کا ہے نہ کہ حائضہ کا اور یہ جائز ہے اسی طرح قراءة فی حجر المرأة میں قراءة تو قاری کا فعل ہے اور قائم بالقاری ہے اور حائضہ حامل قاری ہے حامل قراءة یا حامل مصحف نہیں مگر یوں کہہ سکتے ہیں کہ حائضہ راس قاری کی حامل اور راس قاری قراءة کا حامل تو بالواسطہ حائضہ بھی حامل للقراءة ہو گئی واللہ اعلم

**باب من سمی النفاس حیضاً** - ترجمہ کا مقصد تو حیض اور نفاس کے احکام کا اشتراک ہے جس کو مؤلف ایک خاص انداز میں پیش کر رہا ہے کہ جگہ جگہ لسان شرع میں حیض پر نفاس کا اطلاق وارد ہوا ہے - اگر حیض و نفاس کے احکام باہم مختلف اور متغائر ہوتے تو تعبیر میں اس اختلاف کا لحاظ ضروری تھا تاکہ سامعین کے لیے مغالطہ کی صورت نہ پیدا ہوتی اور بات بھی یہی ہے کہ دم نفاس وہی حیض کا بچا کھچا خون ہے جو بچے کی غذا کی خاطر رحم میں روک دیا گیا تھا ولادت کے بعد اس کی ضرورت باقی نہ رہی لہذا بغرض استبرار رحم نے اس کو پھینکنا شروع کر دیا اس صورت میں

اس کے وہی احکام ہونے چاہییں جو دم حیض کے احکام ہیں یعنی جس طرح حائضہ نہ تلاوت قرآن کر سکتی ہے نہ مصحف کو ہاتھ لگا سکتی ہے نہ نماز پڑھ سکتی ہے نہ مسجد میں قدم رکھ سکتی ہے نہ طواف کر سکتی ہے نہ بزمانۂ حیض روزہ رکھ سکتی ہے نہ قربان زوج کر سکتی ہے۔ اسی طرح نفساء بھی ان تمام احکامات میں حائضہ کی شریک ہے۔ ام سلمہ کو حیض ہوا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے "حضت" کی جگہ "نفست" فرمایا معلوم ہوا کہ حیض پر نفاس کا اطلاق صحیح ہے۔ شارحین کہہ رہے ہیں کہ مقصد کے لحاظ سے ترجمہ کی صحیح تعبیر یوں ہونی چاہیے تھی کہ "من سمی الحیض نفاسًا" موجودہ تعبیر تو بالکل مقصود کا قلب ہے پھر اس کی تصحیح کے لیے بڑی عرق ریزی کی گئی ہے کوئی کہتا ہے کہ اس میں تقدیم وتاخیر ہے کوئی کہتا ہے اس میں صنعت قلب ملحوظ ہے جو بلاغت کا ایک بہترین شاہکار ہے کسی نے سمّی کو بمعنی اطلق لے کر رفع اشکال کا راستہ نکالا ابن رشد وغیرہ کا خیال ہے کہ بخاری نے قصدًا اس عنوان کو اختیار فرمایا ہے۔ کیونکہ اصل یہی ہے کہ دم خارج من الرحم کو نفاس کہا جائے خواہ عقیب ولادت کا خون ہو یا ماہواری کا معمولی خون۔ ماہواری خون پر حیض کا اطلاق یہ ثانوی اطلاق ہے (جو غالبًا امتیاز بین الدماء کی غرض سے اختیار کیا گیا ہے) چنانچہ نبی کریم صلعم نے دم حیض کو اس کے اصل نام سے موسوم فرمایا اور ام سلمہ نے واقعہ کی حکایت کرتے ہوئے اس کا خصوصی نام لے کر "حضت" کی تعبیر رکھی۔ علامہ عینی نے "باب من سمی" الخ کی توجیہ باب من ذکر النفاس حیضًا کے ساتھ فرمائی یعنی من ذکر النفاس وارادالحیض وکذا الکلام المذکور فی الحدیث لفظ نفاس والمراد حیض اگر قلب پر محمول کیا جائے تو نکتہ میں ابن رشد کی تحقیق آسکتی ہے نیز یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ عظمت نبوی کے پیش نظر انسب یہی تھا کہ تعبیر مصطفوی کو اصل کی حیثیت دی جائے اور ام سلمہ کی تعبیر کو فرع کے درجہ میں رکھا جائے یعنی کہنا تو یوں چاہیے ہیں کہ حیض پر نفاس کا تسمیہ کیا گیا مگر احترامًا تعبیر کو مقلوب کر دیا گیا۔ تقدیم تاخیر کی صورت میں مفعول اول کی نکارت موجب تردد ہو رہی ہے۔ ہمارے استاد مکرم حضرت علامہ شاہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے حاشیہ مغنی کے حوالہ سے اس کا جواز ثابت کر دیا۔ چنانچہ یہ شعر موجود ہے:-

کان سبیئۃ من بیت راس　　　یکون مزاجہا عسل و ماء

والحمد للہ علی ذلک۔

**باب مباشرة الحائض**۔ امام محمد اور امام احمد کے نزدیک شعار دم کو چھوڑ کر باقی تمام حصہ جسم کی مباشرت جائز ہے۔ شیخین امام شافعی امام مالک سُرہ لغایت رکبہ کی مباشرت کو حرام فرماتے ہیں حدیث میں بوقت مباشرت تہمد کی حیلولت ثابت ہے جس سے فقط مباشرت مافوق الازار کا ثبوت ہوتا ہے وہو مختار المؤلف رح۔ وذکر القرطبی عن مجاہد کانوا فی الجاہلیۃ یجتنبون النساء فی الحیض ویاتونہن فی ادبارہن فی مدتہ والنصاریٰ کانوا یجامعونہن فی فروجہن والیہود والمجوس کانوا یبالغون فی ہجرانہن وتجنبہن فیعتزلوہن بعد انقطاع الدم وارتفاعہ سبعۃ ایام ویزعمون ان ذلک فی کتابہم۔ عینی

**باب ترك الحائض الصوم** ای ترک التاخیر عن وقت الحیض مع لزوم القضاء بعد انقطاع الدم وارتفاعہ لا الترک بالمرۃ وفیہ خلاف الخوارج فانہم لا یرون ترک الصوم للحائض وہم محجوجون بالسنۃ القاطعۃ والاجماع ومن بعدہم وبخلافہم قلت ولذا اخص الترجمۃ بالصوم ولم یذکر الصلوٰۃ فیہا مع انہما مذکوران فی الحدیث وذالک ان ترک الصلوٰۃ لیس من باب ترک الصوم والفقہ فیہ ان الطہارۃ شرط فیہا لا فیہ فاحسن اعمال الرویۃ ۱۲

**باب تقضی الحائض المناسك كلها الا الطواف بالبیت**۔ ترجمہ کا مقصد اس امر کا اظہار ہے کہ حائضہ اور جنب کو قرآن پڑھنے کی اجازت ہے۔ ابراہیم نخعی نے حائضہ کی قراۃ کو لا باس فرمایا، ابن عباس نے جنبی کو قرأۃ کی اجازت دی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہر حالت میں ذکر فرماتے رہتے تھے خواہ جنابت ہی کی حالت ہوتی قرآن بھی ذکر ہی ہے ام عطیہ کے بیان کے مطابق حائضہ عورتوں کو مصلی کی حاضری کا حکم تھا تاکہ تکبیرات اور ادعیہ میں اُن کی شرکت رہے۔ ادعیہ میں آیات قرآنی کی دعائیں بھی شامل ہیں بلکہ عملاً انہی کو اختیار کیا جاتا تھا۔ ہرقل کے نام جو نامہ مبارک بھیجا گیا تھا اس میں بسم اللہ الرحمن الرحیم اور یا اھل الکتاب تعالوا الی کلمۃ آہ بھی مکتوب تھا۔ ہرقل کافر تھا اور کافر جنبی ہوتا ہے۔ ہرقل نے پڑھا بھی مس بھی کیا۔ ارسال نامہ کا منشا بھی یہی تھا کہ وہ پڑھے

پھر حائضہ وجنب میں فرق کیا ہے کہ اس کو تو مس کی بھی اجازت ہوا ور حائضہ کو قراءۃ سے بھی روکا جائے حضرت عائشہ نے بحکم نبوی تمام مناسک حج ادا کیے حائضہ تھیں صرف طواف بیت کو موخر رکھا گیا اور مناسک میں ادعیہ اور اذکار بھی آ گئے جنبی کو ذبح کی اجازت ہے حالانکہ ذبح پر بسم اللہ اللہ اکبر پڑھنا ضروری ہے۔ قرآن کا فیصلہ ہے لا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ جمہور کے پاس اپنے مسلک کے لیے مضبوط دلائل ہیں اور ان اقوال کے معقول جوابات مگر موضوع کتاب سے ان کا تعلق نہیں اس لیے ہم بھی اس کو یوں ہی چھوڑ کر آگے چلتے ہیں ۱۲

**باب الاستحاضۃ**۔ استحاضہ بیماری کا خون ہے جو فم رحم کی ایک رگ عاذل سے آتا ہے اس کے احکام حیض کے احکام سے بالکل مختلف ہیں اس کا حکم معذور جیسا ہے مستحاضہ عورت نماز بھی پڑھیگی روزہ بھی رکھیگی قربان بھی کریگی انما ذالک عرق ولیست بالحیضۃ سے حیض اور استحاضہ کی حالتوں کے اختلاف پر تنبیہ فرمادی دم حیض تو قعر رحم کا خون ہوتا ہے جو ایک نظام کے ساتھ خارج ہوتا رہتا ہے اس کا خروج صحت کی علامت ہے اختلال نظم سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ مزاج کا اعتدال قائم نہیں رہا اس کے انقطاع پر غسل دم اور غسل دونوں لازم اور اشد ضروری ہیں ۱۲

**باب غسل دم المحیض**[1]۔ ترجمہ کا منشا کیفیت غسل کا بیان کرنا ہے کہ دم حیض کے غسل میں ازالہ اثر کی پوری کوشش کی جائے۔ احادیث باب میں اس کا طریقہ مذکور ہے ۱۲

**باب الاعتکاف للمستحاضۃ**۔ مستحاضہ اعتکاف کرسکتی ہے۔ حافظ نے بروایت خالد حذاء عن عکرمہ نقلاً عن سنن سعید بن منصور ذکر فرمایا ہے ان ام سلمۃ کانت عاکفۃ وہی مستحاضۃ وربما جعلت الطست تحتہا ۱۲

**باب ہل تصلی المرأۃ فی ثوب حاضت فیہ**۔ غرض الباب جواز ذالک لمکان اعتیاد النساء قبل الاسلام بتبدیل الثیاب بعد انقطاع الحیض وکن یرین ذالک واجبا قالہ الشاہ ولی اللہ قدہ ومطابقۃ الحدیث لترجمۃ الباب علی ما افادہ العلامۃ العینی ان من لم یکن لہا الاثوب واحد تحیض فیہ لاشک انہا تصلی فیہ لکن تطہرہا یاہ دل علیہ قولہا فاذا اصابہ شئ من دم الخ۔ میرے خیال میں ترجمہ کا مقصد

[1] اجمعت الامۃ علی نجاستہ دم الحیض ولزوم غسلہا عن الثیاب والبدن ۱۲

طہارۃ عرق حائض ہے کیونکہ اگر حالت حیض کا پسینہ ناپاک ہوتا تو انقطاع دم کے بعد ہر صورت میں کپڑے کا غسل لابدی ہوتا آلودہ دم ہوتا یا نہ ہوتا حالانکہ حضرت عائشہ کا بیان ہے کہ آلودگی دم کی صورت میں صرف آلودہ حصہ کا غسل ہوتا تھا پورا کپڑا انہیں دھویا جاتا تھا۔ ابوداؤد میں اس سے زیادہ واضح بیان موجود ہے کہ حیض سے نمٹ کر کپڑا دیکھ لیا جاتا اگر کہیں داغ دھبہ ہوتا تو اس کو دھو ڈالتے ورنہ یوں ہی اس میں نماز پڑھ لیتے۔ واللہ اعلم۔

## باب الطيب للمرأة عند غسلها من المحيض۔ غسل حیض کے وقت خون کے

دھبوں پر خوشبو کا استعمال ہونا چاہیے تاکہ جلد کی بدرونقی اور سکڑن دور ہو کر شادابی اور رونق پیدا ہو جائے نیز دم حیض میں ایک ناگوار قسم کی بدبو ہوتی ہے مشک وغیرہ کے استعمال سے اس کا بھی ازالہ ہو جائیگا۔ بخاری نے اس کی ضرورت کو اس طرح ثابت کیا کہ حالت سوگ میں بھی اس کا لحاظ رکھا گیا ہے کہ حیض سے پاک ہونے کے بعد معتسلہ قسط وغیرہ مناسب حال خوشبو کا استعمال کرے خواہ پیس کر دھبوں پر لیپ کرے یا اظفار الطیب وغیرہ کا جسم کو بخور دے۔ حالانکہ بزمانہ احداد ہر قسم کی زینت حرام ہے اس سے معلوم ہوا کہ غسل حیض کے وقت خوشبو کا استعمال نہایت موکد اور ضروری امر ہے۔ واللہ اعلم

## باب دلك المرأة نفسها اذا تطهرت من المحيض وكيف تغتسل وتاخذ فرصة ممسكة فتتبع بها اثر الدم۔

حیض کا غسل کس طرح کیا جائے۔ یعنی دیگر غسلات سے غسل حیض کا امتیاز اور اس کی خصوصیات کیا ہیں، بتادیا کہ بدن کو خوب مل کر دھونا چاہیے اور محل دم اور اس کے اطراف میں خون کے نشانات پر مشک یا اور کوئی خوشبو ملنا چاہیے۔ تاخذ فرصة ممسكة یعنی اُون یا روئی کے پھویہ پر مشک لگا کر دھبوں پر رگڑ دیں۔ ترجمہ میں نفس سے (النفس الدم) دم بھی مراد ہو سکتا ہے یعنی آثار دم کو اچھی طرح رگڑ رگڑ کر صاف کیا جائے۔ پھر ان پر مشک وغیرہ مل دیا جائے۔ یہی اس غسل کی خصوصیت ہے یعنی کیف تغتسل الحائض وجوابہ انها تدلك من جسدها ما اصابه الدم وتاخذ فرصة ممسكة فتتبع بها آثار الدم حيثما ترى انه اصابها من جسدها اس تقدیر پر حدیث اور ترجمہ کی مطابقت ظاہر ہے کیونکہ تتبع آثار الدم کا منشا اُن کا ازالہ ہے جس کے لیے اول نمبر پر دلکہ اور دوسرے نمبر پر خوشبو کا

استعمال تجویز ہوا۔ دلک سے مادہ کا استیصال ہوگا اور خوشبو سے تبدیل صورت اور روائح کریہہ کا ازالہ واللہ اعلم۔ نفس کے دوسرے معنی جو عام طور پر اختیار کیے گئے ہیں وہ جسد کے ہیں یعنی دلک المرأۃ جسدہا عند غسلہا من المحیض۔ اس صورت میں مقصود بالترجمہ دلک کا مسئلہ ہوگا جو بظاہر حدیث باب میں مذکور نہیں۔ لیکن بطریق دلالۃ دلک کی ضرورت بھی اسی حدیث سے مفہوم ہو رہی ہے۔ ظاہر ہے کہ خوشبو کا استعمال اصل تنظیف سے زائد چیز ہے۔ جب یہ مطلوب اور مامور ہوا تو دلک جسد جس کے بغیر عادتاً جسم کی صفائی نہیں ہوتی بلکہ میلے جسم پر محض پانی بہانے سے اور اتساخ بڑھ جاتا ہے۔ غرض دلک جو اصل تنظیف کے لیے ضروری ہے بدرجہ اولی ضروری اور مطلوب ہوگا۔ یا یوں کہا جائے کہ بخاری نے حسب عادت حدیث کے دوسرے طرق کے لحاظ سے ترجمہ منعقد فرما کر اس طرف توجہ دلائی ہے۔ چنانچہ مسلم نے بروایۃ ابراہیم ابن مہاجر عن صفیہ عن عائشہ غسل کی کیفیت اس طرح نقل فرمائی ہے۔ تاخذ احدکن ماءہا وسدرہا فتطہر فتحسن الطہور ثم تصب علی راسہا فتدلکہ دلکا شدیدا حتی تبلغ شئون راسہا ثم تصب علیہا الما ثم تاخذ فرصۃ۔ الحدیث واللہ اعلم

**باب غسل المحیض**۔ ای غسل محل الدم او الغسل المختص للحیض فالاضافۃ لامیۃ کیفیت غسل سے اصل غسل کا ثبوت ظاہر ہے ۱۲

**باب امتشاط المرأۃ عند غسلہا من المحیض**۔ یعنی غسل حیض میں کنگھی سے الجھے ہوئے بالوں کا سلجھاؤ مطلوب ہے۔ مسلم کی روایت میں فاغتسلی ثم اہلی بالحج کی تصریح ہے ۱۲۔

دوسرے باب میں نقض المرأۃ شعرہا عند غسل المحیض ترجمہ رکھ کر اس پر تنبیہ فرما دی کہ غسل حیض میں نقض ضفائر کی ضرورت ہوگی۔ وبہ قال طاؤس۔ ابن عمر اور ابراہیم نخعی غسل جنابت میں بھی سر کھولنا ضروری سمجھتے ہیں۔ جمہور فقہاء اور ائمہ کا مذہب معروف ہے کہ نقض اور عدم نقض کا مدار بندھے سر میں شئون راس تک پانی کے پہنچنے نہ پہنچنے پر ہے۔ خواہ جنابت کا غسل ہو یا حیض کا کوئی فرق نہیں۔ ترجمہ میں غسل حیض کا مسئلہ رکھا ہے۔ حدیث میں امتشاط اور نقض راس کا حکم غسل احرام سے متعلق ہے مگر بخاری کہتا ہے کہ دونوں جگہ تنظیف کا مقصد مشترک ہے اور غسل حیض کو جو اہمیت حاصل ہے وہ

غسل احرام کو نہیں، یہاں نجاست غلیظہ کا ازالہ ہوتا ہے، وہاں محض تنظیف اور جسم کی ستھرائی۔ پھر غسل حیض فرض اور غسل احرام سنت ہے ان وجوہ سے یہ کہنا بالکل درست ہوگا کہ اگر غسل احرام میں نقض راس اور امتشاط شعر مطلوب ہے تو غسل حیض میں بدرجہ اولی مطلوب ہونا چاہیے۔

**باب مخلقۃ وغیر مخلقۃ**۔ حافظ فرماتے ہیں کہ مؤلف اس ٹکڑے کی تفسیر کرنا چاہتا ہے، بہت خوب۔ کتاب الحیض کی مناسبت درکار ہے اھ۔ اور ارشاد ہو۔ ابن بطال نے خوب سمجھا وہ فرماتے ہیں کہ بخاریؒ اس اختلافی مسئلہ کے متعلق کہ حاملہ کو حیض ہوسکتا ہے یا نہیں اپنا فیصلہ امام ابوحنیفہ کی موافقت میں دینا چاہتا ہے کہ تا بقار حمل حیض کا امکان نہیں۔ رحم کا منہ بند ہے، فرشتہ اس کی حفاظت پر مامور ہے، بحکم خداوندی تقلیبات کر رہا ہے۔ اگر نطفہ مخلقہ ہوتا ہے تو اس کو تقلیبات کی آخری حد تک پہنچا کر نفس منفوسہ بنا دیتا ہے، پھر مقررہ وقت پر اس کو باہر نکال دیتا ہے اور اگر وہ نطفہ قابل تخلیق نہیں ہوتا تو بحکم خداوندی اس کو بہا دیتا ہے اور رحم کا منہ کھل جاتا ہے۔ حیض کا خون قعر رحم کا خون ہے جو فم رحم کے مسدود ہونے سے اندر بند ہو جاتا ہے، قدرت اس سے تغذیہ جنین کا کام لیتی ہے بچا کھچا ولادت کے بعد نکال دیا جاتا ہے۔ مخلقہ وغیرہ مخلقہ میں اس کا اشارہ موجود ہے جس کو ایک حد تک حدیث میں کھولا گیا ہے۔ واللہ اعلم

**باب کیف تھل الحائض بالحج والعمرۃ**۔ یعنی غسل کرکے احرام باندھے یا بدون غسل کے جبکہ یہ امر ظاہر ہے کہ حیض کی گندگی قبل از انقطاع غسل سے زائل نہیں ہوسکتی۔ حدیث میں جواب موجود ہے کہ احرام کے لیے غسل کرنا ہوگا۔ اول تو اغتسلی کی صراحت دوسرے طرق میں موجود ہے۔ نہ ہو جب بھی نقض راس اور امتشاط شعر میں اس کا ثبوت کافی ہے۔ واللہ اعلم

**باب اقبال المحیض وادبارہ**۔ اس مقام پر بخاری کچھ صاف نہیں کہتے کہ مقصد کیا ہے مگر آثار سے جو بضمن ترجمہ مذکور ہیں یہ پتہ چلتا ہے کہ بخاری کے یہاں الوان کا تو اعتبار نہیں۔ پھر اقبال حیض وادبار حیض کا مدار عادت ہی پر ہوگا۔ یہی حنیفہ کا مختار ہے۔ عادت کے مطابق حیض کے ختم پر چونے جیسی سفید رطوبت خارج ہوتی ہے اسی کو حضرت عائشہ حتی ترین القصۃ البیضاء فرما رہی ہیں یا کنایۃ ہو

گدی کے صاف نکلنے سے۔ معلوم ہوا کہ رنگ کوئی بھی ہو، مگر ایام حیض میں اس کا شمار حیض ہی میں ہوگا۔
زید ابن ثابت کی صاحبزادی عورتوں کے اُس احمقانہ طریق عمل پر معترض ہیں جو شب میں اُٹھ اُٹھ کر بار بار
چراغ سے گدی دیکھنے کا جاری ہو گیا تھا۔ اول تو الوان خفیفہ اور بیاض کا چراغ کی روشنی میں امتیاز
مشکل۔ علاوہ بریں جس چیز کا شریعت نے مکلف نہیں کیا ہو اُس کو خواہ مخواہ اپنے سر لے لینا یہ کہاں کی
عقلمندی ہے یا اس کو قرین احتیاط کہنا کس حد تک درست ہو سکتا ہے۔ حدیث میں مستحاضہ سے جن
کو حیض اور استحاضہ کی حالت یکساں معلوم ہوتی تھی یہ ارشاد ہوا کہ حیض و استحاضہ بالکل دو جدا گانہ
حقیقت ہیں۔ حالت حیض میں ترک صلوٰۃ کا حکم ہے۔ پس حیض کی آمد پر نماز چھوڑ دو اور اس کے
ذہاب پر غسل کر کے نمازیں پڑھتی رہو۔ بظاہر معاملہ عادت پر چھوڑا گیا ہے۔ واللہ اعلم۔

**باب لا تقضی الحائض الصلوٰۃ** ۔ای تدعها فی ایام الحیض ولا تقضیها بعد
فاثبت باثری جابر وابی سعید الامر الاول وبالمسند الامر الثانی فثبتت الترجمۃ بجزئیها۔

**باب النوم مع الحائض وهی فی ثیابها** ۔یعنی حائضہ کے ساتھ سونا لیٹنا جائز ہو جبکہ
کپڑوں کے باعث ماتحت الازار کی مباشرت کا خطرہ نہ ہو۔ اس تقدیر پر ثیاب سے ثیاب ملبوس
مراد ہوئے اور حاصل ترجمہ یہ ہوا کہ برہنہ جسم حائضہ کے ساتھ لیٹنا جائز نہیں۔ اور حالت حیض کے مخصوص
کپڑے بھی مراد ہوتے ہیں یعنی گدی وغیرہ جو بیرونی جسم کی حفاظت کی خاطر اندام نہانی میں استعمال کی
جاتی ہیں۔ اس صورت میں کپڑوں کے ساتھ اور بھی حفاظت رہیگی۔!

**باب من اخذ ثیاب الحیض سوی ثیاب الطهر** ۔ای زائدا علی ثیاب ایام
الطهر من الخرق والحشا او تتخذ لباسا تستعمله فی ایام الحیض واذا جاء الطهر تلبس لباسا
اٰخر کانه یرید انه لا بأس بتعدد ملابس الحیض والطهر ولیس هذا من الاسراف فی شیٔ
والحدیث یحتمل المعنیین۔ والله اعلم۔

**باب شهود الحائض العیدین و دعوۃ المسلمین و یعتزل المصلی** ۔یعنی عیدین
کے موقعہ پر دعا میں شرکت کی غرض سے حائضہ عیدگاہ میں جائے تو نمازیوں سے الگ بیٹھے مصلی اور

غیر مصلی کا اختلاط اچھا نہیں۔

## باب اذا حاضت فی شہر ثلث حیض وما یصدق النساء فی الحیض و الحمل فیما من الحیض لقول اللہ تعالیٰ ولا یحل لہن ان یکتمن ما خلق اللہ فی ارحامہن

۔ ای ہو ممکن واذا ادعت المرأۃ ذالک تصدق فیہ والآیۃ دالۃ علی ان قولہا مقبول فیہ وجمیع تعالیق الباب دالۃ علی انہ لیس فی الحیض تحدید وانما ہو مفوض الی قول المرأۃ لکن فیما یمکن قالہ الشاہ ولی اللہ قدہ وقال العلامۃ السندھی و محل الاستدلال بالحدیث تفویض الایام الیہن من غیر تعیین واللہ اعلم

ایک مہینہ میں تین حیض ہولیں نہ عند الحنفیہ اس کا امکان ہے نہ عند الشوافع۔ حنفیہ کے نزدیک اقل مدت حیض تین دن ہیں۔ ان کے حساب سے انقضاء عدت کے لیے کم از کم انتالیس یوم ہونے چاہئیں نو دن تین حیض کے اور ایک ماہ دو طہروں کا اور شوافع کے نزدیک حیض کی اقل مدت ایک یوم ہے اور ہر دو حیض کے مابین پندرہ یوم کا فصل ضروری ہے اور چونکہ عدت میں اطہار کا اعتبار فرماتے ہیں لہذا بینتالیس یوم تین طہر کے اور دو یوم دو حیض کے ملاکر سینتالیس یوم ہوئے۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ آخر طہر میں طلاق ہو اس حساب سے دو طہر اور تین حیض کے لیے تینتیس ۳۳ دن کافی ہو سکتے ہیں ۱۲۔ البتہ امام مالک حیض کی توقیت نہیں فرماتے۔ ان کے طور پر ممکن ہے کہ ایک ماہ اور کچھ سویعات میں انقضاء عدت کا دعویٰ صحیح ہو سکے۔ قاضی شریح کے اثر میں حافظ نے بروایت ہشیم عن اسمٰعیل یہ الفاظ نقل کیے ہیں "حاضت فی شہر او خمسۃ وثلاثین" یعنی بخاری کی روایت میں راوی نے کسر چھوڑ دی ہے۔ عطاء فرماتے ہیں اقراء ہا ما کانت یعنی قبل التفریق فلا تصدق فی خلافہ قولہ وما یصدق النساء یعنی دربارہ حیض وحمل بشرط امکان صحت عورت کی بات مانی جائیگی کیونکہ بنص قرآنی کتمان حیض وحمل تو اس پر حرام ہوا۔ پھر اگر اس کا اظہار نامعتبر ہو تو اس کو اظہار حال پر مجبور کرنے کا فائدہ کیا ہوا۔ ہم نے ترجمہ کا مطلب بیان کر دیا۔ ابحاث شروح میں دیکھے جائیں۔

## باب الصفرۃ والکدرۃ فی غیر ایام الحیض

۔ ایام حیض میں صفرۃ اور کدرۃ کا کوئی فرق نہیں ان ایام کی ہر رنگین رطوبت حیض میں شمار ہوگی۔ سرخ ہو یا سیاہ، زرد ہو یا مٹیا، غرض تمیز الوان

کا انکار ہے۔ کنا لا نعد الصفرۃ والکدرۃ شیئاً غیر الحیض فی وقتہا او کنا لا نعد الصفرۃ والکدرۃ ولا نبالی بہا فی غیر او ان الحیض اما فی ایام الحیض فلا نغفل عنہا فانہا من الحیض۔ بخاری نے ترجمہ میں قید بڑھا کر ام عطیہ کے بیان کی شرح فرمادی جس سے اس احتمال کا سدباب ہوگیا کہ ہم صفرۃ اور کدرۃ کو حیض نہیں سمجھتے تھے بلکہ صرف سیاہ اور سُرخ رنگ کے خون کو حیض سمجھا کرتے تھے۔ اس طرح سے حضرت عائشہ اور ام عطیہ کے بیان اور فتویٰ کا اختلاف بھی رفع ہوگیا اور بات بھی صاف ہوگئی۔ وللہ در المؤلف حیث افاد و اجاد۔

**باب عرق الاستحاضۃ**۔ بکسر العین بمعنی رگ۔ یعنی استحاضہ بیماری کا خون ہے جس کا مادہ فم رحم کی ایک رگ میں مجتمع ہوتا ہے اس کا نام عاذل ہے شاہ صاحبؒ اپنے تراجم میں فرماتے ہیں۔ معناہ انما ذالک وجع ومرض فیہ واطلاق العرق وارادۃ المرض والوجع لان اجتماع الدم وفسادہ فیہ فہو غالبا یکون مسببا للوجع والمرض فعلی ہذا لا مخالفۃ بین الحدیث وبین ما قالہ الاطباء علی ان الاطباء ایضاً معترفون بان اکثر الامراض بل جلہا انما یکون من سوء مزاج فی العروق انتہی بعبارتہ الشریفۃ ۱۲

**باب المرأۃ تحیض بعد الافاضۃ**۔ طواف زیارۃ سے فراغت کے بعد حیض آنے پر طواف وداع کے لیے بانتظار طہر ٹھہرا رہنا ضروری نہیں کیونکہ حائضہ سے طواف وداع ساقط ہوجاتا ہے۔ مسئلہ اجماعی ہے۔

**باب اذا رأت المستحاضۃ الطہر**۔ مستحاضہ عورت جس وقت خون کا انقطاع دیکھے، فوراً غسل کرکے نماز پڑھے انتظار کی حاجت نہیں یعنی امکان عود کی بناء پر غسل میں قدرے توقف کرے اس کی ضرورت نہیں۔ ابن عباس فرماتے ہیں "تغتسل وتصلی ولو ساعۃ" پھر جب نماز جیسی عظیم الشان عبادت اس پر لازم ہوگئی تو قربان میں کیا رکھا ہے غرض قربان بھی حلال ہوگیا۔ جمہور فقہاء کا بھی مذہب ہے۔ حضرت عائشہ، ابراہیم نخعی، حکم، ابن سیرینؒ، زہری سے حل قربان کے مسئلہ میں خلاف منقول ہوا ہے واللہ اعلم۔ غالباً ابن عباس حل قربان کے لیے غسل کو ضروری سمجھتے ہیں۔ عند الاحناف بقدر غسل وقت کا گزر جانا بھی حلت کے لیے بس ہے۔ قولہ اذا صلت یعنی اذا ارادت الصلوٰۃ تغتسل

وتصلی ولیس لہ تعلق بقولہ ویاتیہا زوجہا افادہ العلامۃ العینی ۱۲ علامہ سندھی نے تبعًا للحافظ طہر کی تفسیر انقطاع حیض کے ساتھ کی ہے انقطاع دم کے ساتھ نہیں کی حدیث میں اذا ادبرت فاغسلی عنک الدم سے ترجمہ کا تعلق ہے۔ فا تعقیب مع الوصل کے لیے۔

**باب الصلوٰۃ علی النفساء وسنتہا**۔ ترجمہ میں دو چیزیں رکھی ہیں حالت نفاس میں انتقال کر جانے سے اس کا حق صلوٰۃ ساقط نہیں ہوتا۔ جنازہ پر نماز پڑھی جائیگی ممکن ہے کسی کو یہ خیال پیدا ہو کہ نفاس کی حالت میں مرنے سے نجاست کا استقرار ہو گیا، اب غسل سے بھی کوئی فائدہ نہیں۔ نماز کے لیے میت کی طہارت ضروری ہے۔ کیونکہ صلوٰۃ جنازہ میں مجنوز کی حیثیت امام صلوٰۃ کی ہوتی ہے جس کا طاہر ہونا از بس ضروری ہے یہ بھی ممکن ہے کہ نفساء کو حسب روایت والمرأۃ تموت بجمع شہید کی حیثیت دے کر نماز سے مستثنیٰ خیال کیا جائے، یا اس بنا پر معاملہ قابل تردد ہو کہ حالت نفاس حالت صلوٰۃ نہیں تو جنازہ پر نماز کیسی بہر حال بخاری نے ترجمہ رکھ کر یہ ثابت کر دیا کہ نفساء پر نماز پڑھی گئی ہے، پڑھی جائیگی۔ دوسری چیز جو ترجمہ میں مذکور ہے وہ یہ ہے کہ نفساء پر نماز پڑھنے کا طریق کیا ہوگا آیا وہی جو عام عورتوں کی نماز کا ہے کہ امام اس کے محاذ وسط میں کھڑا ہو یا اور کوئی مخصوص طریق ہے جس کے معلوم ہونے کی ضرورت ہے بخاری نے فقام وسطہا سے اتحاد طریق پر استدلال کیا علامہ سندھی باب الصلوٰۃ علی النفساء پر تحریر فرماتے ہیں "ای فہی طاہرۃ اذ المیت کالامام وکذا الحائض والمومن لا ینجس وایجاب الاغتسال وغیرہ تعبد محض واللہ تعالیٰ اعلم۔

باب کذا وقع فی روایۃ ابی ذر فہو اذاً کالفصل من الباب السابق ومناسبتہ لہ ان عین الحائض و النفساء طاہرۃ لان ثوب النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصیبہا اذا سجد وہی حائض ولا یضرہ ذالک قالہ الحافظ "حائضہ کے گندے جسم سے مصلی کے کپڑے کا مس ہو جانا نماز میں کوئی خلل نہیں پیدا کرتا اور نہ اس کا امام مصلی ہونا مظہر صلوٰۃ ہے تو نفساء کے امام مصلی ہونے سے نماز میں کیا نقصان ہوا جبکہ وہ نہائی ہوئی بھی ہے اور نمازی سے اتنے فاصلہ پر ہے کہ مصلی کا کپڑا اس کے بدن سے لگتا بھی نہیں نماز میں کیا نقصان پیدا ہو سکتا ہے یہ پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ نفساء اور حائضہ اکثر احکام میں ایک دوسرے

کی شریک ہیں۔ پس اگر جدید ترجمہ رکھنا ہو تو یوں کہہ سکتے ہیں کہ "باب الصلوٰۃ بقرب الحائض" یا "باب الصلوٰۃ خلف الحائض" یا "باب طہارۃ عین الحائض" واللہ اعلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کتاب التیمم

وقول اللہ تعالیٰ فلم تجدوا ماءً فتیمموا صعیدا طیبا فامسحوا بوجوھکم وایدیکم منہ یہ ٹکڑا سورۂ مائدہ کی آیت کا ہے مؤلف علام نے اسے اختیار فرما کر اس بارے میں اپنی تحقیق کا اظہار فرمادیا کہ واقعہ سقوط عقد میں جس آیت تیمم کا نزول ہوا ہے وہ سورہ مائدہ کی آیت ہے سورۂ نساء کی آیت نہیں۔ اگرچہ ایک جماعت نے اس بنا پر کہ سورہ مائدہ کی آیت معروف بآیت وضوء ہے اور سورۂ نساء کی آیت میں صرف تیمم ہی کا مسئلہ وارد ہوا ہے اس کو ترجیح دی ہے کہ اس واقعہ میں حضرت صدیقہ کی آیت تیمم سے مراد سورۂ نساء والی آیت ہے مگر بخاری کے پاس عمرو بن الحارث کی روایت موجود ہے جس میں صراحت کے ساتھ فرمایا گیا ہے۔ فنزلت یا ایھا الذین اٰمنوا اذا قمتم الی الصلوٰۃ الآیۃ یہ واقعہ غزوہ بنی المصطلق کا ہے (جس کو غزوہ مریسیع بھی کہتے ہیں) یا ذات الرقاع کا محدثین کو اس میں تردد ہے یہ یقینی امر ہے کہ تیمم کا نزول واقعہ اُفک کے بعد ہوا ہے۔ طبرانی نے بطریق عباد بن عبداللہ ابن الزبیر حضرت عائشہ سے یہ روایت اس طرح نقل فرمائی ہے۔ قالت لما کان من امر عقدی ما کان وقال اھل افک ما قالوا خرجت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی غزوۃ اخری فسقط ایضا عقدی حتی حبس الناس علی التماسہ فقال لی ابوبکر یا بنیۃ فی کل سفرۃ تکونین عناءً و بلاءً علی الناس فانزل اللہ عزوجل الرخصۃ فی التیمم فقال ابوبکر انک لمبارکۃ ثلاثا۔ مصنف ابن ابی شیبہ نے بروایت ابی ہریرہ یہ بتایا ہے کہ نزول تیمم کے وقت

ابوہریرہ موجود تھے فرماتے ہیں۔ "لما نزلت آیۃ التیمم لم ادرِ کیف اصنع" الحدیث۔ معلوم ہوا کہ نزول تیمم کا واقعہ
غزوہ مریسیع کا نہیں کیونکہ مریسیع کے متعلق ارباب سیر کا آخری قول شعبان ۶ھ کا ہے اور ابوہریرہ کی
آمد غزوہ خیبر کے بعد ہوئی ہے جس کا شمار ۷ھ کے غزوات میں ہے۔ پس ظاہر ہے کہ سقوط عقد کا یہ دوسرا
واقعہ جس میں آیت تیمم نازل ہوئی ہے ذات الرقاع میں ہوا۔ جو کہ حسب تحقیق مولف بعد از خیبر ہے۔
چنانچہ ابوموسیٰ کی ذات الرقاع میں شرکت سے اس کی مزید تائید ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔

**باب اذا لم یجد ماءً ولا ترابا۔** پانی کا بدل مٹی کو قرار دیا تھا لیکن جس شخص کو مٹی بھی دستیاب
نہ ہو وہ کیا کرے یعنی دربارہ صلوٰۃ فاقد الطہورین کا کیا حکم ہوگا۔ آیا اسی حالت میں نماز پڑھتا رہے یا تا
حصول احد الطہورین نماز کو موخر کرے۔ پھر وہ معذوری کی نماز ادا مانی جائیگی یا قدرۃ علی الطہور کے بعد
اس کا اعادہ لازم ہوگا۔ اس بارے میں ائمہ کی آراء مختلف ہیں۔ امام شافعی کی مختلف روایتوں میں ایک
روایت یہ بھی ہے کہ پڑھے اور قضا کرے۔ امام احمد نماز کا حکم دیتے ہیں اور اس کو مجزی اور کافی سمجھتے ہیں،
قضا نہیں کراتے۔ امام ابی حنیفہ فقد طہورین کی حالت میں صرف تشبہ بالمصلین کا امر فرماتے ہیں یعنی
نمازیوں کی طرح رکوع وسجود کرے لیکن قراءت نہ کرے پھر جب قدرت ہو اُن نمازوں کی قضا کرے۔ بخاری
کے انداز سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ امام احمد کی موافقت میں ہیں۔ دیکھیے تفتیش ہار کے سلسلہ میں
جو حضرات گئے ہوئے تھے اُنہوں نے بلا طہور نماز پڑھ لی۔ پانی تو تھا ہی نہیں اور مٹی کا عدم وجود
برابر تھا۔ کیونکہ اس وقت تک اس کے طہور ہونے کی کوئی اطلاع نہ تھی لہذا نماز بلا طہور ہوئی اور صحیح
ہوئی۔ ظاہر یہ ہے کہ نہ قضا کا حکم ہوا نہ اُن کے نماز بلا طہور پڑھنے پر انکار فرمایا۔ واعلم ان قولہ فصلوا بغیر وضوء لیس (کیونکہ)
حجۃ علی الحنفیۃ حیث لا یوجبون الاداء علی فاقد الطہورین فی الوقت ثم الاعادۃ کما ہو منصوص عن الشافعی
او الاداء بغیر اعادۃ کما ہو مذہب احمد بل یقولون بالتشبہ فی الوقت ووجوب القضاء بعدہ وذالک ان
ہذا واقعۃ حال لا عموم لہا بخلاف قولہ صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوٰۃ بغیر طہور فان ذالک ضابطۃ شرعیۃ وینذر
فقد الطہورین فلا یلزم قیاسہ علی نحو العجز عن القیام والستر وغیرہ ذالک واما التشبہ فقیاس علی الامساک فی
رمضان للحائض اذا طہرت والمسافر اذا قدم وعلی المضی علی افعال الحج اذا فسد وقیاس البخاری فاقد

الطهورين على فاقد الماء ... الصحابة الذين صلوا بغير وضوء غير لازم فان فقد الماء كثير وفقد الطهورين نادر ولا يلزم الحاق الاندر بالاكثر فاذن ليس عندهم نص ولا قياس قاله شيخنا العلامة الكشميري في بعض تعليقاته ۱۲

## باب التيمم في الحضر اذا لم يجد الماء وخاف فوت الصلوٰة وبه قال

عطاء اه. آیت میں تیمم کے ساتھ سفر کی قید لگی ہوئی ہے اس وجہ سے بعض حضرات حضر میں تیمم کی اجازت نہیں دیتے حنفیہ میں امام ابو یوسف کی طرف عدم جواز تیمم فی الحضر کا قول منسوب ہوا ہے اس کے خلاف بھی امام ابو یوسف کی ایک روایت دیکھی گئی ہے۔ عینی میں بحوالہ شرح اقطع یہ قول موجود ہے التاخیر عن ابی حنیفہ و یعقوب حتم جمہور فقد ماء کی صورت میں تیمم فی الحضر کو جائز فرماتے ہیں۔ اگرچہ حضر میں فقد ماء کی صورت شاذ و نادر ہی ہوتی ہے مگر پھر بھی تحقق ضرورت کی بنا پر اجازت دی گئی ہے البتہ حافظ نے امام شافعی سے وجوب اعادہ کا قول نقل کیا ہے امام مالک کے ایک قول میں اندرون وقت پانی ملنے پر اعادہ کا استحباب منقول ہے۔ بخاری حضر میں تیمم کی اجازت دیتے ہیں مگر آخر وقت میں۔ وبہ قال الشافی و مالک بیج فی الوسط۔ عندنا یستحب للراجی ان یؤخر التیمم الی حیث لا یفوت الصلوٰة وقیل التاخیر حتم وقدمر۔ مریض کے متعلق حسن بصریؒ کی یہ رائے ہے کہ جب تک استعمال ماء پر قدرت ہو تیمم نہ کرے ہاں جب یہ سمجھ لے کہ اب انتظار میں نماز فوت ہو جائیگی تو تیمم کر کے نماز پڑھے اُن کے نزدیک قدرت میں توسع ہے وہ قدرت بالغیر کا بھی اعتبار کرتے ہیں۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک مدار تکلف وہی قدرت ہے جو خود کو حاصل ہو۔ غالباً حسن کا قول "اذا لم یجد الماء" کی تشریح کے طور پر ذکر فرما دیا ہے یعنی فقد ماء عام ہے۔ حقیقی ہو یا حکمی مثلاً پانی تو موجود ہو مگر مستعمل مرض کے باعث اس کا استعمال نہ کر سکتا ہو یا کوئی دینے والا نہ ہو اور خود لے نہ سکتا ہو تو یہ شخص بھی فاقد ماء مانا جائیگا۔ ابن عمر نے مربد نعم میں تیمم سے عصر کی نماز پڑھی اور غروب سے قبل مدینہ طیبہ میں داخل ہو گئے۔ نماز کو لوٹایا نہیں۔ یہاں روایت میں اختصار ہو گیا ہے، دوسرے طرق میں تیمم کی تصریح ہے۔ مربد نعم مدینہ کے قریب ایک مقام ہے۔ دارقطنی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ دو یا تین میل کے فاصلہ پر ہے بعض کے نزدیک ایک میل کا فصل ذکر کیا ہے۔ بہرحال سفر نہ تھا رہی یہ بات کہ وقت کافی تھا مدینہ پہنچ کر ہی وضو سے نماز کیوں

نہ پڑھی۔ سوممکن ہے کہ مربدنعم میں کسی باعث ٹھہرنے کا خیال ہو اور یہ سمجھ رہے ہوں کہ ضرورت لاحقہ سے فراغت پراتنا وقت نہیں ملیگا کہ مدینہ پہنچ کر باوضو، نماز پڑھ سکیں لہذا تیمم سے نماز پڑھ کر اپنے کام میں لگ گئے ہوں پھر یا تو خلاف توقع جلد فراغت ہوگئی ہو یا نماز کے بعد خیال بدل گیا ہو بہرحال ان احتمالات کی موجودگی میں یہ اثر ترجمہ کے مخالف نہ ہوگا واللہ اعلم۔ ابوجہیم کے واقعہ کو اس طرح مناسبت ہے کہ آپ نے حضر میں تیمم سے جواب دیا کیونکہ وضو کرنے میں ان کی غیبوبۃ کا خطرہ تھا جس سے فوات جواب کا اندیشہ لاحق ہوگیا تھا۔ ظاہر ہے کہ فوات جواب کی نسبت فوات صلوٰۃ کا معاملہ کس قدر زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ رد سلام کے لیے طہارت کوئی ضروری امر نہیں غایت سے غایت مستحب ہے۔ جب ایک مستحب امر کی رعایت سے حضر میں پانی کے ہوتے ہوئے تیمم کی اجازت ہوئی تو درصورت فقد ما ایک نہایت ضروری امر کی رعایت سے تیمم کا جواز بالاولی ہونا چاہیے یعنی جب اقامت مستحب کے لیے حضر میں تیمم جائز ہوا تو اقامت فرض کی خاطر حضر میں تیمم کیوں نہ جائز ہوگا۔ یا یوں کہہ لیجیے کہ جب باندیشہ فوات جواب پانی کی موجودگی میں (عندوجود الماء) بھی حضر میں تیمم کیا جا سکتا ہے تو باندیشہ فوات صلوٰۃ عند فقد الماء، تیمم کے جواز بلکہ اُس کی ضرورت میں کیا شبہ ہوسکتا ہے وہاں مسلم کی غیبوبۃ تھی۔ یہاں وقت کا خروج وہاں فوات جواب کا اندیشہ تھا یہاں فوات صلوٰۃ کا خطرہ، دونوں حالتوں کا موازنہ کرکے عاقل خود فیصلہ کرلے کہ کس کی رعایت اہم ہے۔ ایک عمل طہارت پر موقوف ہے اور دوسرا عمل بلا طہارت بھی درست ہے۔ فتامل ۱۲۔

**باب المتیمم ھل ینفخ فیھما** ۔ مٹی پانی کا بدل ہے تو پانی کی طرح اس کا استعمال ہونا چاہیے اور تاوقتیکہ مٹی اعضاء تیمم پر نمایاں نہ ہو تیمم صحیح نہ مانا جاوے مگر چہرہ کو خاک آلودہ کرنا تشویہ وجہ اور صورت مثلہ ہے جو علاوہ بھبوت ملنے کی مشابہت کے نظافت اور طہارت کے بھی منافی معلوم ہوتا ہے بخاری نے ترجمہ منعقد فرما کر اس پر تنبیہ کردی کہ مقصود تعبد ہے تلوث نہیں مٹی پر ہاتھ مار کر پھونک سے جھاڑ دو پھر اس سے اعضاء کا مسح کرلو۔ شیخ المشائخ حضرت شاہ صاحب اپنے تراجم میں ارشاد فرماتے ہیں ای یستحب ذالک اذ تعلق بالاعضاء تراب کثیر تحرزا عن المثلہ انتہیٰ ۱۲

**باب التیمم للوجہ والکفین** ۔ وضوء کے اعضاء اربعہ میں سے صرف وجہ اور کفین کے ساتھ تیمم کا تعلق رکھا گیا ہے، راس اور رجل ساقط ہیں۔ حضرت شاہ صاحب اپنے تراجم میں ارشاد فرماتے ہیں۔ "مذہب المولف فی ہذہ المسئلۃ مثل ما یقولہ اصحاب الظواہر وبعض المجتہدین من ان التیمم للوجہ والکفین فقط ولا یلزم المسح الی المرفقین خلافاً للجمہور قلت المختار عندنا وعند الشافعی وکذا عند مالک وہو ظاہر الموطا ان التیمم الی المرفقین واجب وعند احمد الی الرسغین وعن ابی حنیفۃ مثلہ ذکرہ صاحب مراقی الفلاح" استدلال ظواہر الفاظ کی بنیاد پر کیا گیا ہے عند الجمہور وہ تنبیہ ہے تعلیم نہیں۔ واللہ اعلم

**باب الصعید الطیب وضوء المسلم یکفیہ من الماء** الخ۔ بخاری کا مطلب یہ ہے کہ تیمم طہارت مطلقہ ہے طہارت ضروریہ نہیں 'علیک بالصعید فانہ یکفیک' سے استدلال ہے ای یکفیک عن الماء ویغنی غناء الماء یعنی جس طرح عند وجود الماء وضوء کی طہارت کامل طہارت ہے ایک وضوء سے جب تک وہ باقی رہے ہر قسم کی نماز یں فرائض نوافل فوایت جائز اندرونِ وقت بیرون وقت ادا ہو سکتی ہیں۔ ہر فریضہ کے لیے جداگانہ وضوء کی حاجت نہیں خروج وقت سے تجدید وضوء لازم نہیں ٹھیک اسی طرح فقد ماء کی صورت میں تیمم کی طہارت کامل طہارت ہے اور تا حدوث نواقض پائندہ طہارت ہے، اس میں اور وضوء کی طہارت میں کوئی فرق نہیں۔ یہی ہمارا مذہب ہے۔ شوافع تیمم کو طہارت ضروریہ فرماتے ہیں، بخاری اس کو تسلیم نہیں کرتے۔ حسن کے قول کی مناسبت ظاہر ہے کہ حدث کو ناقض مانتے ہیں خروج وقت کو ناقض نہیں مانتے ابن عباس نے بحالت تیمم متوضئین کو نماز پڑھائی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابن عباس اور ان کے مقتدی وضوء اور تیمم کی طہارت میں کوئی فرق نہیں کرتے تھے، ورنہ قوی طہارت والے ضعیف الطہارت کی اقتداء کیوں کرتے۔ قاضی یحییٰ ابن سعید کے قول سے ایک دوسرے مسئلہ خلافیہ کی طرف اشارہ کر دیا کہ جنس ارض سے تیمم جائز ہے۔ حضرات شوافع کی تراب منبت اور غیر منبت کی تفصیل کو بخاری قبول نہیں کرتے۔ عند الاحناف بھی اس بارے میں کوئی فرق نہیں۔ واللہ اعلم۔

## باب اذا خاف الجنب علیٰ نفسہ المرض او الموت او خاف العطش تیمم

تیمم۔ قال الحافظ مرادہ الحاق خوف المرض وفیہ اختلاف بین الفقہاء بخوف العطش ولا اختلاف فیہ انتہیٰ مقام پر بخاری نے تین مسئلے رکھ دیے (۱) خوف مرض اس میں عند الجمہور تیمم للجنب کی اجازت ہے۔ عطاء ابن رباح اندیشہ مرض کی بناء پر تیمم کی اجازت نہیں دیتے، پانی موجود ہو نہ ہو سب برابر ہے طاؤس فقد ماء کی صورت میں اجازت دے رہے ہیں، صاحبین بھی عند وجود الماء منع فرماتے ہیں۔ زیادۃ مرض یا بطوء برء کا خطرہ عند الجمہور بحکم خوف مرض ہے خلافاً لاحمد وعن مالک مثلہ وروایۃ الجواز عنہ اصح۔ جس بیماری میں پانی کا استعمال مضر نہ ہو جیسے درد سر وغیرہ اس میں جمہور تیمم کو منع فرماتے ہیں۔ داؤد ظاہری اور ایک روایت میں امام مالک جواز کے قائل ہوئے ہیں۔ (۲) خوف موت یعنی جنبی کو غسل میں موت نظر آتی ہو خواہ بباعث شدت برد یا دوسرے اسباب کی بناء پر تو اس کے لیے بالاتفاق تیمم مشروع ہے دفی قاضی خاں الجنب الصحیح فی المصر اذا خاف الہلاک للبرد جاز لہ التیمم واما المسافر اذا خاف الہلاک من الاغتسال جاز لہ التیمم بالاتفاق واما المحدث فی المصر فاختلفوا فیہ علیٰ قول ابی حنیفہ فجوزہ شیخ الاسلام ولم یجوزہ الحلوانی (۳) خوف عطش یعنی پانی بھی ہو اور استعمال پر قدرت بھی ہو مگر غسل یا وضوء کے بعد دفع عطش کے لیے پانی نہیں بچتا تو ایسی حالت میں تیمم متعین ہوگا خواہ محدث ہو یا جنبی۔ بقدر ضرورت مسائل ترجمہ کی تشریح ہوگئی۔ امیر العسکر عمرو بن العاص کو ذات السلاسل میں جنابت لاحق ہوئی، سردی سخت تھی تیمم سے نماز پڑھا دی قوم نے امیر کے اس فعل کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا بارگاہ نبوی میں شکایت کر دی جواب طلب ہوا۔ آپ نے خوف ہلاکت کا عذر پیش کیا اور آیت ولا تقتلوا انفسکم الآیہ کو اپنے عمل کی بنیاد قرار دیا۔ آپ نے ہنس کر تائید فرمادی معاملہ ختم ہوگیا۔ ابو موسیٰ اور عبداللہ ابن مسعود کے مناظرہ نے اس حقیقت کو بے نقاب کر دیا کہ مانعین تیمم للجنب کا ہرگز یہ مقصد نہ تھا کہ وہ جنبی کو کسی بھی حالت میں تیمم کی اجازت نہیں دیتے بلکہ ان کا تمام تر تشدد حیل پر بندش لگانے کی غرض سے تھا جن کو عموماً حیلہ جو طبائع ایسے مواقع پر اپنی غلط روی یا بدعملی کے لیے بطور سپر استعمال کیا کرتی ہیں۔ ابن مسعود نے تو مصلحت

کا اظہار کرتے ہوئے مسئلہ میں موافقت کا اقرار کیا اور انداز مناظرہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ حضرت عمر کو بھی اپنا ہم خیال سمجھتے تھے واللہ اعلم۔ اس مناظرہ میں عبداللہ ابن مسعود کا یہ قول کہ لو رخصت لہم فی ھذا کان اذا وجد احدھم البرد قال ھکذا یعنی تیمم ترجمہ کے موافق ہے یعنی محض ٹھنڈ کے خیال سے تیمم کر لیا کریں گے حالانکہ اتنی بات جواز تیمم کے لیے کافی نہیں تاوقتیکہ اصابت برد سے ہلاکت کا اندیشہ یا کم از کم بیمار پڑجانے کا قوی خطرہ نہ ہو تیمم مباح ہوگا وہو المدعیٰ ۱۲

**باب التیمم ضربۃ** کانہ اختار مذہب احمد حیث رجح الضربۃ علی ضربتین او اراد کفایۃ الضربۃ عن الضربتین وہو روایۃ عن مالک وذہب ابوحنیفہ وصاحباہ ومالک فی روایۃ الموطا ان التیمم ضربتان ویمکن ان یراد بہ ان تیمم الجنب مثل تیمم الحدث فہو اذاً ضربۃ لا تمرغ فی التراب واللہ اعلم۔

**باب** مجرداً عن الترجمہ فی روایۃ الاکثرین ولیس بموجود فی روایۃ الاصیلی فعلی روایۃ ہو من جملۃ الترجمۃ الماضیۃ وعلی الاول ہو بمنزلۃ الفصل من الباب کنظائرہ حضرت شاہ صاحب ارشاد فرماتے ہیں فمناسبۃ حدیث الباب بترجمۃ الباب السابق باعتبار ان قولہ علیک بالصعید فانہ یکفیک کما انہ عام بالنسبۃ الی انواع الصعید کذلک لہ عموم بالنسبۃ الی کیفیۃ التیمم فیحتمل ان یکون بضربۃ او ضربتین فتامل۔ وعندی ان ترک الترجمۃ ہٰہنا من باب التشحیذ للاذہان والمناسب للمقام ان یترجم بقولہ باب الجنب اذ لم یجد ماءً تیمم وصلی وہذا خال عن التکلف ۱۲

الی ھٰہنا تمت ابواب الطہارۃ بعون اللہ وتوفیقہ ویتلوہ المجلد الثانی من کتاب الصلوٰۃ ان شاء اللہ تعالیٰ

# فہرس




ملنے کا پتہ

مولانا اختر اسلام صاحب. جامعہ قاسمیہ. مدرسہ شاہی. مراد آباد. یو.پی